www.KitaboSunnat.com

إِنَّ هَٰذَا الْقُرْآنَ يَقُصُّ عَلَىٰ بَنِي إِسْرَائِيلَ أَكْثَرَ الَّذِي هُمْ فِيهِ يَخْتَلِفُونَ ﴿76﴾

بے شک یہ قرآن بنی اسرائیل پر اکثر وہ باتیں بیان کرتا ہے جن میں وہ اختلاف کرتے ہیں ﴿76﴾

76. Verily, this Qur'ān narrates to the Children of Israel most of that in which they differ.

وَإِنَّهُ لَهُدًى وَرَحْمَةٌ لِلْمُؤْمِنِينَ ﴿77﴾

اور بلاشبہ یہ (قرآن) مومنوں کے لیے ہدایت اور رحمت ہے ﴿77﴾

77. And truly, it (this Qur'ān) is a guide and a mercy for the believers.

إِنَّ رَبَّكَ يَقْضِي بَيْنَهُمْ بِحُكْمِهِ ۚ وَهُوَ الْعَزِيزُ الْعَلِيمُ ﴿78﴾

بے شک آپ کا رب ان کے درمیان اپنے حکم سے فیصلہ کرے گا، اور وہ نہایت غالب ہے، بہت علم والا ہے ﴿78﴾

78. Verily, your Lord will decide between them (various sects) by His Judgement. And He is the All-Mighty, the All-Knowing.

فَتَوَكَّلْ عَلَى اللَّهِ ۖ إِنَّكَ عَلَى الْحَقِّ الْمُبِينِ ﴿79﴾

لہٰذا (اے نبی!) آپ اللہ پر توکل کریں، بلاشبہ آپ واضح حق پر ہیں ﴿79﴾

79. So, put your trust in Allāh; surely, you (O Muhammad ﷺ) are on manifest truth.

إِنَّكَ لَا تُسْمِعُ الْمَوْتَىٰ وَلَا تُسْمِعُ الصُّمَّ الدُّعَاءَ إِذَا وَلَّوْا مُدْبِرِينَ ﴿80﴾

آپ مُردوں کو نہیں سنا سکتے، اور نہ آپ بہروں کو (اپنی) پکار سنا سکتے ہیں، جبکہ وہ پیٹھ کے بل پھر جائیں ﴿80﴾

80. Verily, you cannot make the dead to hear nor can you make the deaf to hear the call (i.e. benefit them and similarly the disbelievers), when they flee, turning their backs.

وَمَا أَنْتَ بِهَادِي الْعُمْيِ عَنْ ضَلَالَتِهِمْ ۖ إِنْ تُسْمِعُ إِلَّا مَنْ يُؤْمِنُ بِآيَاتِنَا فَهُمْ مُسْلِمُونَ ﴿81﴾

اور نہ آپ اندھوں کو ان کی گمراہی سے راہِ ہدایت پر لا سکتے ہیں، آپ تو بس انھیں ہی سنا سکتے ہیں جو ہماری آیات پر ایمان لاتے ہیں، تو وہی فرماں بردار ہیں ﴿81﴾

81. Nor can you lead the blind out of their error. You can only make to hear those who believe in Our *Ayāt* (proofs, evidences, verses, lessons, signs, revelations, etc.), and who have submitted (themselves to Allāh in Islām as Muslims).

وَإِذَا وَقَعَ الْقَوْلُ عَلَيْهِمْ أَخْرَجْنَا لَهُمْ دَابَّةً مِنَ الْأَرْضِ تُكَلِّمُهُمْ أَنَّ النَّاسَ كَانُوا بِآيَاتِنَا لَا يُوقِنُونَ ﴿82﴾ ع

اور جب ان پر (قربِ قیامت کے وعدے کی) بات پوری ہو جائے گی تو ہم ان کے لیے زمین سے ایک جانور نکالیں گے، وہ ان سے کلام کرے گا کہ بے شک یہ لوگ ہماری آیات پر یقین نہیں رکھتے تھے① ﴿82﴾

82. And when the Word (of torment) is fulfilled against them, We shall bring out from the earth a beast[1] for them, to speak to them because mankind believed not with certainty in Our *Ayāt* (Verses of the Qur'ān and Prophet Muhammad ﷺ).

وَيَوْمَ نَحْشُرُ مِنْ كُلِّ أُمَّةٍ فَوْجًا مِمَّنْ يُكَذِّبُ بِآيَاتِنَا فَهُمْ يُوزَعُونَ ﴿83﴾

اور جس دن ہم ہر امت میں سے ایک گروہ اکٹھا کریں گے، جو ہماری آیات کو جھٹلاتے تھے، پھر ان کی درجہ بندی کی جائے گی ﴿83﴾

83. And (remember) the Day when We shall gather out of every nation a troop of those who denied Our *Ayāt* (proofs, evidences, verses, lessons, signs, revelations, etc.), and (then) they (all) shall be driven (to the place of reckoning),

---

[1] (V.27:82) See the footnote of (V.6:158).

① ملاحظہ ہو حاشیہ: (سورۂ انعام 6/158)

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

حَتّٰٓى اِذَا جَآءُوْ قَالَ اَكَذَّبْتُمْ بِاٰيٰتِيْ وَلَمْ تُحِيْطُوْا بِهَا عِلْمًا اَمَّاذَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿84﴾

حتی کہ جب وہ سب (میدان محشر میں) آ پہنچیں گے تو اللہ فرمائے گا: کیا تم نے میری آیات کو جھٹلایا تھا، جبکہ تم نے علم سے ان کا احاطہ نہ کیا تھا، یا تم کیا کرتے رہے تھے؟﴿84﴾

84. Till, when they come (before their Lord at the place of reckoning), He will say: "Did you deny My *Ayāt* (proofs, evidences, verses, lessons, signs, revelations, etc.) whereas you comprehended them not by knowledge (of their truth or falsehood), or what (else) was it that you used to do?"

وَوَقَعَ الْقَوْلُ عَلَيْهِمْ بِمَا ظَلَمُوْا فَهُمْ لَا يَنْطِقُوْنَ ﴿85﴾

اور ان کے ظلم کی وجہ سے ان پر (وعدۂ عذاب کی) بات پوری ہو جائے گی، تو وہ (کچھ بھی) نہیں بول سکیں گے﴿85﴾

85. And the Word (of torment) will be fulfilled against them, because they have done wrong, and they will be unable to speak (in order to defend themselves).

اَلَمْ يَرَوْا اَنَّا جَعَلْنَا الَّيْلَ لِيَسْكُنُوْا فِيْهِ وَالنَّهَارَ مُبْصِرًا ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿86﴾

کیا انھوں نے نہیں دیکھا کہ ہم نے رات بنائی، تاکہ وہ اس میں آرام و سکون کریں اور دن کو روشن (بنایا۔) بلاشبہ اس میں ان لوگوں کے لیے نشانیاں ہیں جو ایمان لاتے ہیں﴿86﴾

86. See they not that We have made the night for them to rest therein, and the day sight-giving? Verily, in this are *Ayāt* (proofs, evidences, verses, lessons, signs, revelations, etc.) for the people who believe.

وَيَوْمَ يُنْفَخُ فِي الصُّوْرِ فَفَزِعَ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَمَنْ فِي الْاَرْضِ اِلَّا مَنْ شَآءَ اللّٰهُ ؕ وَكُلٌّ اَتَوْهُ دٰخِرِيْنَ ﴿87﴾

اور جس دن صور میں پھونکا جائے گا تو جو کوئی آسمانوں میں ہے اور جو کوئی زمین میں ہے (سب) گھبرا جائیں گے، سوائے اس کے جسے اللہ چاہے، اور (یہ) سب عاجز ہو کر اللہ کے حضور جائیں گے﴿87﴾

87. And (remember) the Day on which the Trumpet will be blown — and all who are in the heavens and all who are on the earth, will be terrified except him whom Allāh will (exempt). And all shall come to Him, humbled.

وَتَرَى الْجِبَالَ تَحْسَبُهَا جَامِدَةً وَّهِيَ تَمُرُّ مَرَّ السَّحَابِ ؕ صُنْعَ اللّٰهِ الَّذِيْٓ اَتْقَنَ كُلَّ شَيْءٍ ؕ اِنَّهٗ خَبِيْرٌۢ بِمَا تَفْعَلُوْنَ ﴿88﴾

اور آپ پہاڑوں کو دیکھیں گے تو ان کو جامد (اپنی جگہ جمے ہوئے) سمجھیں گے، جبکہ وہ بادلوں کے چلنے کی طرح چل رہے ہوں گے، یہ اللہ کی کاریگری ہے جس نے ہر چیز کو پختہ اور مضبوط بنایا، بے شک وہ باخبر ہے اس سے جو تم کرتے ہو﴿88﴾

88. And you will see the mountains and think them solid, but they shall pass away as the passing away of the clouds. The Work of Allāh, Who perfected all things, verily, He is Well-Acquainted with what you do.

مَنْ جَآءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهٗ خَيْرٌ مِّنْهَا ۚ وَهُمْ مِّنْ فَزَعٍ يَّوْمَئِذٍ اٰمِنُوْنَ ﴿89﴾

جو شخص نیکی لائے گا، تو اس کے لیے اس سے زیادہ بہتر (بدلہ) ہوگا، اور وہ اس دن ہر گھبراہٹ سے بے خوف ہوں گے﴿89﴾

89. Whoever brings a good deed (i.e. belief in the Oneness of Allāh along with every deed of righteousness), will have better than its worth; and they will be safe from the terror on that Day.

وَمَنْ جَآءَ بِالسَّيِّئَةِ فَكُبَّتْ وُجُوْهُهُمْ فِي النَّارِ ؕ هَلْ تُجْزَوْنَ اِلَّا مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿90﴾

اور جو شخص برائی لائے گا تو ان کے منہ آگ میں اوندھے کر دیے جائیں گے (اور کہا جائے گا:) تم بس اسی کا بدلہ پاؤ گے جو تم عمل کرتے تھے﴿90﴾

90. And whoever brings an evil deed (i.e. *Shirk* — polytheism, disbelief in the Oneness of Allāh and every evil sinful deed), they will be cast down (prone) on their faces in the Fire. (And it

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

will be said to them) "Are you being recompensed anything except what you used to do?"

إِنَّمَآ أُمِرْتُ أَنْ أَعْبُدَ رَبَّ هَٰذِهِ ٱلْبَلْدَةِ ٱلَّذِى حَرَّمَهَا وَلَهُۥ كُلُّ شَىْءٍ ۖ وَأُمِرْتُ أَنْ أَكُونَ مِنَ ٱلْمُسْلِمِينَ ﴿٩١﴾

(آپ کہہ دیجیے:) بس مجھے تو حکم ہوا ہے کہ میں اس شہر (مکہ) کے رب کی عبادت کروں جس نے اسے حرمت بخشی ہے،① اور ہر شے اسی کے لیے ہے، اور مجھے حکم ہوا ہے کہ میں فرمانبرداروں میں سے ہو جاؤں ﴿٩١﴾

91. I (Muhammad ﷺ) have been commanded only to worship the Lord of this city (Makkah), Who has sanctified it and to Whom belongs everything. And I am commanded to be from among the Muslims (those who submit to Allāh in Islām).[1]

وَأَنْ أَتْلُوَا۟ ٱلْقُرْءَانَ ۖ فَمَنِ ٱهْتَدَىٰ فَإِنَّمَا يَهْتَدِى لِنَفْسِهِۦ ۖ وَمَن ضَلَّ فَقُلْ إِنَّمَآ أَنَا۠ مِنَ ٱلْمُنذِرِينَ ﴿٩٢﴾

اور یہ کہ میں قرآن پڑھوں، پھر جس نے ہدایت پائی تو بس وہ اپنی ہی ذات کے لیے ہدایت پاتا ہے، اور جو گمراہ ہوا تو آپ کہہ دیجیے: میں تو صرف ڈرانے والوں میں سے ہوں ﴿٩٢﴾

92. And that I should recite the Qur'ān, then whosoever receives guidance, receives it for the good of his ownself; and whosoever goes astray, say (to him): "I am only one of the warners."

وَقُلِ ٱلْحَمْدُ لِلَّهِ سَيُرِيكُمْ ءَايَٰتِهِۦ فَتَعْرِفُونَهَا ۚ وَمَا رَبُّكَ بِغَٰفِلٍ عَمَّا تَعْمَلُونَ ﴿٩٣﴾

اور کہہ دیجیے: تمام حمد اللہ ہی کے لیے ہے، وہ جلد ہی تمھیں اپنی نشانیاں دکھائے گا، پھر تم انھیں پہچان لو گے، اور جو کچھ تم عمل کرتے رہتے ہو آپ کا رب اس سے غافل نہیں ﴿٩٣﴾

93. And say [(O Muhammad ﷺ) to these polytheists and pagans]: "All praise and thanks are Allāh's. He will show you His *Ayāt* (signs, in yourselves, and in the universe or punishments), and you shall recognise them. And your Lord is not unaware of what you do."

آیاتها 88 (28) سُورَةُ الْقَصَصِ مَكِّيَّةٌ (49) رُكُوعَاتُهَا 9

سورۂ قصص

Sūrat Al-Qasas (The Narration) 28

بِسْمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحْمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ

اللہ کے نام سے (شروع) جو نہایت مہربان، بہت رحم کرنے والا ہے۔

In the Name of Allāh, the Most Gracious, the Most Merciful.

طسٓمٓ ﴿١﴾

طٰسٓمّٓ ①

1. *Tā-Sīn-Mīm*
[These letters are one of the miracles of the Qur'ān, and none but Allāh (Alone) knows their meanings.]

تِلْكَ ءَايَٰتُ ٱلْكِتَٰبِ ٱلْمُبِينِ ﴿٢﴾

یہ واضح کتاب کی آیات ہیں ②

2. These are the Verses of the manifest Book (that makes clear

---

[1] (V.27:91)
a) Narrated Ibn 'Abbās رضي الله عنهما: On the day of the conquest of Makkah, Allāh's Messenger ﷺ said: "Allāh has made this town a sanctuary. Its thorny bushes should not be cut, its game should not be chased, and its fallen things should not be picked up except by one who would announce them publicly." [*Sahih Al-Bukhari,* 2/1587 (O.P.657)]
b) See the footnote of (V.2:191).

① اس سے مراد ''مکہ'' شہر ہے۔ چنانچہ رسول اللہ ﷺ نے فتح مکہ کے دن فرمایا: ''اللہ نے اس شہر کو حرم (جائے امن) قرار دیا ہے اس کی کانٹے دار جھاڑیاں نہ کاٹی جائیں نہ وہاں کے شکاری جانور کا تعاقب کیا جائے اور کوئی اس کی (وہاں) گری پڑی اشیا نہ اٹھائے سوائے اس شخص کے جو اس کا اعلان کرے۔'' (صحیح البخاری، الحج، باب: 43، حدیث: 1587)
مزید ملاحظہ کریں حاشیہ: (سورۂ بقرہ: 2/191)

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

truth from falsehood, good from evil).

نَتْلُوْا عَلَيْكَ مِنْ نَّبَاِ مُوْسٰى وَفِرْعَوْنَ بِالْحَقِّ لِقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ③

ہم آپ کو موسیٰ اور فرعون کا کچھ حال ٹھیک ٹھیک سناتے ہیں، ان لوگوں کے لیے جو ایمان لاتے ہیں③

3. We recite to you some of the news of Mūsā (Moses) and Fir‘aun (Pharaoh) in truth, for a people who believe (in this Qur'ān, and in the Oneness of Allāh).

اِنَّ فِرْعَوْنَ عَلَا فِي الْاَرْضِ وَجَعَلَ اَهْلَهَا شِيَعًا يَّسْتَضْعِفُ طَآئِفَةً مِّنْهُمْ يُذَبِّحُ اَبْنَآءَهُمْ وَيَسْتَحْيٖ نِسَآءَهُمْ ۭ اِنَّهٗ كَانَ مِنَ الْمُفْسِدِيْنَ ④

بے شک فرعون نے زمین (مصر) میں سرکشی کی، اور اس نے اہل مصر کے کئی گروہ بنا دیے، ان میں سے ایک گروہ (بنی اسرائیل) کو اس نے ضعیف جان کر دبا رکھا تھا، وہ ان کے بیٹے ذبح کرتا اور ان کی بیٹیاں زندہ رکھتا، بلاشبہ وہ فسادیوں میں سے تھا④

4. Verily, Fir‘aun (Pharaoh) exalted himself in the land and made its people sects, weakening (oppressing) a group (i.e. Children of Israel) among them: killing their sons, and letting their females live. Verily, he was of the *Mufsidūn* (i.e. those who commit great sins and crimes, oppressors, tyrants).

وَنُرِيْدُ اَنْ نَّمُنَّ عَلَى الَّذِيْنَ اسْتُضْعِفُوْا فِي الْاَرْضِ وَنَجْعَلَهُمْ اَىِٕمَّةً وَّنَجْعَلَهُمُ الْوٰرِثِيْنَ ⑤

اور ہم چاہتے تھے کہ ان لوگوں پر احسان کریں جنھیں زمین میں ضعیف جان (کر دبا) لیا گیا تھا، اور انھیں پیشوا بنائیں، اور انھیں (ملک مصر کے) وارث بنائیں⑤

5. And We wished to do a favour to those who were weak (and oppressed) in the land, and to make them rulers and to make them the inheritors,

وَنُمَكِّنَ لَهُمْ فِي الْاَرْضِ وَنُرِيَ فِرْعَوْنَ وَهَامٰنَ وَجُنُوْدَهُمَا مِنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَحْذَرُوْنَ ⑥

اور (یہ کہ) ہم انھیں زمین (شام و فلسطین) میں اقتدار بخشیں، اور ہم فرعون اور ہامان اور ان دونوں کے لشکروں کو ان (کمزور لوگوں کے ہاتھوں) سے وہ چیز دکھائیں جس سے وہ ڈرتے تھے⑥

6. And to establish them in the land, and We let Fir‘aun (Pharaoh) and Hāmān and their hosts receive from them that which they feared.

وَاَوْحَيْنَآ اِلٰٓى اُمِّ مُوْسٰٓى اَنْ اَرْضِعِيْهِ ۚ فَاِذَا خِفْتِ عَلَيْهِ فَاَلْقِيْهِ فِي الْيَمِّ وَلَا تَخَافِيْ وَلَا تَحْزَنِيْ ۚ اِنَّا رَآدُّوْهُ اِلَيْكِ وَجَاعِلُوْهُ مِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ⑦

اور ہم نے موسیٰ کی ماں کو الہام کیا کہ تو اسے دودھ پلا، پھر جب تو اس کے بارے میں ڈرے تو اسے دریا میں ڈال دینا، اور نہ ڈرنا اور نہ غم کھانا، بے شک ہم اسے تیری طرف لوٹانے والے ہیں، اور اسے رسولوں میں سے بنانے والے ہیں⑦

7. And We inspired the mother of Mūsā (Moses) (telling): "Suckle him [Mūsā (Moses)], but when you fear for him, then cast him into the river and fear not, nor grieve. Verily, We shall bring him back to you, and shall make him one of (Our) Messengers." (*Tafsir Al-Qurtubi*)

فَالْتَقَطَهٗٓ اٰلُ فِرْعَوْنَ لِيَكُوْنَ لَهُمْ عَدُوًّا وَّحَزَنًا ۭ اِنَّ فِرْعَوْنَ وَهَامٰنَ وَجُنُوْدَهُمَا كَانُوْا خٰطِــِٕيْنَ ⑧

چنانچہ فرعون کے گھر والوں نے اسے (دریا سے) اٹھا لیا، تاکہ وہ ان کے لیے دشمن اور باعث غم بنے، بلاشبہ فرعون اور ہامان اور ان دونوں کے لشکر خطا کار تھے⑧

8. Then the household of Fir‘aun (Pharaoh) picked him up, that he might become for them an enemy and a (cause of) grief. Verily, Fir‘aun (Pharaoh), Hāmān and their hosts were sinners.

وَقَالَتِ امْرَاَتُ فِرْعَوْنَ قُرَّتُ عَيْنٍ لِّيْ وَلَكَ ۭ لَا تَقْتُلُوْهُ ڰ عَسٰٓى اَنْ يَّنْفَعَنَآ

اور فرعون کی بیوی نے کہا: (یہ تو) میرے لیے اور تیرے لیے آنکھوں کی ٹھنڈک ہے، اسے قتل نہ کرو، شاید یہ ہمیں نفع دے یا ہم اسے بیٹا بنالیں، اور وہ

9. And the wife of Fir‘aun (Pharaoh) said: "A comfort of the eye for me and for you. Kill him not, perhaps he may be of

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

اَوْ نَتَّخِذَهٗ وَلَدًا وَّهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿٩﴾

(انجام سے) بے خبر تھے ﴿٩﴾

benefit to us, or we may adopt him as a son." And they perceived not (the result of that).

وَاَصْبَحَ فُؤَادُ اُمِّ مُوْسٰى فٰرِغًا ؕ اِنْ كَادَتْ
لَتُبْدِيْ بِهٖ لَوْلَاۤ اَنْ رَّبَطْنَا عَلٰى قَلْبِهَا
لِتَكُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿١٠﴾

اور موسیٰ کی ماں کا دل (صبر وقرار سے) خالی ہوگیا، بے شک قریب تھا کہ وہ اسے ظاہر کر دیتی، اگر ہم نے اس کا دل مضبوط نہ کر دیا ہوتا، تاکہ وہ (ہمارے وعدے پر) یقین کرنے والوں میں سے ہو ﴿١٠﴾

10. And the heart of the mother of Mūsā (Moses) became empty [from every thought, except the thought of Mūsā (Moses)]. She was very near to disclose his case (i.e. the child is her son), had We not strengthened her heart (with Faith), so that she might remain as one of the believers.

وَقَالَتْ لِاُخْتِهٖ قُصِّيْهِ ؗ فَبَصُرَتْ بِهٖ
عَنْ جُنُبٍ وَّهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿١١﴾

اور موسیٰ کی ماں نے اس کی بہن سے کہا: تو اس کے پیچھے پیچھے جا، پھر وہ (گئی تو) اسے دور سے دیکھتی رہی، جبکہ وہ (فرعونی) بے خبر تھے ﴿١١﴾

11. And she said to his [Mūsā's (Moses)] sister: "Follow him." So she (his sister) watched him from a far place secretly, while they perceived not.

وَحَرَّمْنَا عَلَيْهِ الْمَرَاضِعَ مِنْ قَبْلُ فَقَالَتْ
هَلْ اَدُلُّكُمْ عَلٰۤى اَهْلِ بَيْتٍ يَّكْفُلُوْنَهٗ لَكُمْ
وَهُمْ لَهٗ نٰصِحُوْنَ ﴿١٢﴾

اور ہم نے موسیٰ پر دائیوں (کے دودھ) کو پہلے ہی سے حرام کر دیا تھا، پھر موسیٰ کی بہن نے کہا: کیا میں تمھیں ایک گھر والے کا بتاؤں جو تمھارے لیے اس کی پرورش کریں اور وہ اس کے خیر خواہ بھی ہوں؟ ﴿١٢﴾

12. And We had already forbidden (other) foster suckling mothers for him, until she (his sister came up and) said: "Shall I direct you to a household who will rear him for you, and look after him in a good manner?"

فَرَدَدْنٰهُ اِلٰۤى اُمِّهٖ كَيْ تَقَرَّ عَيْنُهَا وَلَا تَحْزَنَ
وَلِتَعْلَمَ اَنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ وَّلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ
ع لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿١٣﴾

چنانچہ ہم نے اسے اس کی ماں کے پاس لوٹا دیا، تاکہ اس کی آنکھیں ٹھنڈی ہوں اور وہ غم نہ کھائے اور تاکہ وہ جان لے کہ بے شک اللہ کا وعدہ سچا ہے اور لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے ﴿١٣﴾

13. So did We restore him to his mother, that her eye might be comforted, and that she might not grieve, and that she might know that the Promise of Allāh is true. But most of them know not.

وَلَمَّا بَلَغَ اَشُدَّهٗ وَاسْتَوٰۤى اٰتَيْنٰهُ حُكْمًا
وَّعِلْمًا ؕ وَكَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ ﴿١٤﴾

اور جب وہ (موسیٰ) اپنی جوانی کو پہنچا اور (عقل وشعور میں کامل اور) پورا طاقتور ہوگیا تو ہم نے اسے قوت فیصلہ اور علم دیا، اور ہم نیکی کرنے والوں کو اسی طرح جزا دیتے ہیں ﴿١٤﴾

14. And when he attained his full strength, and was perfect (in manhood), We bestowed on him *Hukm* (Prophethood, and right judgement of the affairs) and religious knowledge [of the religion of his forefathers, i.e. Islāmic Monotheism]. And thus do We reward the *Muhsinūn* (i.e. good doers. See the footnote of V.9:120).

وَدَخَلَ الْمَدِيْنَةَ عَلٰى حِيْنِ غَفْلَةٍ مِّنْ
اَهْلِهَا فَوَجَدَ فِيْهَا رَجُلَيْنِ يَقْتَتِلٰنِ ۫
هٰذَا مِنْ شِيْعَتِهٖ وَهٰذَا مِنْ عَدُوِّهٖ ۚ
فَاسْتَغَاثَهُ الَّذِيْ مِنْ شِيْعَتِهٖ عَلَى

اور وہ شہر میں ایسے وقت داخل ہوا جبکہ اہل شہر غفلت میں تھے، پھر اس نے شہر میں دو آدمیوں کو باہم لڑتے پایا، یہ (ایک تو) اس کے اپنے گروہ میں سے تھا اور یہ (دوسرا) اس کے دشمنوں میں سے تھا، پھر جو اس

15. And he entered the city at a time of unawareness of its people: and he found there two men fighting, — one of his party (his religion — from the Children of Israel), and the other of his

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

الَّذِي مِنْ عَدُوِّهٖ ۙ فَوَكَزَهٗ مُوْسٰى فَقَضٰى
عَلَيْهِ ۫ قَالَ هٰذَا مِنْ عَمَلِ الشَّيْطٰنِ ؕ اِنَّهٗ
عَدُوٌّ مُّضِلٌّ مُّبِيْنٌ ⑮

کے اپنے گروہ میں سے تھا اس نے موسیٰ سے اس
شخص کے خلاف مدد مانگی جو اس کے دشمنوں میں
سے تھا، چنانچہ موسیٰ نے اسے گھونسا مارا تو اس کا کام
تمام کر دیا (پھر) کہا: یہ (قتل) شیطان کا عمل ہے،
بلاشبہ وہ گمراہ کرنے والا کھلم کھلا دشمن ہے⑮

foes. The man of his (own) party asked him for help against his foe, so Mūsā (Moses) struck him with his fist and killed him. He said: "This is of *Shaitān*'s (Satan's) doing, verily, he is a plain misleading enemy."

قَالَ رَبِّ اِنِّيْ ظَلَمْتُ نَفْسِيْ فَاغْفِرْ لِيْ
فَغَفَرَ لَهٗ ؕ اِنَّهٗ هُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ⑯

موسیٰ نے کہا: اے میرے رب! بے شک میں نے
اپنی جان پر ظلم کیا ہے، لہٰذا تو میری مغفرت فرما،
چنانچہ اللہ نے اسے بخش دیا، بلاشبہ وہ بہت بخشنے
والا، نہایت رحم کرنے والا ہے⑯

16. He said: "My Lord! Verily, I have wronged myself, so forgive me." Then He forgave him. Verily, He is the Oft-Forgiving, the Most Merciful.

قَالَ رَبِّ بِمَاۤ اَنْعَمْتَ عَلَيَّ فَلَنْ اَكُوْنَ
ظَهِيْرًا لِّلْمُجْرِمِيْنَ ⑰

موسیٰ نے کہا: اے میرے رب! چونکہ تو نے مجھ پر
انعام کیا ہے، لہٰذا میں مجرموں کا مددگار ہرگز نہیں
بنوں گا⑰

17. He said: "My Lord! For that with which You have favoured me, I will nevermore be a helper of the *Mujrimūn* (criminals, disbelievers, polytheists, sinners)!"

فَاَصْبَحَ فِي الْمَدِيْنَةِ خَآئِفًا يَّتَرَقَّبُ
فَاِذَا الَّذِي اسْتَنْصَرَهٗ بِالْاَمْسِ
يَسْتَصْرِخُهٗ ؕ قَالَ لَهٗ مُوْسٰۤى اِنَّكَ لَغَوِيٌّ
مُّبِيْنٌ ⑱

پھر موسیٰ نے شہر میں ڈرتے ڈرتے (ہر طرف سے
خطرے کے) انتظار میں صبح کی، تو اچانک (دیکھا کہ)
وہ شخص جس نے کل اس سے مدد مانگی تھی، اسے مدد
کے لیے پکار رہا ہے، موسیٰ نے اس سے کہا: بلاشبہ
تو تو صاف گمراہ شخص ہے⑱

18. So he became afraid, looking about in the city (waiting as to what will be the result of his crime of killing), when behold, the man who had sought his help the day before, called for his help (again). Mūsā (Moses) said to him: "Verily, you are a plain misleader!"

فَلَمَّاۤ اَنْ اَرَادَ اَنْ يَّبْطِشَ بِالَّذِيْ هُوَ
عَدُوٌّ لَّهُمَا ۙ قَالَ يٰمُوْسٰۤى اَتُرِيْدُ اَنْ
تَقْتُلَنِيْ كَمَا قَتَلْتَ نَفْسًۢا بِالْاَمْسِ ۖ اِنْ
تُرِيْدُ اِلَّاۤ اَنْ تَكُوْنَ جَبَّارًا فِي الْاَرْضِ
وَمَا تُرِيْدُ اَنْ تَكُوْنَ مِنَ الْمُصْلِحِيْنَ ⑲

پھر جب موسیٰ نے ارادہ کیا کہ اس شخص کو پکڑے جو
ان دونوں کا دشمن تھا تو وہ (اسرائیلی) بول اُٹھا: اے
موسیٰ: کیا تو مجھے بھی قتل کرنا چاہتا ہے جیسے تو نے کل
ایک شخص کو قتل کر دیا تھا، تو یہی چاہتا ہے کہ زمین میں
بڑا متکبر و سرکش ہو، اور تو نہیں چاہتا کہ تو اصلاح
کرنے والوں میں سے ہو⑲

19. Then when he decided to seize the man who was an enemy to both of them, the man said: "O Mūsā (Moses)! Is it your intention to kill me as you killed a man yesterday? Your aim is nothing but to become a tyrant in the land, and not to be one of those who do right."

وَجَآءَ رَجُلٌ مِّنْ اَقْصَا الْمَدِيْنَةِ يَسْعٰى ۫
قَالَ يٰمُوْسٰۤى اِنَّ الْمَلَاَ يَاْتَمِرُوْنَ بِكَ
لِيَقْتُلُوْكَ فَاخْرُجْ اِنِّيْ لَكَ مِنَ
النّٰصِحِيْنَ ⑳

اور شہر کے پرلے کنارے سے ایک شخص دوڑتا آیا
(اور) اس نے کہا: اے موسیٰ! بلاشبہ سردار تیرے
خلاف مشورہ کر رہے ہیں کہ تجھے قتل کر ڈالیں، لہٰذا
تو نکل جا، بے شک میں تیرے خیر خواہوں میں
سے ہوں⑳

20. And there came a man running, from the farthest end of the city. He said: "O Mūsā (Moses)! Verily, the chiefs are taking counsel together about you, to kill you, so escape. Truly, I am one of the good advisers to you."

فَخَرَجَ مِنْهَا خَآئِفًا يَّتَرَقَّبُ ۫ قَالَ رَبِّ
ع نَجِّنِيْ مِنَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ㉑
2
8
5

تو موسیٰ اس شہر سے ڈرتے سہمتے، (پکڑے جانے
کے) انتظار میں نکلا، (اور) اس نے کہا: اے میرے

21. So he escaped from there, looking about in a state of fear. He said: "My Lord! Save me

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

رب! تو مجھے ظالم قوم سے نجات دے (21)

from the people who are *Zālimūn* (polytheists and wrong doers)!"

وَلَمَّا تَوَجَّهَ تِلْقَآءَ مَدْيَنَ قَالَ عَسٰى رَبِّيْٓ اَنْ يَّهْدِيَنِيْ سَوَآءَ السَّبِيْلِ (22)

اور جب اس نے مدین کا رخ کیا تو کہا: امید ہے کہ میرا رب مجھے سیدھی راہ کی ہدایت دے گا (22)

22. And when he went towards (the land of) Madyan (Midian), he said: "It may be that my Lord guides me to the Right Way."

وَلَمَّا وَرَدَ مَآءَ مَدْيَنَ وَجَدَ عَلَيْهِ اُمَّةً مِّنَ النَّاسِ يَسْقُوْنَ ۥ وَوَجَدَ مِنْ دُوْنِهِمُ امْرَاَتَيْنِ تَذُوْدٰنِ ۚ قَالَ مَا خَطْبُكُمَا ۭ قَالَتَا لَا نَسْقِيْ حَتّٰى يُصْدِرَ الرِّعَآءُ ۫ وَاَبُوْنَا شَيْخٌ كَبِيْرٌ (23)

اور جب وہ مدین کے پانی (کنویں) پر پہنچا تو اس پر اس نے لوگوں کا ایک گروہ پایا، وہ (اپنے مویشیوں کو) پانی پلا رہے تھے، اور ان کے علاوہ دو عورتوں کو دیکھا جو (اپنے جانور) روک رہی ہیں، موسیٰ نے کہا: تمھارا کیا معاملہ ہے؟ ان دونوں نے کہا: ہم پانی نہیں پلاتیں، حتیٰ کہ چرواہے (پانی پلا کر اپنے مویشی) واپس لے جائیں، جبکہ ہمارا باپ بڑی عمر کا بوڑھا ہے (23)

23. And when he arrived at the water (a well) of Madyan (Midian), he found there a group of men watering (their flocks), and besides them he found two women who were keeping back (their flocks). He said: "What is the matter with you?" They said: "We cannot water (our flocks) until the shepherds take (their flocks). And our father is a very old man."

فَسَقٰى لَهُمَا ثُمَّ تَوَلّٰٓى اِلَى الظِّلِّ فَقَالَ رَبِّ اِنِّيْ لِمَآ اَنْزَلْتَ اِلَيَّ مِنْ خَيْرٍ فَقِيْرٌ (24)

چنانچہ اس نے ان دونوں کی خاطر پانی پلایا، پھر وہ (پیچھے) سائے کی طرف ہٹ آیا، اور کہا: اے میرے رب! بے شک تو میری طرف جو بھی خیر نازل کرے، میں اس کا محتاج ہوں (24)

24. So he watered (their flocks) for them, then he turned back to shade, and said: "My Lord! Truly, I am in need of whatever good that You bestow on me!"

فَجَآءَتْهُ اِحْدٰىهُمَا تَمْشِيْ عَلَى اسْتِحْيَآءٍ ۡ قَالَتْ اِنَّ اَبِيْ يَدْعُوْكَ لِيَجْزِيَكَ اَجْرَ مَا سَقَيْتَ لَنَا ۭ فَلَمَّا جَآءَهٗ وَقَصَّ عَلَيْهِ الْقَصَصَ ۙ قَالَ لَا تَخَفْ ۫ نَجَوْتَ مِنَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ (25)

پھر ان دونوں میں سے ایک (لڑکی) شرم و حیا سے چلتی اس کے پاس آئی، اس نے کہا: بے شک میرے والد تجھے بلاتے ہیں تاکہ وہ تجھے اس کی مزدوری دیں جو تو نے ہماری خاطر پانی پلایا ہے، پھر جب موسیٰ اس کے پاس آیا اور اسے سارا قصہ سنایا تو اس نے کہا: تو مت ڈر، تو نے اس ظالم قوم سے نجات پالی ہے (25)

25. Then there came to him one of the two women, walking shyly. She said: "Verily, my father calls you that he may reward you for having watered (our flocks) for us." So when he came to him and narrated the story, he said: "Fear you not. You have escaped from the people who are *Zālimūn* (polytheists, disbelievers, and wrong doers)."

قَالَتْ اِحْدٰىهُمَا يٰٓاَبَتِ اسْتَاْجِرْهُ ۡ اِنَّ خَيْرَ مَنِ اسْتَاْجَرْتَ الْقَوِيُّ الْاَمِيْنُ (26)

ان دونوں میں سے ایک (لڑکی) نے کہا: اے ابا جان! اسے نوکر رکھ لیجیے، بلاشبہ بہترین شخص، جسے آپ ملازم رکھیں، وہی ہو سکتا ہے جو طاقتور ہو، امانت دار ہو (26)

26. And said one of them (the two women): "O my father! Hire him! Verily, the best of men for you to hire is the strong, the trustworthy."

قَالَ اِنِّيْٓ اُرِيْدُ اَنْ اُنْكِحَكَ اِحْدَى ابْنَتَيَّ هٰتَيْنِ عَلٰٓي اَنْ تَاْجُرَنِيْ ثَمٰنِيَ حِجَجٍ ۚ فَاِنْ اَتْمَمْتَ عَشْرًا فَمِنْ عِنْدِكَ ۚ وَمَآ اُرِيْدُ اَنْ اَشُقَّ عَلَيْكَ ۭ سَتَجِدُنِيْٓ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ مِنَ الصّٰلِحِيْنَ (27)

اس نے (موسیٰ سے) کہا: میں چاہتا ہوں کہ اپنی ان دونوں بیٹیوں میں سے ایک کا نکاح تجھ سے اس شرط پر کر دوں کہ تو آٹھ سال میری نوکری کرے، پھر اگر تو دس سال پورے کرے تو تیری طرف سے ہوگا، اور میں نہیں چاہتا کہ تجھ پر سختی کروں، ان شاء اللہ یقیناً تو مجھے نیک لوگوں میں سے پائے گا (27)

27. He said: "I intend to wed one of these two daughters of mine to you, on condition that you serve me for eight years; but if you complete ten years, it will be (a favour) from you. But I intend not to place you under a difficulty. If Allāh wills, you will find me one of the righteous."

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

قَالَ ذٰلِكَ بَيۡنِىۡ وَبَيۡنَكَ ؕ اَيَّمَا الۡاَجَلَيۡنِ قَضَيۡتُ فَلَا عُدۡوَانَ عَلَىَّ ؕ وَاللّٰهُ عَلٰى مَا نَقُوۡلُ وَكِيۡلٌ ﴿28﴾ ع 3 7 6

موسیٰ نے کہا: یہ میرے اور آپ کے درمیان (معاہدہ) ہے، میں دو مدتوں میں سے جو بھی پوری کرلوں تو (اس کے بعد) مجھ پر کوئی زیادتی نہ ہو، اور جو کچھ ہم کہہ رہے ہیں اس پر اللہ گواہ ونگہبان ہے ﴿28﴾

28. He [Mūsā (Moses)] said: "That (is settled) between me and you: whichever of the two terms I fulfil, there will be no injustice to me, and Allāh is Surety over what we say."

فَلَمَّا قَضٰى مُوۡسَى الۡاَجَلَ وَسَارَ بِاَهۡلِهٖۤ اٰنَسَ مِنۡ جَانِبِ الطُّوۡرِ نَارًا ۚ قَالَ لِاَهۡلِهِ امۡكُثُوۡۤا اِنِّىۡۤ اٰنَسۡتُ نَارًا لَّعَلِّىۡۤ اٰتِيۡكُمۡ مِّنۡهَا بِخَبَرٍ اَوۡ جَذۡوَةٍ مِّنَ النَّارِ لَعَلَّكُمۡ تَصۡطَلُوۡنَ ﴿29﴾

پھر جب موسیٰ نے وہ مدت پوری کرلی اور اپنے گھر والوں کو لے کر چلا تو اس نے کوہ طور کی ایک جانب سے آگ دیکھی، اس نے اپنے گھر والوں سے کہا: تم (یہیں) ٹھہرو، بے شک میں نے آگ دیکھی ہے، شاید میں وہاں سے تمھارے پاس کوئی خبر یا آگ کا انگارا لے آؤں تاکہ تم تاپ سکو ﴿29﴾

29. Then, when Mūsā (Moses) had fulfilled the term, and was travelling with his family, he saw a fire in the direction of Tūr (Mount). He said to his family: "Wait, I have seen a fire; perhaps I may bring to you from there some information, or a burning firebrand that you may warm yourselves."

فَلَمَّاۤ اَتٰٮهَا نُوۡدِىَ مِنۡ شَاطِیٴِ الۡوَادِ الۡاَيۡمَنِ فِى الۡبُقۡعَةِ الۡمُبٰرَكَةِ مِنَ الشَّجَرَةِ اَنۡ يّٰمُوۡسٰۤى اِنِّىۡۤ اَنَا اللّٰهُ رَبُّ الۡعٰلَمِيۡنَ ۙ ﴿30﴾

پھر جب وہ اس کے پاس پہنچا تو اسے وادی کے دائیں کنارے ایک مبارک جگہ میں ایک درخت سے آواز دی گئی کہ اے موسیٰ! یقیناً میں ہی اللہ، سب جہانوں کا رب ہوں ﴿30﴾

30. So when he reached it (the fire), he was called from the right side of the valley, in the blessed place, from the tree: "O Mūsā (Moses)! Verily, I am Allāh, the Lord of the *'Ālamīn* (mankind, jinn and all that exists)!

وَاَنۡ اَلۡقِ عَصَاكَ ؕ فَلَمَّا رَاٰهَا تَهۡتَزُّ كَاَنَّهَا جَآنٌّ وَّلّٰى مُدۡبِرًا وَّلَمۡ يُعَقِّبۡ ؕ يٰمُوۡسٰۤى اَقۡبِلۡ وَلَا تَخَفۡ ۖ اِنَّكَ مِنَ الۡاٰمِنِيۡنَ ﴿31﴾

اور یہ (بھی کہا گیا) کہ تو اپنا عصا ڈال دے، پھر جب موسیٰ نے عصا کو دیکھا کہ وہ سانپ کی طرح حرکت کر رہا ہے تو وہ پیٹھ پھیر کر پلٹا اور اس نے مڑ کر بھی نہ دیکھا، (اللہ نے فرمایا:) اے موسیٰ! تو آگے بڑھ اور نہ ڈر، بلاشبہ تو امن والوں میں سے ہے ﴿31﴾

31. "And throw your stick!" But when he saw it moving as if it were a snake, he turned in flight, and looked not back. (It was said:) "O Mūsā (Moses)! Draw near, and fear not. Verily, you are of those who are secure.

اُسۡلُكۡ يَدَكَ فِىۡ جَيۡبِكَ تَخۡرُجۡ بَيۡضَآءَ مِنۡ غَيۡرِ سُوۡٓءٍ وَّاضۡمُمۡ اِلَيۡكَ جَنَاحَكَ مِنَ الرَّهۡبِ فَذٰنِكَ بُرۡهَانٰنِ مِنۡ رَّبِّكَ اِلٰى فِرۡعَوۡنَ وَمَلَا۟ٮِٕهٖ ؕ اِنَّهُمۡ كَانُوۡا قَوۡمًا فٰسِقِيۡنَ ﴿32﴾

اپنا ہاتھ اپنے گریبان میں ڈال، (پھر نکال تو) وہ (سفید) چمکتا ہوا بے عیب نکلے گا، اور خوف سے (بچنے کے لیے) اپنا بازو اپنی طرف ملا لے، چنانچہ تیرے رب کی طرف سے یہ دونوں معجزے فرعون اور اس کے سرداروں کی طرف (بھیجنے کے لیے) ہیں، بلاشبہ وہ نافرمان لوگ ہیں ﴿32﴾

32. "Put your hand in your bosom, it will come forth white without a disease; and draw your hand close to your side to be free from the fear (which you suffered from the snake, and also your hand will return to its original state). These are two *Burhān* (signs, miracles, evidences, proofs) from your Lord to Fir'aun (Pharaoh) and his chiefs. Verily, they are the people who are *Fāsiqūn* (rebellious, disobedient to Allāh)."

قَالَ رَبِّ اِنِّىۡ قَتَلۡتُ مِنۡهُمۡ نَفۡسًا فَاَخَافُ اَنۡ يَّقۡتُلُوۡنِ ﴿33﴾

موسیٰ نے کہا: اے میرے رب! بے شک میں نے ان میں سے ایک شخص قتل کر دیا تھا، لہٰذا میں ڈرتا ہوں کہ وہ مجھے قتل کر دیں گے ﴿33﴾

33. He said: "My Lord! I have killed a man among them, and I fear that they will kill me.

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

وَأَخِي هَٰرُونُ هُوَ أَفْصَحُ مِنِّي لِسَانًا فَأَرْسِلْهُ مَعِيَ رِدْءًا يُصَدِّقُنِيٓ ۖ إِنِّيٓ أَخَافُ أَن يُكَذِّبُونِ ﴿٣٤﴾

اور میرا بھائی ہارون زبان کے لحاظ سے مجھ سے زیادہ فصیح ہے، لہٰذا تو اسے میرے ساتھ مددگار بنا کر بھیج دے کہ وہ میری تصدیق کرے، بلاشبہ میں ڈرتا ہوں کہ وہ مجھے جھٹلائیں گے (34)

34. "And my brother Hārūn (Aaron) — he is more eloquent in speech than me: so send him with me as a helper to confirm me. Verily, I fear that they will deny me."

قَالَ سَنَشُدُّ عَضُدَكَ بِأَخِيكَ وَنَجْعَلُ لَكُمَا سُلْطَٰنًا فَلَا يَصِلُونَ إِلَيْكُمَا ۚ بِـَٔايَٰتِنَآ أَنتُمَا وَمَنِ ٱتَّبَعَكُمَا ٱلْغَٰلِبُونَ ﴿٣٥﴾

اللہ نے فرمایا: ہم تیرے بھائی کے ذریعے سے تیرا بازو مضبوط کردیں گے اور تم دونوں کو غلبہ عطا کریں گے، پھر وہ تم دونوں تک نہیں پہنچ سکیں گے، ہماری نشانیوں کے ساتھ (جاؤ)، تم دونوں اور جنھوں نے تمھاری پیروی کی، غالب رہیں گے (35)

35. Allāh said: "We will strengthen your arm through your brother, and give you both power, so they shall not be able to harm you, with Our *Ayāt* (proofs, evidences, verses, lessons, signs, revelations, etc.); you two as well as those who follow you, will be the victors."

فَلَمَّا جَآءَهُم مُّوسَىٰ بِـَٔايَٰتِنَا بَيِّنَٰتٍ قَالُوا۟ مَا هَٰذَآ إِلَّا سِحْرٌ مُّفْتَرًى وَمَا سَمِعْنَا بِهَٰذَا فِيٓ ءَابَآئِنَا ٱلْأَوَّلِينَ ﴿٣٦﴾

پھر جب موسیٰ ہماری کھلی نشانیوں کے ساتھ ان کے پاس پہنچا تو وہ بولے: یہ تو بس گھڑا ہوا جادو ہے اور ہم نے اپنے پہلے آباؤاجداد میں تو یہ (باتیں کبھی) نہیں سنیں (36)

36. Then when Mūsā (Moses) came to them with Our Clear *Ayāt* (proofs, evidences, verses, lessons, signs, revelations, etc.), they said: "This is nothing but invented magic. Never did we hear of this among our fathers of old."

وَقَالَ مُوسَىٰ رَبِّيٓ أَعْلَمُ بِمَن جَآءَ بِٱلْهُدَىٰ مِنْ عِندِهِۦ وَمَن تَكُونُ لَهُۥ عَٰقِبَةُ ٱلدَّارِ ۖ إِنَّهُۥ لَا يُفْلِحُ ٱلظَّٰلِمُونَ ﴿٣٧﴾

اور موسیٰ نے کہا: میرا رب اسے خوب جانتا ہے جو اس کی طرف سے ہدایت لے کر آیا اور جس کا آخرت کا انجام بہتر ہوگا، بے شک ظالم فلاح نہیں پاتے (37)

37. Mūsā (Moses) said: "My Lord knows best him who came with guidance from Him, and whose will be the happy end in the Hereafter. Verily, the *Zālimūn* (wrong doers, polytheists and disbelievers in the Oneness of Allāh) will not be successful."

وَقَالَ فِرْعَوْنُ يَٰٓأَيُّهَا ٱلْمَلَأُ مَا عَلِمْتُ لَكُم مِّنْ إِلَٰهٍ غَيْرِى فَأَوْقِدْ لِى يَٰهَٰمَٰنُ عَلَى ٱلطِّينِ فَٱجْعَل لِّى صَرْحًا لَّعَلِّىٓ أَطَّلِعُ إِلَىٰٓ إِلَٰهِ مُوسَىٰ وَإِنِّى لَأَظُنُّهُۥ مِنَ ٱلْكَٰذِبِينَ ﴿٣٨﴾

اور فرعون نے کہا: اے سردارو! میں تو اپنے سوا تمھارا کوئی معبود نہیں جانتا، لہٰذا اے ہامان! تو میرے لیے گارے (کی اینٹوں) کو آگ دے، پھر میرے لیے ایک محل بنا تاکہ میں (اس پر چڑھ کر) موسیٰ کے معبود کی طرف جھانکوں، اور بلاشبہ میں اسے جھوٹوں میں سے سمجھتا ہوں (38)

38. Fir'aun (Pharaoh) said: "O chiefs! I know not that you have an *ilāh* (a god) other than me. So kindle for me (a fire), O Hāmān, to bake (bricks out of) clay, and set up for me a *Sarhan* (a lofty tower, or palace) in order that I may look at (or look for) the *Ilāh* (God) of Mūsā (Moses); and verily, I think that he [Mūsā (Moses)] is one of the liars."

وَٱسْتَكْبَرَ هُوَ وَجُنُودُهُۥ فِى ٱلْأَرْضِ بِغَيْرِ ٱلْحَقِّ وَظَنُّوٓا۟ أَنَّهُمْ إِلَيْنَا لَا يُرْجَعُونَ ﴿٣٩﴾

اور اس (فرعون) نے اور اس کے لشکروں نے زمین (مصر) میں ناحق تکبر کیا، اور انھوں نے سمجھ رکھا تھا کہ بے شک انھیں ہماری طرف لوٹایا نہیں جائے گا (39)

39. And he and his hosts were arrogant in the land, without right, and they thought that they would never return to Us.

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

فَأَخَذْنَٰهُ وَجُنُودَهُۥ فَنَبَذْنَٰهُمْ فِى ٱلْيَمِّ ۖ
فَٱنظُرْ كَيْفَ كَانَ عَٰقِبَةُ ٱلظَّٰلِمِينَ ﴿٤٠﴾

چنانچہ ہم نے اسے اور اس کے لشکروں کو پکڑا، اور ہم نے انھیں سمندر میں پھینک دیا، تو دیکھو ان ظالموں کا انجام کیسا ہوا!﴿40﴾

40. So, We seized him and his hosts, and We threw them all into the sea (and drowned them). So, behold (O Muhammad ﷺ) what was the end of the *Zālimūn* [wrong doers, polytheists and those who disbelieved in the Oneness of their Lord (Allāh), or rejected the advice of His Messenger Mūsā (Moses) عليه السلام].

وَجَعَلْنَٰهُمْ أَئِمَّةً يَدْعُونَ إِلَى ٱلنَّارِ ۖ وَيَوْمَ
ٱلْقِيَٰمَةِ لَا يُنصَرُونَ ﴿٤١﴾

اور ہم نے انھیں (لوگوں کو) آگ کی طرف بلانے والے سرغنے بنادیا، اور یوم قیامت ان کی (کوئی) مدد نہیں کی جائے گی﴿41﴾

41. And We made them leaders inviting to the Fire: and on the Day of Resurrection, they will not be helped.

وَأَتْبَعْنَٰهُمْ فِى هَٰذِهِ ٱلدُّنْيَا لَعْنَةً ۖ
ع 14 4 7 وَيَوْمَ ٱلْقِيَٰمَةِ هُم مِّنَ ٱلْمَقْبُوحِينَ ﴿٤٢﴾

اور ہم نے اس دنیا میں لعنت ان کے پیچھے لگادی، اور یوم قیامت وہ دور کیے گئے بدحالوں میں سے ہوں گے﴿42﴾

42. And We made a curse to follow them in this world, and on the Day of Resurrection, they will be among *Al-Maqbuhūn* (those who are prevented from receiving Allāh's Mercy or any good; despised or destroyed).

وَلَقَدْ ءَاتَيْنَا مُوسَى ٱلْكِتَٰبَ مِنۢ بَعْدِ مَآ
أَهْلَكْنَا ٱلْقُرُونَ ٱلْأُولَىٰ بَصَآئِرَ لِلنَّاسِ
وَهُدًى وَرَحْمَةً لَّعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُونَ ﴿٤٣﴾

اور بلاشبہ ہم نے پہلی امتوں کو ہلاک کرنے کے بعد موسیٰ کو لوگوں کے لیے بصیرت افروز دلائل اور ہدایت اور رحمت کی کتاب دی، تاکہ وہ نصیحت حاصل کریں﴿43﴾

43. And indeed We gave Mūsā (Moses) — after We had destroyed the generations of old — the Scripture [the Taurāt (Torah)] as an enlightenment for mankind, and a guidance and a mercy, that they might remember (or receive admonition).

وَمَا كُنتَ بِجَانِبِ ٱلْغَرْبِىِّ إِذْ قَضَيْنَآ
إِلَىٰ مُوسَى ٱلْأَمْرَ وَمَا كُنتَ مِنَ
ٱلشَّٰهِدِينَ ﴿٤٤﴾

اور (اے نبی!) جب ہم نے موسیٰ پر امر (خاص) کی وحی کی تو آپ (طور کی) مغربی جانب نہیں تھے، اور نہ آپ (اس واقعے کے) حاضرین میں تھے﴿44﴾

44. And you (O Muhammad ﷺ) were not on the western side (of the Mount), when We made clear to Mūsā (Moses) the commandment, and you were not among the witnesses.

وَلَٰكِنَّآ أَنشَأْنَا قُرُونًا فَتَطَاوَلَ عَلَيْهِمُ
ٱلْعُمُرُ ۚ وَمَا كُنتَ ثَاوِيًا فِىٓ أَهْلِ مَدْيَنَ
تَتْلُوا۟ عَلَيْهِمْ ءَايَٰتِنَا وَلَٰكِنَّا كُنَّا
مُرْسِلِينَ ﴿٤٥﴾

لیکن ہم نے کئی امتیں پیدا کیں، پھر ان پر (مدت) حیات لمبی ہوگئی، اور آپ اہل مدین میں نہیں رہتے تھے کہ ان پر ہماری آیات تلاوت کرتے لیکن ہم ہی رسول بھیجنے والے تھے﴿45﴾

45. But We created generations [after generations, i.e. after Mūsā (Moses) عليه السلام], and long were the ages that passed over them. And you (O Muhammad ﷺ) were not a dweller among the people of Madyan (Midian), reciting Our Verses to them. But it is We Who kept sending (Messengers).

وَمَا كُنتَ بِجَانِبِ ٱلطُّورِ إِذْ نَادَيْنَا وَلَٰكِن

اور آپ طور کی جانب نہیں تھے جب ہم نے (موسیٰ

46. And you (O Muhammad ﷺ) were not at the side of the Tūr

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

رَحْمَةً مِّنْ رَّبِّكَ لِتُنْذِرَ قَوْمًا مَّآ اَتٰىهُمْ مِّنْ نَّذِيْرٍ مِّنْ قَبْلِكَ لَعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُوْنَ ﴿46﴾

کو) پکارا تھا، لیکن یہ (وحی تو) آپ کے رب کی طرف سے رحمت ہے، تاکہ آپ ان لوگوں کو ڈرائیں جن کے پاس اس سے پہلے کوئی ڈرانے والا نہیں آیا، شاید کہ وہ نصیحت حاصل کریں ﴿46﴾

(Mount) when We did call [it is said that Allāh called the followers of Muhammad ﷺ, and they answered His Call, or that Allāh called Mūsā (Moses)]. But (you are sent) as a mercy from your Lord, to give warning to a people to whom no warner had come before you, in order that they may remember or receive admonition. (*Tafsir At-Tabarī*)

وَلَوْلَآ اَنْ تُصِيْبَهُمْ مُّصِيْبَةٌۢ بِمَا قَدَّمَتْ اَيْدِيْهِمْ فَيَقُوْلُوْا رَبَّنَا لَوْلَآ اَرْسَلْتَ اِلَيْنَا رَسُوْلًا فَنَتَّبِعَ اٰيٰتِكَ وَنَكُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿47﴾

اور اگر (یہ) نہ ہوتا کہ جو ان کے ہاتھوں نے آگے بھیجا ہے اس کی وجہ سے انھیں کوئی مصیبت پہنچتی ہے تو وہ کہتے: اے ہمارے رب! تو نے ہماری طرف کوئی رسول کیوں نہ بھیجا، پھر ہم تیری آیات کی اتباع کرتے اور ہم مومنوں میں سے ہو جاتے (تو ہم رسول نہ بھیجتے) ﴿47﴾

47. And if (We had) not (sent you to the people of Makkah) — in case a calamity should seize them for (the deeds) that their hands have sent forth, they would have said: "Our Lord! Why did You not send us a Messenger? We would then have followed Your *Ayāt* (Verses of the Qur'ān) and would have been among the believers."

فَلَمَّا جَآءَهُمُ الْحَقُّ مِنْ عِنْدِنَا قَالُوْا لَوْلَآ اُوْتِيَ مِثْلَ مَآ اُوْتِيَ مُوْسٰى ؕ اَوَلَمْ يَكْفُرُوْا بِمَآ اُوْتِيَ مُوْسٰى مِنْ قَبْلُ ۚ قَالُوْا سِحْرٰنِ تَظٰهَرَا ۣ وَقَالُوْٓا اِنَّا بِكُلٍّ كٰفِرُوْنَ ﴿48﴾

لہٰذا جب ہماری طرف سے ان کے پاس حق (قرآن) آ گیا تو وہ کہنے لگے: اسے ویسے معجزے کیوں نہیں دیے گئے جیسے موسیٰ کو دیے گئے تھے؟ کیا وہ (ان معجزات کا) انکار نہیں کر چکے جو اس سے پہلے موسیٰ کو دیے گئے تھے؟ انھوں نے کہا: (یہ) دونوں (تورات اور قرآن) جادو ایک دوسرے کی مدد کرتے ہیں، اور انھوں نے کہا: بلاشبہ ہم ہر ایک کے منکر ہیں ﴿48﴾

48. Bnt when the truth (i.e. Muhammad ﷺ with his Message) has come to them from Us, they say: "Why is he not given the like of what was given to Mūsā (Moses)? Did they not disbelieve in that which was given to Mūsā (Moses) of old?" They say: "Two kinds of magic [the Taurāt (Torah) and the Qur'ān], each helping the other!" And they say: "Verily, in both we are disbelievers."

قُلْ فَاْتُوْا بِكِتٰبٍ مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ هُوَ اَهْدٰى مِنْهُمَآ اَتَّبِعْهُ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿49﴾

کہہ دیجیے: اگر تم سچے ہو تو اللہ کے پاس سے کوئی ایسی کتاب لے آؤ جو (ان) دونوں سے زیادہ ہدایت والی ہو، تاکہ میں بھی اس کی اتباع کروں ﴿49﴾

49. Say (to them, O Muhammad ﷺ): "Then bring a Book from Allāh, which is a better guide than these two [the Taurāt (Torah) and the Qur'ān], that I may follow it, if you are truthful."

فَاِنْ لَّمْ يَسْتَجِيْبُوْا لَكَ فَاعْلَمْ اَنَّمَا يَتَّبِعُوْنَ اَهْوَآءَهُمْ ؕ وَمَنْ اَضَلُّ مِمَّنِ اتَّبَعَ هَوٰىهُ بِغَيْرِ هُدًى مِّنَ اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِى الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿50﴾ ع 5/8 8

پھر اگر وہ آپ کی بات قبول نہ کریں تو جان لیجیے کہ وہ صرف اپنی خواہشوں کی پیروی کر رہے ہیں، اور اس سے زیادہ گمراہ کون ہو سکتا ہے جو اللہ کی طرف سے ہدایت کے بغیر اپنی خواہش کی پیروی کرے؟ بلاشبہ اللہ ظالم لوگوں کو ہدایت نہیں دیتا ﴿50﴾

50. But if they answer you not (i.e. do not bring the Book nor believe in yonr doctrine of Islāmic Monotheism), then know that they only follow their own lusts. And who is more astray than one who follows his own

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

lusts, without guidance from Allāh? Verily, Allāh guides not the people who are *Zālimūn* (wrong doers, disobedient to Allāh, and polytheists).

وَلَقَدْ وَصَّلْنَا لَهُمُ الْقَوْلَ لَعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُوْنَ ط (51)

اور بلاشبہ ہم انھیں لگاتار اپنی (ہدایت ونصیحت کی) باتیں پہنچاتے رہے، تاکہ وہ نصیحت حاصل کریں (51)

51. And indeed now We have conveyed the Word (this Qur'ān in which is the news of everything) to them, in order that they may remember (or receive admonition).

اَلَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلِهٖ هُمْ بِهٖ يُؤْمِنُوْنَ (52)

وہ لوگ جنھیں ہم نے اس (قرآن) سے پہلے کتاب دی تھی، وہی اس پر ایمان لاتے ہیں (52)

52. Those to whom (Jews and Christians) We gave the Scripture [i.e. the Taurāt (Torah) and the Injīl (Gospel)] before it, they (i.e., their scholars) believe in it (the Qur'ān).

وَاِذَا يُتْلٰى عَلَيْهِمْ قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِهٖٓ اِنَّهُ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّنَآ اِنَّا كُنَّا مِنْ قَبْلِهٖ مُسْلِمِيْنَ (53)

اور جب ان پر (قرآن) تلاوت کیا جاتا ہے تو وہ کہتے ہیں: ہم اس پر ایمان لائے، بے شک یہ ہمارے رب کی طرف سے حق ہے، بلاشبہ ہم تو اس سے پہلے ہی مسلمان تھے[1] (53)

53. And when it is recited to them, they say: "We believe in it. Verily, it is the truth from our Lord. Indeed even before it we have been from those who submit themselves to Allāh in Islām as Muslims (like 'Abdullāh bin Salām and Salmān Al-Fārisī).[1]

اُولٰٓئِكَ يُؤْتَوْنَ اَجْرَهُمْ مَّرَّتَيْنِ بِمَا صَبَرُوْا وَيَدْرَءُوْنَ بِالْحَسَنَةِ السَّيِّئَةَ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ (54)

ان لوگوں کو ان کا دوبارا اجر دیا جائے گا کیونکہ انھوں نے صبر کیا[2] اور وہ بھلائی کے ساتھ برائی کو دور کرتے ہیں اور جو ہم نے انھیں رزق دیا ہے اس میں سے خرچ کرتے ہیں (54)

54. These will be given their reward twice over,[2] because they are patient, and repel evil with good, and spend (in charity) out of what We have provided for them.

وَاِذَا سَمِعُوا اللَّغْوَ اَعْرَضُوْا عَنْهُ وَقَالُوْا لَنَآ اَعْمَالُنَا وَلَكُمْ اَعْمَالُكُمْ ز سَلٰمٌ

اور جب وہ بیہودہ بات سنتے ہیں تو وہ اس سے اعراض کر لیتے ہیں اور کہتے ہیں: ہمارے لیے

55. And when they hear *Al-Laghw* (dirty, false, evil vain talk),

[1] (V.28:53) See the footnote of (V.5:66).

[2] (V.28:54)

a) Narrated Abū Burdah's father: Allāh's Messenger ﷺ said, "Any man who has a slave-girl whom he educates properly, teaches good manners, manumits and marries her, will get a double reward. And if any man of the people of the Scriptures (Jews and Christians) believes in his own Prophet and then believes in me (Muhammad ﷺ) too, he will (also) get a double reward. And any slave who fulfils his duty to his master and to his Lord (Allāh), will (also) get a double reward." [*Sahih Al-Bukhari,* 7/5083 (O.P.20)]

b) See the footnote of (V.3:85).

① ملاحظہ ہو حاشیہ: (سورۂ مائدہ 5:66)

② اس سے مراد وہ لوگ ہیں جو ہر قسم کے حالات میں انبیاء اور کتاب الٰہی پر ایمان لاتے اور اس پر ثابت قدم رہتے ہیں۔ وہ پہلے نبی پر ایمان لائے، اس کے بعد دوسرا نبی آ گیا تو اس پر ایمان لائے، ان کے لیے دوہرا اجر ہے۔ حدیث میں بھی یہ فضیلت بیان کی گئی ہے۔ حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ نبی کریم ﷺ کا قول نقل کرتے ہوئے کہتے ہیں: ''جس شخص کے پاس لونڈی ہو وہ اُسے اچھی تعلیم دے اور تربیت کرے پھر آزاد کر کے اُس سے نکاح کرے تو اسے دوہرا ثواب ہوگا اور اہل کتاب میں سے جو شخص اپنے پیغمبر پر ایمان لا کر پھر مجھ پر بھی ایمان لائے اسے دوہرا ثواب ملے گا اور جو غلام لونڈی اپنے مالکوں کا حق اَدا کر کے اپنے پروردگار کا بھی حق اَدا کرے تو اسے دوہرا ثواب ملے گا۔'' (صحیح البخاری، النکاح، باب: 13، حدیث: 5083)
مزید ملاحظہ فرمائیں حاشیہ: (سورۂ آل عمران 3:85)

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

عَلَيْكُمْ لَا نَبْتَغِي الْجٰهِلِيْنَ ﴿۵۵﴾

ہمارے اعمال ہیں اور تمھارے لیے تمھارے اعمال ہیں، تمھیں سلام ہو، ہم جاہلوں کو نہیں چاہتے ﴿۵۵﴾

they withdraw from it and say: "To us our deeds, and to you your deeds. Peace be to you. We seek not (the way of) the ignorant."

اِنَّكَ لَا تَهْدِيْ مَنْ اَحْبَبْتَ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ ۚ وَهُوَ اَعْلَمُ بِالْمُهْتَدِيْنَ ﴿۵۶﴾

(اے نبی!) بے شک جسے آپ چاہیں ہدایت نہیں دے سکتے، بلکہ اللہ ہی جسے چاہے ہدایت دیتا ہے اور وہ ہدایت پانے والوں کو خوب جانتا ہے① ﴿۵۶﴾

56. Verily, you (O Muhammad ﷺ) guide not whom you like, but Allāh guides whom He wills. And He knows best those who are the guided.[1]

وَقَالُوْٓا اِنْ نَّتَّبِعِ الْهُدٰى مَعَكَ نُتَخَطَّفْ مِنْ اَرْضِنَا ۭ اَوَلَمْ نُمَكِّنْ لَّهُمْ حَرَمًا اٰمِنًا يُّجْبٰٓى اِلَيْهِ ثَمَرٰتُ كُلِّ شَيْءٍ رِّزْقًا مِّنْ لَّدُنَّا وَلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۵۷﴾

وہ (مشرکین مکہ) کہتے ہیں: اگر ہم نے تیرے ساتھ ہدایت کی پیروی کی تو ہمیں ہماری زمین سے اچک لیا جائے گا، کیا ہم نے انھیں پرامن حرم میں جگہ نہیں دی جس کی طرف ہر قسم کے پھل ہماری طرف سے بطور رزق کھینچ کر لائے جاتے ہیں؟② لیکن ان کے اکثر نہیں جانتے ﴿۵۷﴾

57. And they say: "If we follow the guidance with you, we would be snatched away from our land." Have We not established for them a secure sanctuary (Makkah), to which are brought fruits of all kinds, a provision from Ourselves, but most of them know not.[2]

وَكَمْ اَهْلَكْنَا مِنْ قَرْيَةٍۢ بَطِرَتْ مَعِيْشَتَهَا ۚ فَتِلْكَ مَسٰكِنُهُمْ لَمْ تُسْكَنْ مِّنْۢ بَعْدِهِمْ اِلَّا قَلِيْلًا ۭ وَكُنَّا نَحْنُ الْوٰرِثِيْنَ ﴿۵۸﴾

اور ہم نے کتنی ہی بستیاں ہلاک کر دیں جو گزران زندگی (اپنے سامان زیست) پر اِتراتی تھیں، چنانچہ ان کے یہ گھر (اجڑے پڑے) ہیں، ان کے بعد بہت

58. And how many a town (population) have We destroyed, which was thankless for its means of livelihood (disobeyed Allāh,

[1] (V.28:56) Narrated Al-Musaiyyab: When Abū Tālib was on his deathbed, the Prophet ﷺ went to him while Abū Jahl was sitting beside him. The Prophet ﷺ said: "O my uncle! Say: *Lā ilāha illallāh* (none has the right to be worshipped but Allāh), an expression with which I will defend your case, before Allāh." Abū Jahl and 'Abdullāh bin Umaiyyah said: "O Abū Tālib! Will you leave the religion of 'Abdul-Muttalib?" So they kept on saying this to him so that the last statement he said to them (before he died) was: "I am on the religion of 'Abdul-Muttalib." Then the Prophet ﷺ said: "I will keep on asking for Allāh's forgiveness for you unless I am forbidden to do so." Then the following Verse was revealed: "It is not proper for the Prophet and those who believe to ask Allāh's forgiveness for the *Mushrikūn* (see V.2:105) even though they be of kin, after it has become clear to them that they are the dwellers of the (Hell) Fire (because they died in a state of disbelief)." (V.9:113).
The other Verse was also revealed: "Verily, you (O Muhammad ﷺ) guide not whom you like, but Allāh guides whom He wills." (V.28:56) [*Sahih Al-Bukhari*, 5/3884 (O.P.223)]

[2] (V.28:57)
a) Narrated Ibn 'Abbās رضي الله عنهما: On the day of the conquest of Makkah, Allāh's Messenger ﷺ said: "Allāh has made this town a sanctuary. Its thorny bushes should not be cut, its game should not be chased, and its fallen things should not be picked up except by one who would announce it publicly." [*Sahih Al-Bukhari*, 2/1587 (O.P.657)]
b) See the footnote of (V.2:191).

① اس کے شان نزول کا واقعہ حسب ذیل ہے۔ سعید بن مسیب رحمہ اللہ کے باپ مسیب سے روایت ہے کہ جب ابوطالب کی وفات کا وقت قریب آیا تو نبی کریم ﷺ اس کے پاس تشریف لے گئے جبکہ ابوجہل اس کے پاس بیٹھا ہوا تھا۔ نبی ﷺ نے فرمایا: "تم [لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ] "اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں" کہہ دو تا کہ اس کو میں تمہارے لیے (مغفرت و بخشش کے لیے) اللہ کے ہاں حجت بنا سکوں۔" (اس پر) ابوجہل اور عبداللہ بن ابی امیہ کہنے لگے: اے ابوطالب! کیا تم عبدالمطلب کے دین سے پھر جاؤ گے؟ (اس سے منہ پھیر لو گے) وہ دونوں ابوطالب سے یہی کہتے رہے۔ چنانچہ ابوطالب نے جو آخری بات کہی وہ یہ تھی: میں عبدالمطلب کے دین پر ہوں اس پر نبی کریم ﷺ نے فرمایا: "میں آپ کی بخشش و مغفرت کے لیے اللہ تعالیٰ سے دعا کرتا رہوں گا جب تک کہ مجھے ایسا کرنے سے روک نہ دیا جائے۔" تب یہ آیت نازل ہوئی: "رسول اور ان لوگوں کو جو ایمان لائے ہیں یہ سزاوار نہیں کہ مشرکوں کے لیے مغفرت کی دعا مانگیں اگرچہ وہ رشتہ دار ہی کیوں نہ ہوں جبکہ ان پر یہ بات واضح ہو چکی کہ وہ دوزخی ہیں۔" (113/9) اور یہ آیت زیر بحث بھی نازل ہوئی: "(اے رسول!) بے شک تم جسے چاہو ہدایت نہیں دے سکتے مگر اللہ جسے چاہتا ہے ہدایت دیتا ہے۔" (56/28)۔ (صحیح البخاري، مناقب الأنصار، باب: 40، حدیث: 3884)

② یہ مکے کی وہ خصوصیت ہے جس کا مشاہدہ لاکھوں حاجی اور عمرہ کرنے والے ہر سال کرتے ہیں کہ مکے میں پیداوار نہ ہونے کے باوجود نہایت فراوانی سے ہر قسم کا پھل بلکہ دنیا بھر کا سامان ملتا ہے۔ مزید ملاحظہ ہو حواشی: (سورۂ نمل 91/27 وسورۂ بقرہ 191/2)

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

تھوڑے ہی آباد ہوئے، اور ہم ہی (ان سب کے) وارث ہوئے ﴿٥٨﴾

and His Messengers, by doing evil deeds and crimes)! And those are their dwellings, which have not been inhabited after them except a little. And verily, We have been the inheritor.

وَمَا كَانَ رَبُّكَ مُهْلِكَ الْقُرٰى حَتّٰى يَبْعَثَ فِيْٓ اُمِّهَا رَسُوْلًا يَّتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِنَا ۚ وَمَا كُنَّا مُهْلِكِي الْقُرٰٓى اِلَّا وَاَهْلُهَا ظٰلِمُوْنَ ﴿٥٩﴾

اور آپ کا رب بستیوں کو ہلاک کرنے والا نہیں حتی کہ وہ ان کی کسی بڑی بستی میں کوئی رسول بھیجتا ہے، وہ ان پر ہماری آیات تلاوت کرتا ہے، اور ہم بستیوں کو ہلاک کرنے والے نہیں مگر (اسی وقت) جبکہ ان کے باشندے ظالم ہوں ﴿٥٩﴾

59. And never will your Lord destroy the towns (populations) until He sends to their mother town a Messenger reciting to them Our Verses. And never would We destroy the towns unless the people thereof are *Zālimūn* (polytheists, wrong doers, disbelievers in the Oneness of Allāh, oppressors and tyrants).

وَمَآ اُوْتِيْتُمْ مِّنْ شَيْءٍ فَمَتَاعُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَزِيْنَتُهَا ۚ وَمَا عِنْدَ اللّٰهِ خَيْرٌ وَّاَبْقٰى ۭ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿٦٠﴾ ع 10 9

اور تمھیں جو بھی چیز دی گئی ہے وہ دنیاوی زندگی کا فائدہ اور اس کی زینت ہے، اور جو کچھ اللہ کے پاس ہے وہ بہت بہتر اور زیادہ دیرپا ہے، کیا پھر تم عقل نہیں رکھتے؟ ﴿٦٠﴾

60. And whatever you have been given is an enjoyment of the life of (this) world and its adornment, and that (Hereafter) which is with Allāh is better and will remain forever. Have you then no sense?

اَفَمَنْ وَّعَدْنٰهُ وَعْدًا حَسَنًا فَهُوَ لَاقِيْهِ كَمَنْ مَّتَّعْنٰهُ مَتَاعَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ثُمَّ هُوَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ مِنَ الْمُحْضَرِيْنَ ﴿٦١﴾

بھلا وہ شخص جسے ہم نے اچھا وعدہ دیا، پھر وہ اس (وعدے) کو پانے والا ہے، کیا اس شخص جیسا ہے جسے ہم نے دنیاوی زندگی کا بہت فائدہ دیا، پھر وہ قیامت کے دن (عذاب میں) حاضر کیے جانے والوں میں سے ہوگا؟ ﴿٦١﴾

61. Is he whom We have promised an excellent promise (Paradise) — which he will find true — like him whom We have made to enjoy the luxuries of the life of (this) world, then on the Day of Resurrection, he will be among those brought up (to be punished in the Hell-fire)?

وَيَوْمَ يُنَادِيْهِمْ فَيَقُوْلُ اَيْنَ شُرَكَاۗءِيَ الَّذِيْنَ كُنْتُمْ تَزْعُمُوْنَ ﴿٦٢﴾

اور جس دن اللہ انھیں پکارے گا، پھر وہ کہے گا: میرے وہ شریک کہاں ہیں جنھیں تم میرا شریک سمجھتے تھے؟ ﴿٦٢﴾

62. And (remember) the Day when He will call to them and say: "Where are My (so-called) partners whom you used to assert?"

قَالَ الَّذِيْنَ حَقَّ عَلَيْهِمُ الْقَوْلُ رَبَّنَا هٰٓؤُلَاۗءِ الَّذِيْنَ اَغْوَيْنَا ۚ اَغْوَيْنٰهُمْ كَمَا غَوَيْنَا ۚ تَبَرَّاْنَآ اِلَيْكَ ۡ مَا كَانُوْٓا اِيَّانَا يَعْبُدُوْنَ ﴿٦٣﴾

وہ لوگ جن پر حکم (عذاب) ثابت ہو چکا، کہیں گے: اے ہمارے رب! یہی وہ لوگ ہیں جنھیں ہم نے گمراہ کیا، ہم نے انھیں ایسے گمراہ کیا جیسے ہم (خود) گمراہ ہوئے تھے، ہم تیرے سامنے اظہار براءت کرتے ہیں کہ وہ ہماری عبادت کیا ہی نہیں کرتے تھے ﴿٦٣﴾

آپ کہہ دیجیے: بھلا بتاؤ تو اپنے جن شریکوں (معبودوں) کو تم اللہ کے سوا پکارتے ہو، مجھے دکھاؤ انھوں نے زمین سے کیا کچھ پیدا کیا ہے یا ان کا آسمانوں (کی پیدائش) میں کوئی حصہ ہے؟ یا ہم نے انھیں کوئی کتاب دی ہے اور وہ اس کی کسی واضح دلیل پر (قائم) ہیں؟ بلکہ یہ ظالم ایک دوسرے کو محض پُرفریب وعدہ دیتے ہیں② ﴿40﴾

40. Say (O Muhammad ﷺ): "Tell me (or inform me) (what) you think about your (so-called) partner-gods to whom you call upon besides Allāh? Show me, what they have created of the earth. Or have they any share in the heavens? Or have We given them a Book, so that they act on clear proof therefrom? Nay, the *Zālimūn* (polytheists and wrong doers) promise one another nothing but delusions."

إِنَّ اللَّهَ يُمْسِكُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ أَنْ تَزُولَا ۚ وَلَئِنْ زَالَتَا إِنْ أَمْسَكَهُمَا مِنْ أَحَدٍ مِنْ بَعْدِهِ ۚ إِنَّهُ كَانَ حَلِيمًا غَفُورًا ﴿٤١﴾

بلاشبہ اللہ ہی آسمانوں اور زمین کو تھامے ہوئے ہے (کہیں) وہ دونوں (اپنی جگہ سے) ہٹ نہ جائیں، اور فی الواقع اگر وہ ہٹ جائیں تو اس کے بعد انھیں کوئی بھی تھام نہیں سکے گا، بلاشبہ وہ بڑا حلم والا، بہت بخشنے والا ہے ﴿41﴾

41. Verily, Allāh grasps the heavens and the earth lest they should move away from their places, and if they were to move away from their places, there is not one that could grasp them after Him. Truly, He is Ever Most Forbearing, Oft-Forgiving.[2]

وَأَقْسَمُوا بِاللَّهِ جَهْدَ أَيْمَانِهِمْ لَئِنْ جَاءَهُمْ

اور انھوں نے اللہ کی پختہ قسمیں کھائیں کہ اگر ان

42. And they swore by Allāh their

[1] (V.35:39) See the footnote of (V.3:85).

[2] (V.35:41) Narrated Abū Hurairah رضي الله عنه: I heard Allāh's Messenger ﷺ saying, "(On the Day of Resurrection) Allāh will grasp the whole planet of earth (by His Hand), and roll all the heavens up with His Right Hand, and then He will say, 'I am the King; where are the kings of the earth?' " [*Sahih Al-Bukhari*, 6/4812 (O.P.336)]

① ملاحظہ ہو حاشیہ: (سورۂ آل عمران 3:85)

② حضرت ابوہریرہ ؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "اللہ تعالیٰ قیامت کے دن زمین اپنی مٹھی میں لے لے گا اور آسمانوں کو (مٹھی کی طرح) اپنے دائیں ہاتھ پر لپیٹ لے گا، پھر فرمائے گا: میں بادشاہ ہوں، اب زمین کے بادشاہ کدھر گئے؟" (صحیح البخاري، التفسیر، باب: 3 حدیث: 4812)

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

نَذِيرٌ لَّيَكُونُنَّ أَهْدَىٰ مِنْ إِحْدَى الْأُمَمِ ۖ فَلَمَّا جَاءَهُمْ نَذِيرٌ مَّا زَادَهُمْ إِلَّا نُفُورًا ﴿٤٢﴾

کے پاس کوئی ڈرانے والا آیا تو وہ ضرور ہر ایک امت سے زیادہ ہدایت یافتہ ہوں گے، پھر جب ان کے پاس ڈرانے والا آیا تو اس (کی آمد) نے ان کو (حق سے) نفرت ہی میں زیادہ کیا ﴿٤٢﴾

most binding oaths that if a warner came to them, they would be more guided than any of the nations (before them); yet when a warner (Muhammad ﷺ) came to them, it increased in them nothing but flight (from the truth).

اسْتِكْبَارًا فِي الْأَرْضِ وَمَكْرَ السَّيِّئِ ۚ وَلَا يَحِيقُ الْمَكْرُ السَّيِّئُ إِلَّا بِأَهْلِهِ ۚ فَهَلْ يَنظُرُونَ إِلَّا سُنَّتَ الْأَوَّلِينَ ۚ فَلَن تَجِدَ لِسُنَّتِ اللَّهِ تَبْدِيلًا ۖ وَلَن تَجِدَ لِسُنَّتِ اللَّهِ تَحْوِيلًا ﴿٤٣﴾

زمین میں تکبر کرنے اور بری چال کی وجہ سے، اور بری چال اس کے چلنے والے ہی کو گھیرتی ہے، پھر وہ پہلے لوگوں کے (بارے میں اللہ کے) طریقے کا انتظار ہی تو کرتے ہیں، چنانچہ آپ اللہ کا طریقہ بدلتا ہرگز نہ پائیں گے، اور آپ اللہ کا طریقہ ٹلتا ہرگز نہ پائیں گے ﴿٤٣﴾

43. (They took to flight because of their) arrogance in the land and their plotting of evil. But the evil plot encompasses only him who makes it. Then, can they expect anything (else) but the *Sunnah* (way of dealing) of the people of old? So, no change will you find in Allāh's *Sunnah* (way of dealing), and no turning off will you find in Allāh's *Sunnah* (way of dealing).

أَوَلَمْ يَسِيرُوا فِي الْأَرْضِ فَيَنظُرُوا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ وَكَانُوا أَشَدَّ مِنْهُمْ قُوَّةً ۚ وَمَا كَانَ اللَّهُ لِيُعْجِزَهُ مِن شَيْءٍ فِي السَّمَاوَاتِ وَلَا فِي الْأَرْضِ ۚ إِنَّهُ كَانَ عَلِيمًا قَدِيرًا ﴿٤٤﴾

کیا وہ زمین میں چلتے پھرتے نہیں کہ وہ دیکھتے ان لوگوں کا انجام کیسا ہوا جو ان سے پہلے تھے جبکہ وہ ان سے زیادہ طاقتور تھے، اور اللہ (ایسا) نہیں کہ اسے کوئی چیز آسمانوں میں اور زمین میں عاجز کردے، بلاشبہ وہ خوب جاننے والا، بڑی قدرت والا ہے ﴿٤٤﴾

44. Have they not travelled in the land, and seen what was the end of those before them — though they were superior to them in power? Allāh is not such that anything in the heavens or in the earth escapes Him. Verily, He is All-Knowing, All-Omnipotent.

وَلَوْ يُؤَاخِذُ اللَّهُ النَّاسَ بِمَا كَسَبُوا مَا تَرَكَ عَلَىٰ ظَهْرِهَا مِن دَابَّةٍ وَلَٰكِن يُؤَخِّرُهُمْ إِلَىٰ أَجَلٍ مُّسَمًّى ۖ فَإِذَا جَاءَ أَجَلُهُمْ فَإِنَّ اللَّهَ كَانَ بِعِبَادِهِ بَصِيرًا ﴿٤٥﴾ ع 5 8 17

اور اگر اللہ لوگوں کو اس وجہ سے پکڑتا جو انھوں نے کمایا تو وہ اس (زمین) کی پشت پر چلنے والا کوئی جاندار نہ چھوڑتا، لیکن وہ انھیں ایک مقررہ وقت تک ڈھیل دیتا ہے، پھر جب ان کا مقررہ وقت آ جائے گا (تو وہی انھیں سزا دے گا) یقیناً اللہ اپنے بندوں کو خوب دیکھنے والا ہے ﴿٤٥﴾

45. And if Allāh were to punish men for that which they earned, He would not leave a moving (living) creature on the surface of the earth; but He gives them respite to an appointed term, and when their term comes, then verily, Allāh is Ever All-Seer of His slaves.

Sūrat Yā-Sīn 36

سورۂ یٰسٓ

سُورَةُ يسٓ مَكِّيَّةٌ (36) (41) 83 آياتها 5 ركوعاتها

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ

اللہ کے نام سے (شروع) جو نہایت مہربان، بہت رحم کرنے والا ہے۔

In the Name of Allāh, the Most Gracious, the Most Merciful.

يسٓ ﴿١﴾

یٰسٓ ﴿١﴾

1. *Yā-Sīn*.
[These letters are one of the miracles of the Qur'ān, and none but Allāh (Alone) knows their meanings.]

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

2. By the Qur'ān, full of wisdom (i.e. full of laws, evidences, and proofs),

قسم ہے قرآن حکیم کی! ②

وَالْقُرْاٰنِ الْحَكِيْمِ ②

3. Truly, you (O Muhammad ﷺ) are one of the Messengers,

بلاشبہ آپ یقیناً رسولوں میں سے ہیں ③

اِنَّكَ لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ③

4. On a Straight Path (i.e. on Allāh's religion of Islāmic Monotheism).

راہ راست پر ہیں ④

عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ④

5. (This is a Revelation) sent down by the All-Mighty, the Most Merciful,

(یہ قرآن) نہایت غالب، خوب رحم کرنے والے (اللہ) کا اتارا ہوا ہے ⑤

تَنْزِيْلَ الْعَزِيْزِ الرَّحِيْمِ ⑤

6. In order that you may warn a people whose forefathers were not warned, so they are heedless.

تاکہ آپ اس قوم کو ڈرائیں جس کے باپ دادا نہیں ڈرائے گئے، لہٰذا وہ (دین سے) غافل ہیں ⑥

لِتُنْذِرَ قَوْمًا مَّآ اُنْذِرَ اٰبَآؤُهُمْ فَهُمْ غٰفِلُوْنَ ⑥

7. Indeed the Word (of punishment) has proved true against most of them, so they will not believe.

بلاشبہ ان کی اکثریت پر (اللہ کا) قول ثابت ہو گیا ہے، چنانچہ وہ ایمان نہیں لائیں گے ⑦

لَقَدْ حَقَّ الْقَوْلُ عَلٰٓى اَكْثَرِهِمْ فَهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ⑦

8. Verily, We have put on their necks iron collars reaching to the chins, so that their heads are raised up.

بے شک ہم نے ان کی گردنوں میں طوق ڈال دیے ہیں اور وہ (ان کی) ٹھوڑیوں تک ہیں، لہٰذا وہ سر اوپر اٹھائے ہوئے ہیں ⑧

اِنَّا جَعَلْنَا فِيْٓ اَعْنَاقِهِمْ اَغْلٰلًا فَهِيَ اِلَى الْاَذْقَانِ فَهُمْ مُّقْمَحُوْنَ ⑧

9. And We have put a barrier before them, and a barrier behind them, and We have covered them up, so that they cannot see.

اور ہم نے ان کے آگے ایک دیوار بنا دی، اور ان کے پیچھے بھی ایک دیوار، پھر ہم نے ان (کی آنکھوں) کو ڈھانک دیا، لہٰذا وہ دیکھ نہیں سکتے ⑨

وَجَعَلْنَا مِنْۢ بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ سَدًّا وَّمِنْ خَلْفِهِمْ سَدًّا فَاَغْشَيْنٰهُمْ فَهُمْ لَا يُبْصِرُوْنَ ⑨

10. It is the same to them whether you warn them or you warn them not, they will not believe.

اور ان پر برابر ہے، خواہ آپ انھیں ڈرائیں یا نہ ڈرائیں، وہ ایمان نہیں لائیں گے ⑩

وَسَوَآءٌ عَلَيْهِمْ ءَاَنْذَرْتَهُمْ اَمْ لَمْ تُنْذِرْهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ⑩

11. You can only warn him who follows the Reminder (the Qur'ān), and fears the Most Gracious (Allāh) unseen. Bear you to such one the glad tidings of forgiveness, and a generous reward (i.e. Paradise).

بس آپ تو صرف اس شخص کو ڈراتے ہیں جو نصیحت کی پیروی کرے اور رحمٰن سے بن دیکھے ڈرے، لہٰذا آپ اسے مغفرت اور باعزت اجر کی بشارت دے دیجیے ⑪

اِنَّمَا تُنْذِرُ مَنِ اتَّبَعَ الذِّكْرَ وَخَشِيَ الرَّحْمٰنَ بِالْغَيْبِ ۚ فَبَشِّرْهُ بِمَغْفِرَةٍ وَّاَجْرٍ كَرِيْمٍ ⑪

12. Verily, We give life to the dead, and We record that which they send before (them), and their traces [1] and all things We have recorded with numbers (as a

بلاشبہ ہم ہی مردوں کو زندہ کریں گے، اور جو (اعمال) وہ آگے بھیج چکے انھیں ہم لکھ رہے ہیں اور ان کے آثار (نشانات قدم) کو بھی، اور ہم نے ہر شے کو واضح کتاب میں محفوظ کر رکھا ہے ⑫

اِنَّا نَحْنُ نُحْيِ الْمَوْتٰى وَنَكْتُبُ مَا قَدَّمُوْا وَاٰثَارَهُمْ ۭ وَكُلَّ شَيْءٍ اَحْصَيْنٰهُ فِيْٓ اِمَامٍ مُّبِيْنٍ ⑫ ع 1 12 18

[1] (V.36:12) Traces: Their footsteps and walking on the earth with their legs to the mosques for the five compulsory congregational prayers, *Jihād* (holy fighting in Allāh's Cause) and all other good and evil they did, and that which they leave behind.

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

record) in a Clear Book.

وقف لازم

وَاضْرِبْ لَهُمْ مَّثَلًا اَصْحٰبَ الْقَرْيَةِ ۘ اِذْ جَآءَهَا الْمُرْسَلُوْنَ ﴿13﴾

اور آپ ان کے لیے بستی والوں کی مثال بیان کیجیے جب ان کے پاس (اللہ کے) بھیجے ہوئے آئے ﴿13﴾

13. And put forward to them a similitude; the (story of the) Dwellers of the Town, [it is said that the town was Antioch (Antākiya)], when there came Messengers to them.

اِذْ اَرْسَلْنَآ اِلَيْهِمُ اثْنَيْنِ فَكَذَّبُوْهُمَا فَعَزَّزْنَا بِثَالِثٍ فَقَالُوْٓا اِنَّآ اِلَيْكُمْ مُّرْسَلُوْنَ ﴿14﴾

جب ہم نے ان کی طرف دو (رسول) بھیجے تو انھوں نے انھیں جھٹلایا، پھر ہم نے (انھیں) تیسرے کے ساتھ تقویت دی، تب انھوں نے کہا: بلاشبہ ہم تمھاری طرف بھیجے گئے (رسول) ہیں ﴿14﴾

14. When We sent to them two Messengers, they denied them both; so We reinforced them with a third, and they said: "Verily, we have been sent to you as Messengers."

قَالُوْا مَآ اَنْتُمْ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُنَا ۙ وَمَآ اَنْزَلَ الرَّحْمٰنُ مِنْ شَيْءٍ ۙ اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا تَكْذِبُوْنَ ﴿15﴾

وہ کہنے لگے: تم ہم جیسے بشر ہی تو ہو، اور رحمٰن نے (تم پر) کوئی چیز (بھی تو) نازل نہیں کی، تم تو نرا جھوٹ بولتے ہو ﴿15﴾

15. They (people of the town) said: "You are only human beings like ourselves, and the Most Gracious (Allāh) has revealed nothing. You are only telling lies."

قَالُوْا رَبُّنَا يَعْلَمُ اِنَّآ اِلَيْكُمْ لَمُرْسَلُوْنَ ﴿16﴾

انھوں نے کہا: ہمارا رب جانتا ہے کہ ہم یقیناً تمھاری ہی طرف بھیجے گئے ہیں ﴿16﴾

16. The Messengers said: "Our Lord knows that we have been sent as Messengers to you,

وَمَا عَلَيْنَآ اِلَّا الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ ﴿17﴾

اور ہمارے ذمے تو صرف کھول کر پہنچا دینا ہے ﴿17﴾

17. "And our duty is only to convey plainly (the Message)."

قَالُوْٓا اِنَّا تَطَيَّرْنَا بِكُمْ ۚ لَئِنْ لَّمْ تَنْتَهُوْا لَنَرْجُمَنَّكُمْ وَلَيَمَسَّنَّكُمْ مِّنَّا عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿18﴾

وہ کہنے لگے: ہم تو تمھیں منحوس خیال کرتے ہیں، اگر تم باز نہ آئے تو ہم تمھیں ضرور سنگسار کر دیں گے اور تمھیں ہماری طرف سے ضرور دردناک سزا پہنچے گی ﴿18﴾

18. They (people) said: "For us, we see an evil omen from you; if you cease not, we will surely stone you, and a painful torment will touch you from us."

قَالُوْا طَآئِرُكُمْ مَّعَكُمْ ۭ اَئِنْ ذُكِّرْتُمْ ۭ بَلْ اَنْتُمْ قَوْمٌ مُّسْرِفُوْنَ ﴿19﴾

انھوں نے کہا: تمھاری نحوست تو تمھارے ساتھ ہی ہے، کیا اگر تمھیں نصیحت کی جائے (تو یہ نحوست ہے؟ ہرگز نہیں!) بلکہ تم لوگ ہی حد سے بڑھنے والے ہو ﴿19﴾

19. They (Messengers) said: "Your evil omens be with you! (Do you call it 'evil omen') because you are admonished? Nay, but you are a people *Musrifūn* (transgressing all bounds by committing all kinds of great sins, and by disobeying Allāh).

وَجَآءَ مِنْ اَقْصَا الْمَدِيْنَةِ رَجُلٌ يَّسْعٰى قَالَ يٰقَوْمِ اتَّبِعُوا الْمُرْسَلِيْنَ ﴿20﴾

اور شہر کے پرلے سرے سے ایک آدمی دوڑتا ہوا آیا، اس نے کہا: اے میری قوم! تم رسولوں کی پیروی کرو ﴿20﴾

20. And there came a man running from the farthest part of the town. He said: "O my people! Obey the Messengers.

اتَّبِعُوْا مَنْ لَّا يَسْئَلُكُمْ اَجْرًا وَّهُمْ مُّهْتَدُوْنَ ﴿21﴾

تم ان کی پیروی کرو جو تم سے کوئی صلہ نہیں مانگتے جبکہ وہ (خود) ہدایت یافتہ ہیں ﴿21﴾

21. "Obey those who ask no wages of you (for themselves), and who are rightly guided.

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

وَمَالِيَ لَآ أَعۡبُدُ ٱلَّذِي فَطَرَنِي وَإِلَيۡهِ تُرۡجَعُونَ ﴿٢٢﴾

اور مجھے کیا ہے کہ میں اس ذات کی عبادت نہ کروں جس نے مجھے پیدا کیا؟ اور تم (سب) اسی کی طرف لوٹائے جاؤ گے ﴿22﴾

22. "And why should I not worship Him (Allāh Alone) Who has created me and to Whom you shall be returned.

ءَأَتَّخِذُ مِن دُونِهِۦٓ ءَالِهَةً إِن يُرِدۡنِ ٱلرَّحۡمَٰنُ بِضُرّٖ لَّا تُغۡنِ عَنِّي شَفَٰعَتُهُمۡ شَيۡـٔٗا وَلَا يُنقِذُونِ ﴿٢٣﴾

کیا میں اس (اللہ) کے سوا (دوسروں کو) معبود بنالوں؟ اگر رحمٰن مجھے تکلیف پہنچانے کا ارادہ کرے تو ان کی شفاعت میرے کچھ بھی کام نہ آئے گی اور نہ وہ مجھے چھڑا سکیں گے ﴿23﴾

23. "Shall I take besides Him *ālihah* (gods)? If the Most Gracious (Allāh) intends me any harm, their intercession will be of no use for me whatsoever, nor can they save me.

إِنِّيٓ إِذٗا لَّفِي ضَلَٰلٖ مُّبِينٍ ﴿٢٤﴾

یقیناً میں اس وقت کھلی گمراہی میں ہوں گا ﴿24﴾

24. "Then verily, I should be in plain error.

إِنِّيٓ ءَامَنتُ بِرَبِّكُمۡ فَٱسۡمَعُونِ ﴿٢٥﴾

بلاشبہ میں تمھارے رب پر ایمان لایا ہوں، لہٰذا تم میری بات سنو ﴿25﴾

25. "Verily, I have believed in your Lord, so listen to me!"

قِيلَ ٱدۡخُلِ ٱلۡجَنَّةَۖ قَالَ يَٰلَيۡتَ قَوۡمِي يَعۡلَمُونَ ﴿٢٦﴾

کہا گیا: تو جنت میں داخل ہو جا، اس نے کہا: کاش! میری قوم جان لے① ﴿26﴾

26. It was said (to him when the disbelievers killed him): "Enter Paradise." He said: "Would that my people knew[1]

بِمَا غَفَرَ لِي رَبِّي وَجَعَلَنِي مِنَ ٱلۡمُكۡرَمِينَ ﴿٢٧﴾

(یہ بات) کہ میرے رب نے مجھے بخش دیا ہے اور اس نے مجھے معزز لوگوں میں (شامل) کر دیا ہے ﴿27﴾

27. "That my Lord (Allāh) has forgiven me, and made me of the honoured ones!"

وَمَآ أَنزَلۡنَا عَلَىٰ قَوۡمِهِۦ مِنۢ بَعۡدِهِۦ مِن جُندٖ مِّنَ ٱلسَّمَآءِ وَمَا كُنَّا مُنزِلِينَ ﴿٢٨﴾

اور ہم نے اس کے بعد اس کی قوم پر آسمان سے کوئی فوج نازل نہیں کی اور نہ ہم نازل ہی کرنے والے تھے ﴿28﴾

28. And We sent not against his people after him a host from the heaven, nor was it needful for Us to send (such a thing).

إِن كَانَتۡ إِلَّا صَيۡحَةٗ وَٰحِدَةٗ فَإِذَا هُمۡ خَٰمِدُونَ ﴿٢٩﴾

وہ تو صرف ایک (ہولناک) چیخ تھی، پھر یکایک وہ سب بجھ کر رہ گئے ﴿29﴾

29. It was but one *Saihah* (shout) and lo! they (all) were still (silent, dead, destroyed).

---

[1] (V.36:26)

a) Narrated Abu Mūsā رضي الله عنه: Allāh's Messenger ﷺ said, "My example and the example of the Message with which Allāh has sent me is like that of a man who came to some people and said, 'I have seen with my own eyes the enemy forces, and I am a naked warner (to you) so save yourselves, save yourselves!' A group of them obeyed him and went out at night, slowly and stealthily and were safe, while another group did not believe him and thus the army took them in the morning and destroyed them." [*Sahih Al-Bukhari*, 8/6482 (O.P.489)]

b) Narrated Anas bin Mālik رضي الله عنه: The Prophet ﷺ said, "Nobody who enters Paradise likes to go back to the world even if he got everything on the earth, except a martyr who wishes to return to the world so that he may be martyred ten times because of the honour and dignity he received (from Allāh)." [*Sahih Al-Bukhari*, 4/2817 (O.P.72)]

c) Narrated 'Abdullah bin Abu Aufā رضي الله عنهما: Allāh's Messenger ﷺ said, "Know that Paradise is under the shades of the swords (*Jihād* in Allāh's Cause)." [*Sahih Al-Bukhari*, 4/2818 (O.P.73)]

d) Narrated Anas bin Mālik رضي الله عنه: The Prophet ﷺ used to say, "O Allāh! I seek refuge with You from helplessness, laziness, cowardice and senile old age; I seek refuge with You from *Fitan* (trials and afflictions) of life and death, and seek refuge with You from the punishment in the grave." [*Sahih Al-Bukhari*, 4/2823 (O.P.77)]

e) Narrated Abdullah bin Umar رضي الله عنهما: I heard Allāh's Messenger ﷺ saying, "People are just like camels; out of one hundred, one can hardly find a single camel suitable to ride." [*Sahih Al-Bukhari*, 8/6498 (O.P.505)]

① یعنی یہ بات جان لے کہ نجات اللہ اور اس کے رسول کی بات ماننے میں ہے اور یہی ہدایت اور جنت کا راستہ ہے۔ احادیث میں بھی اس مفہوم کو مختلف پیرایوں میں بیان کیا گیا ہے۔ چنانچہ حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: "میری مثال اور جو کلام مجھے اللہ نے دے کر بھیجا ہے، اس کی مثال ایسی ہے جیسے کوئی شخص اپنی قوم کے پاس آئے اور کہے: میں دشمن کو اپنی آنکھ سے دیکھ کر آیا ہوں اور میں کھلا ڈرانے والا ہوں۔ بھاگو! بھاگو! (اپنی جان بچاؤ!) اب ان میں سے ایک گروہ تو اس کی بات مان لے اور رات کو خاموشی کے ساتھ وہاں سے نکل کر اپنی جان بچالے جبکہ ایک گروہ اس کی بات نہ مانے پھر صبح سویرے دشمن کی فوج اسے تباہ کر ڈالے۔" (صحيح البخاري، الرقاق باب: 26 حديث: 6482)

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

30. Alas for mankind! There never came a Messenger to them but they used to mock at him.

ہائے افسوس بندوں پر! ان کے پاس جو بھی رسول آیا وہ اس کا مذاق ہی اڑاتے (رہے)﴿30﴾

يٰحَسْرَةً عَلَى الْعِبَادِ ۚ مَا يَاْتِيْهِمْ مِّنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿30﴾

31. Do they not see how many of the generations We have destroyed before them? Verily, they will not return to them.

کیا انھوں نے دیکھا نہیں کہ ہم نے ان سے پہلے کتنی امتیں ہلاک کر دیں؟ بے شک وہ ان کے پاس نہیں لوٹیں گی﴿31﴾

اَلَمْ يَرَوْا كَمْ اَهْلَكْنَا قَبْلَهُمْ مِّنَ الْقُرُوْنِ اَنَّهُمْ اِلَيْهِمْ لَا يَرْجِعُوْنَ ﴿31﴾

32. And surely, all — everyone of them will be brought before Us.

اور سارے کے سارے (لوگ) ہی ہمارے پاس حاضر کیے جائیں گے﴿32﴾

وَاِنْ كُلٌّ لَّمَّا جَمِيْعٌ لَّدَيْنَا مُحْضَرُوْنَ ﴿32﴾

33. And a sign for them is the dead land. We give it life, and We bring forth from it grains, so that they eat thereof.

اور ان کے لیے مردہ زمین ایک (عظیم) نشانی ہے، ہم نے اسے زندہ کیا اور ہم نے اس سے (اناج کا) دانہ نکالا، پھر وہ اسی سے کھاتے ہیں﴿33﴾

وَاٰيَةٌ لَّهُمُ الْاَرْضُ الْمَيْتَةُ ۚ اَحْيَيْنٰهَا وَاَخْرَجْنَا مِنْهَا حَبًّا فَمِنْهُ يَاْكُلُوْنَ ﴿33﴾

34. And We have made therein gardens of date palms and grapes, and We have caused springs of water to gush forth therein.

اور ہم نے اس (زمین) میں کھجوروں اور انگوروں کے باغات پیدا کیے، اور ہم نے ان میں چشمے جاری کیے﴿34﴾

وَجَعَلْنَا فِيْهَا جَنّٰتٍ مِّنْ نَّخِيْلٍ وَّاَعْنَابٍ وَّفَجَّرْنَا فِيْهَا مِنَ الْعُيُوْنِ ﴿34﴾

35. So that they may eat of the fruit thereof — and their hands made it not. Will they not then give thanks?

تاکہ وہ اس کے پھلوں سے کھائیں اور وہ (پھل) ان کے ہاتھوں نے نہیں بنائے، پھر کیا وہ شکر نہیں کرتے؟﴿35﴾

لِيَاْكُلُوْا مِنْ ثَمَرِهٖ ۙ وَمَا عَمِلَتْهُ اَيْدِيْهِمْ ۭ اَفَلَا يَشْكُرُوْنَ ﴿35﴾

36. Glorified is He Who has created all the pairs of that which the earth produces, as well as of their own (human) kind (male and female), and of that which they know not.

پاک ہے وہ ذات جس نے سب کے سب جوڑے پیدا کیے، ان چیزوں کے بھی جنھیں زمین اگاتی ہے اور خود ان (انسانوں) کے اپنے بھی، اور ان کے بھی جنھیں وہ نہیں جانتے﴿36﴾

سُبْحٰنَ الَّذِيْ خَلَقَ الْاَزْوَاجَ كُلَّهَا مِمَّا تُنْۢبِتُ الْاَرْضُ وَمِنْ اَنْفُسِهِمْ وَمِمَّا لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿36﴾

37. And a sign for them is the night. We withdraw therefrom the day, and behold, they are in darkness.

اور ان کے لیے ایک نشانی رات ہے، ہم اس سے دن کو کھینچ نکالتے ہیں، پھر (دن ختم ہونے پر) یکا یک وہ اندھیرے میں ڈوب جاتے ہیں﴿37﴾

وَاٰيَةٌ لَّهُمُ الَّيْلُ ښ نَسْلَخُ مِنْهُ النَّهَارَ فَاِذَا هُمْ مُّظْلِمُوْنَ ﴿37﴾

38. And the sun runs on its fixed course for a term (appointed). That is the Decree of the All-Mighty, the All-Knowing.

اور سورج اپنے ٹھکانے (پر پہنچنے) کے لیے رواں دواں رہتا ہے، یہ نہایت غالب، خوب جاننے والے (اللہ) کا اندازہ ہے﴿38﴾

وَالشَّمْسُ تَجْرِيْ لِمُسْتَقَرٍّ لَّهَا ۭ ذٰلِكَ تَقْدِيْرُ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ ﴿38﴾

39. And the moon, We have measured for it mansions (to traverse) till it returns like the old dried curved date stalk.

اور چاند کی ہم نے (اٹھائیس) منزلیں مقرر کر رکھی ہیں حتی کہ وہ کھجور کے خوشے کی پرانی ٹیڑھی ڈنڈی کی طرح ہو جاتا ہے﴿39﴾

وَالْقَمَرَ قَدَّرْنٰهُ مَنَازِلَ حَتّٰى عَادَ كَالْعُرْجُوْنِ الْقَدِيْمِ ﴿39﴾

40. It is not for the sun to overtake the moon, nor does the night outstrip the day. They all float, each in an orbit.

نہ سورج کے یہ لائق ہے کہ وہ چاند کو پا لے اور نہ رات دن سے پہلے آ سکتی ہے اور ہر ایک (اپنے اپنے) مدار میں تیرتا پھرتا ہے﴿40﴾

لَا الشَّمْسُ يَنْۢبَغِيْ لَهَآ اَنْ تُدْرِكَ الْقَمَرَ وَلَا الَّيْلُ سَابِقُ النَّهَارِ ۭ وَكُلٌّ فِيْ فَلَكٍ يَّسْبَحُوْنَ ﴿40﴾

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

وَاٰيَةٌ لَّهُمْ اَنَّا حَمَلْنَا ذُرِّيَّتَهُمْ فِى الْفُلْكِ الْمَشْحُوْنِ ﴿٤١﴾

اوران کے لیے ایک نشانی (یہ) ہے کہ بے شک ہم نے ان کی نسل کو (نوح کی) بھری ہوئی کشتی میں سوار کیا ﴿٤١﴾

41. And an *Āyah* (sign) for them is that We carried their offspring in the laden ship [of Nūh (Noah)].

وَخَلَقْنَا لَهُمْ مِّنْ مِّثْلِهٖ مَا يَرْكَبُوْنَ ﴿٤٢﴾

اور ہم نے ان کے لیے ویسی ہی (اور چیزیں) پیدا کیں جن پر وہ سوار ہوتے ہیں ﴿٤٢﴾

42. And We have created for them of the like thereunto, on which they ride.

وَاِنْ نَّشَاْ نُغْرِقْهُمْ فَلَا صَرِيْخَ لَهُمْ وَلَا هُمْ يُنْقَذُوْنَ ﴿٤٣﴾

اور اگر ہم چاہیں تو انھیں غرق کر دیں، پھر نہ تو کوئی ان کی فریاد سننے والا ہوگا اور نہ وہ چھڑائے ہی جاسکیں گے ﴿٤٣﴾

43. And if We will, We shall drown them, and there will be no shout (or helper) for them (to hear their cry for help), nor will they be saved.

اِلَّا رَحْمَةً مِّنَّا وَمَتَاعًا اِلٰى حِيْنٍ ﴿٤٤﴾

مگر (ان کی نجات) ہماری رحمت ہی سے ہے اور ایک مدت تک فائدہ (اٹھانے کے لیے) ہے ﴿٤٤﴾

44. Unless it be a mercy from Us, and as an enjoyment for a while.

وَاِذَا قِيْلَ لَهُمُ اتَّقُوْا مَا بَيْنَ اَيْدِيْكُمْ وَمَا خَلْفَكُمْ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ﴿٤٥﴾

اور جب ان سے کہا جاتا ہے: اس (عذاب) سے بچو جو تمھارے سامنے (دنیا میں) اور جو تمھارے پیچھے (آخرت میں) ہے تاکہ تم پر رحم کیا جائے ﴿٤٥﴾

45. And when it is said to them: "Fear of that which is before you (worldly torments), and that which is behind you (torments in the Hereafter), in order that you may receive mercy (i.e. if you believe in Allāh's religion — Islāmic Monotheism, and avoid polytheism, and obey Allāh with righteous deeds)."

وَمَا تَاْتِيْهِمْ مِّنْ اٰيَةٍ مِّنْ اٰيٰتِ رَبِّهِمْ اِلَّا كَانُوْا عَنْهَا مُعْرِضِيْنَ ﴿٤٦﴾

اور ان کے رب کی نشانیوں میں سے جو بھی نشانی ان کے پاس آتی ہے تو وہ اس سے منہ موڑنے والے ہوتے ہیں ﴿٤٦﴾

46. And never came an *Ayāh* from among the *Ayāt* (proofs, evidences, verses, lessons, signs, revelations, etc.) of their Lord to them, but they did turn away from it.

وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ اَنْفِقُوْا مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّٰهُ ۙ قَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَنُطْعِمُ مَنْ لَّوْ يَشَآءُ اللّٰهُ اَطْعَمَهٗٓ ۖ اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿٤٧﴾

اور جب ان سے کہا جاتا ہے: اللہ نے تمھیں جو رزق دیا ہے تم اس میں سے خرچ کرو (تو) وہ لوگ جنھوں نے کفر کیا ان لوگوں سے جو ایمان لائے، کہتے ہیں: کیا ہم اسے کھلائیں جسے اگر اللہ چاہتا تو کھلا دیتا؟ تم تو کھلی گمراہی میں ہو ﴿٤٧﴾

47. And when it is said to them: "Spend of that which Allāh has provided you," those who disbelieve say to those who believe: "Shall we feed those whom, if Allāh willed, He (Himself) would have fed? You are only in a plain error."

وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى هٰذَا الْوَعْدُ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿٤٨﴾

اور وہ کہتے ہیں اگر تم سچے ہو تو یہ وعدہ کب پورا ہوگا؟ ﴿٤٨﴾

48. And they say: "When will this promise (i.e. Resurrection) be fulfilled, if you are truthful?"

مَا يَنْظُرُوْنَ اِلَّا صَيْحَةً وَّاحِدَةً تَاْخُذُهُمْ وَهُمْ يَخِصِّمُوْنَ ﴿٤٩﴾

وہ تو صرف ایک (ہولناک) چیخ کا انتظار کر رہے ہیں جو انھیں آ پکڑے گی جبکہ وہ (آپس میں) جھگڑ رہے ہوں گے ﴿٤٩﴾

49. They await only but a single *Saihah* (shout) which will seize them while they are disputing!

فَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ تَوْصِيَةً وَّلَآ اِلٰٓى اَهْلِهِمْ

پھر نہ تو وہ کسی وصیت کرنے کی طاقت رکھیں گے

50. Then they will not be able to

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

يَرْجِعُونَ ۝٥٠

اور نہ اپنے اہل وعیال کے پاس لوٹ ہی سکیں گے ۝٥٠

make bequest, nor will they return to their family.

وَنُفِخَ فِي الصُّوْرِ فَإِذَا هُمْ مِّنَ الْأَجْدَاثِ إِلَىٰ رَبِّهِمْ يَنْسِلُوْنَ ۝٥١

اور (جب) صور پھونکا جائے گا تو یکایک وہ (اپنی) قبروں سے (نکل کر) اپنے رب کی طرف تیزی سے دوڑیں گے ۝٥١

51. And the Trumpet will be blown (i.e. the second blowing) and behold from the graves they will come out quickly to their Lord.

قَالُوْا يٰوَيْلَنَا مَنْۢ بَعَثَنَا مِنْ مَّرْقَدِنَا ۜ هٰذَا مَا وَعَدَ الرَّحْمٰنُ وَصَدَقَ الْمُرْسَلُوْنَ ۝٥٢

وہ کہیں گے: ہائے ہماری بربادی! کس نے ہمیں ہماری خواب گاہ سے اٹھا دیا؟ یہی تو ہے جو رحمٰن نے وعدہ کیا تھا اور رسولوں نے سچ کہا تھا ۝٥٢

52. They will say: "Woe to us! Who has raised us up from our place of sleep." (It will be said to them:) "This is what the Most Gracious (Allāh) had promised, and the Messengers spoke truth!"

إِنْ كَانَتْ إِلَّا صَيْحَةً وَّاحِدَةً فَإِذَا هُمْ جَمِيْعٌ لَّدَيْنَا مُحْضَرُوْنَ ۝٥٣

وہ تو بس ایک (ہولناک) چیخ ہوگی، پھر یکایک وہ سب ہمارے سامنے حاضر کردیے جائیں گے ۝٥٣

53. It will be but a single *Saihah* (shout), so behold they will all be brought up before Us!

فَالْيَوْمَ لَا تُظْلَمُ نَفْسٌ شَيْئًا وَّلَا تُجْزَوْنَ إِلَّا مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۝٥٤

چنانچہ آج کسی جان (شخص) پر کچھ بھی ظلم نہیں کیا جائے گا اور تمھیں صرف اسی کا بدلہ دیا جائے گا جو تم عمل کرتے تھے ۝٥٤

54. This Day (Day of Resurrection), none will be wronged in anything, nor will you be requited anything except that which you used to do.

إِنَّ أَصْحٰبَ الْجَنَّةِ الْيَوْمَ فِيْ شُغُلٍ فٰكِهُوْنَ ۝٥٥

بے شک اہل جنت آج ایک شغل میں خوش وخرم ہوں گے ۝٥٥

55. Verily, the dwellers of Paradise, that Day, will be busy with joyful things.

هُمْ وَأَزْوَاجُهُمْ فِيْ ظِلٰلٍ عَلَى الْأَرَآئِكِ مُتَّكِـُٔوْنَ ۝٥٦

وہ اور ان کی بیویاں سایوں میں تختوں پر ٹیک لگائے ہوں گے ۝٥٦

56. They and their wives will be in pleasant shade, reclining on thrones.

لَهُمْ فِيْهَا فَاكِهَةٌ وَّلَهُمْ مَّا يَدَّعُوْنَ ۝٥٧

ان کے لیے وہاں (ہرقسم کے) پھل ہوں گے اور ان کے لیے وہ ہوگا جو وہ مانگیں گے ۝٥٧

57. They will have therein fruits (of all kinds) and all that they ask for.

سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ ۝٥٨

(انھیں) نہایت مہربان رب کی طرف سے سلام کہا جائے گا ۝٥٨

58. (It will be said to them:) *Salām* (peace be on you) — a Word from the Lord (Allāh), Most Merciful.

وَامْتَازُوا الْيَوْمَ أَيُّهَا الْمُجْرِمُوْنَ ۝٥٩

اے مجرمو! آج الگ ہوجاؤ ۝٥٩

59. (It will be said:) "And O you the *Mujrimūn* (criminals, polytheists, sinners, disbelievers in Islāmic Monotheism, wicked evil ones)! Get you apart this Day (from the believers).

أَلَمْ أَعْهَدْ إِلَيْكُمْ يٰبَنِيْٓ اٰدَمَ أَنْ لَّا تَعْبُدُوا الشَّيْطٰنَ ۚ إِنَّهٗ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ۝٦٠

اے بنی آدم! کیا میں نے تمھیں (اس بات کی) تاکید نہیں کی تھی کہ تم شیطان کی عبادت نہ کرنا، بلاشبہ وہ تمھارا کھلا دشمن ہے ۝٦٠

60. Did I not command you, O Children of Adam, that you should not worship *Shaitān* (Satan)? Verily, he is a plain enemy to you.

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

وَّاَنِ اعْبُدُوْنِيْ ۭ هٰذَا صِرَاطٌ مُّسْتَقِيْمٌ ﴿61﴾

اور یہ کہ تم میری ہی عبادت کرو، یہی سیدھا راستہ ہے① ﴿61﴾

61. And that you should worship Me [Alone — Islāmic Monotheism, and set up not rivals, associate-gods with Me]. That is a Straight Path.[1]

وَلَقَدْ اَضَلَّ مِنْكُمْ جِبِلًّا كَثِيْرًا ۭ اَفَلَمْ تَكُوْنُوْا تَعْقِلُوْنَ ﴿62﴾

اور بلاشبہ اس نے تم میں سے بہت سی مخلوق کو گمراہ کر دیا، کیا پھر بھی تم نہیں سمجھتے؟ ﴿62﴾

62. And indeed he (Satan) did lead astray a great multitude of you. Did you not then understand?

هٰذِهٖ جَهَنَّمُ الَّتِيْ كُنْتُمْ تُوْعَدُوْنَ ﴿63﴾

یہ وہ جہنم ہے جس کا تم سے وعدہ کیا جاتا تھا ﴿63﴾

63. This is Hell which you were promised!

اِصْلَوْهَا الْيَوْمَ بِمَا كُنْتُمْ تَكْفُرُوْنَ ﴿64﴾

آج کے دن اس میں داخل ہو جاؤ کیونکہ تم کفر کیا کرتے تھے ﴿64﴾

64. Burn therein this Day, for that you used to disbelieve.[2]

اَلْيَوْمَ نَخْتِمُ عَلٰٓي اَفْوَاهِهِمْ وَتُكَلِّمُنَآ اَيْدِيْهِمْ وَتَشْهَدُ اَرْجُلُهُمْ بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ﴿65﴾

آج ہم ان کے مونہوں پر مہر لگا دیں گے، اور ان کے ہاتھ ہم سے کلام کریں گے، اور ان کے پیر گواہی دیں گے اس کی جو کچھ وہ کماتے تھے ﴿65﴾

65. This Day, We shall seal up their mouths, and their hands will speak to Us, and their legs will bear witness to what they used to earn. (It is said that one's left thigh will be the first to bear the witness). (*Tafsir At-Tabarī*)

وَلَوْ نَشَاۗءُ لَطَمَسْنَا عَلٰٓي اَعْيُنِهِمْ فَاسْتَبَقُوا الصِّرَاطَ فَاَنّٰى يُبْصِرُوْنَ ﴿66﴾

اور اگر ہم چاہیں تو ان کی آنکھیں مٹا دیں، پھر وہ دوڑیں راستہ (تلاش کرنے) کو، تو وہ کیوں کر دیکھ سکیں گے! ﴿66﴾

66. And if it had been Our Will, We would surely have wiped out (blinded) their eyes, so that they would struggle for the Path, how then would they see?

وَلَوْ نَشَاۗءُ لَمَسَخْنٰهُمْ عَلٰي مَكَانَتِهِمْ فَمَا اسْتَطَاعُوْا مُضِيًّا وَّلَا يَرْجِعُوْنَ ﴿67﴾ ع 4/17/3

اور اگر ہم چاہیں تو انھی کی جگہوں پر ان کی صورتیں مسخ کر دیں، پھر وہ (آگے) چلنے کی طاقت نہ رکھیں اور نہ وہ لوٹ سکیں② ﴿67﴾

67. And if it had been Our Will, We could have transformed them (into animals or lifeless objects) in their places. Then they would have been unable to go forward (move about) nor they could have turned back.[3]

وَمَنْ نُّعَمِّرْهُ نُنَكِّسْهُ فِي الْخَلْقِ ۭ اَفَلَا يَعْقِلُوْنَ ﴿68﴾

اور جس شخص کو ہم (زیادہ) عمر دیں (گویا) ہم اسے (حالت) پیدائش کی طرف لوٹا دیتے ہیں، کیا پھر وہ عقل نہیں رکھتے؟ ﴿68﴾

68. And he whom We grant long life — We reverse him in creation (weakness after strength). Will they not then understand?

وَمَا عَلَّمْنٰهُ الشِّعْرَ وَمَا يَنْۢبَغِيْ لَهٗ ۭ اِنْ هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ وَّقُرْاٰنٌ مُّبِيْنٌ ﴿69﴾

اور ہم نے اس (رسول) کو شعر کہنا نہیں سکھایا اور نہ (یہ) اس کے لائق ہی تھے، یہ (کلام الٰہی) تو سراسر نصیحت اور واضح قرآن ہے ﴿69﴾

69. And We have not taught him (Muhammad ﷺ) poetry, nor is it suitable for him. This is only a Reminder and a plain Qur'ān.

---

[1] (V.36:61) See the footnote of (V.2:22).
[2] (V.36:64) See the footnote of (V.3:91).
[3] (V.36:67) See (V.7:166) and the footnote of (V.5:90).

① ملاحظہ کریں حاشیہ: (سورۂ بقرہ:2 22/2)
② ملاحظہ کریں حاشیہ: (سورۂ آل عمران:3 91/3)

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

لِّيُنْذِرَ مَنْ كَانَ حَيًّا وَّيَحِقَّ الْقَوْلُ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ ﴿70﴾

تاکہ وہ اسے ڈرائے جو زندہ ہے اور کافروں پر (اللہ کے عذاب کی) بات ثابت ہو جائے ﴿70﴾

70. That he or it (Muhammad ﷺ or the Qur'ān) may give warning to him who is living (a healthy minded — the believer), and that Word (charge) may be justified against the disbelievers (dead, as they reject the warnings).

اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّا خَلَقْنَا لَهُمْ مِّمَّا عَمِلَتْ اَيْدِيْنَآ اَنْعَامًا فَهُمْ لَهَا مٰلِكُوْنَ ﴿71﴾

کیا انھوں نے نہیں دیکھا کہ ہم نے اپنے ہاتھوں سے جو چیزیں بنائیں ان میں یقیناً ہم نے ان کے لیے چوپائے بھی پیدا کیے؟ پھر وہ ان کے مالک (بن گئے) ہیں ﴿71﴾

71. Do they not see that We have created for them of what Our Hands have created, the cattle, so that they are their owners.

وَذَلَّلْنٰهَا لَهُمْ فَمِنْهَا رَكُوْبُهُمْ وَمِنْهَا يَاْكُلُوْنَ ﴿72﴾

اور ہم نے انھیں ان کے تابع کر دیا، چنانچہ ان میں سے کچھ ان کی سواریاں ہیں، اور ان میں سے کچھ کو وہ کھاتے ہیں ﴿72﴾

72. And We have subdued them to them so that some of them they have for riding and some they eat.

وَلَهُمْ فِيْهَا مَنَافِعُ وَمَشَارِبُ ۭ اَفَلَا يَشْكُرُوْنَ ﴿73﴾

اور ان کے لیے ان (چوپایوں) میں (اور بھی) فائدے اور پینے کی چیزیں ہیں، کیا پھر وہ شکر نہیں کرتے؟ ﴿73﴾

73. And they have (other) benefits from them, and they get (milk) to drink. Will they not then be grateful?

وَاتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اٰلِهَةً لَّعَلَّهُمْ يُنْصَرُوْنَ ﴿74﴾

اور انھوں نے اللہ کے سوا کئی معبود بنا لیے تاکہ ان کی مدد کی جائے ﴿74﴾

74. And they have taken besides Allāh *ālihah* (gods), hoping that they might be helped (by those so-called gods).

لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ نَصْرَهُمْ ۙ وَهُمْ لَهُمْ جُنْدٌ مُّحْضَرُوْنَ ﴿75﴾

وہ (معبود) ان کی مدد کی طاقت نہیں رکھتے جبکہ وہ (مشرکین) تو خود ان (بتوں) کے حاضر باش لشکری (حمایتی) ہیں ﴿75﴾

75. They cannot help them, but they will be brought forward as a troop against those who worshipped them (at the time of Reckoning).

فَلَا يَحْزُنْكَ قَوْلُهُمْ ۘ اِنَّا نَعْلَمُ مَا يُسِرُّوْنَ وَمَا يُعْلِنُوْنَ ﴿76﴾

لہٰذا ان کی باتیں آپ کو غمگین نہ کریں، بلاشبہ ہم جانتے ہیں جو کچھ وہ چھپاتے ہیں اور جو کچھ وہ ظاہر کرتے ہیں ﴿76﴾

76. So, let not their speech then grieve you (O Muhammad ﷺ). Verily, We know what they conceal and what they reveal.

اَوَلَمْ يَرَ الْاِنْسَانُ اَنَّا خَلَقْنٰهُ مِنْ نُّطْفَةٍ فَاِذَا هُوَ خَصِيْمٌ مُّبِيْنٌ ﴿77﴾

کیا انسان نے نہیں دیکھا کہ بے شک ہم نے اسے نطفے سے پیدا کیا ہے؟ پھر یکایک وہ کھلا جھگڑالو ہو گیا ﴿77﴾

77. Does not man see that We have created him from *Nutfah* (mixed drops of male and female sexual discharge). Yet behold! he (stands forth) as an open opponent.

وَضَرَبَ لَنَا مَثَلًا وَّنَسِيَ خَلْقَهٗ ۭ قَالَ مَنْ يُّحْيِ الْعِظَامَ وَهِيَ رَمِيْمٌ ﴿78﴾

اور اس نے ہمارے لیے ایک مثال بیان کی اور وہ اپنی پیدائش کو بھول گیا، اس نے کہا: ہڈیوں کو کون زندہ کرے گا جبکہ وہ گلی سڑی ہوں گی؟ ﴿78﴾

78. And he puts forth for Us a parable, and forgets his own creation. He says: "Who will give life to these bones after they are rotten and have become dust?"

قُلْ يُحْيِيْهَا الَّذِيْٓ اَنْشَاَهَآ اَوَّلَ مَرَّةٍ ۭ وَهُوَ

آپ کہہ دیجیے: انھیں وہی (اللہ) زندہ کرے گا جس

79. Say (O Muhammad ﷺ): "He will give life to them Who

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

بِكُلِّ خَلْقٍ عَلِيْمٌ ۝٧٩

نے انھیں پہلی بار پیدا کیا اور وہ ہر طرح کے پیدا کرنے کو خوب جانتا ہے ۝٧٩

created them for the first time! And He is All-Knower of every creation!"

الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمْ مِّنَ الشَّجَرِ الْاَخْضَرِ نَارًا فَاِذَآ اَنْتُمْ مِّنْهُ تُوْقِدُوْنَ ۝٨٠

وہ (اللہ) جس نے تمھارے لیے سبز درخت سے آگ بنا دی، پھر یکایک تم اس سے آگ سلگا لیتے ہو ۝٨٠

80. He Who produces for you fire out of the green tree, when behold! you kindle therewith.

اَوَلَيْسَ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِقٰدِرٍ عَلٰٓى اَنْ يَّخْلُقَ مِثْلَهُمْ ۭ بَلٰى ۤ وَهُوَ الْخَلّٰقُ الْعَلِيْمُ ۝٨١

کیا وہ (اللہ) جس نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا اس بات پر قادر نہیں کہ وہ ان جیسے (انسان) پیدا کر دے؟ کیوں نہیں! وہی تو (سب کچھ) پیدا کرنے والا، خوب جاننے والا ہے ۝٨١

81. Is not He Who created the heavens and the earth, Able to create the like of them? Yes, indeed! He is the All-Knowing Supreme Creator.

اِنَّمَآ اَمْرُهٗٓ اِذَآ اَرَادَ شَيْـًٔا اَنْ يَّقُوْلَ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ ۝٨٢

جب وہ کسی چیز کا ارادہ کرتا ہے تو بس اس کا حکم صرف یہ ہوتا ہے کہ وہ اس سے کہتا ہے: ہو جا تو وہ ہو جاتی ہے ۝٨٢

82. Verily, His Command, when He intends a thing, is only that He says to it, "Be!" — and it is!

فَسُبْحٰنَ الَّذِيْ بِيَدِهٖ مَلَكُوْتُ كُلِّ شَيْءٍ وَّاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ۝٨٣ ع 5 16 4

چنانچہ پاک ہے وہ (اللہ) جس کے ہاتھ میں ہر چیز کی بادشاہی ہے، اور اسی کی طرف تم لوٹائے جاؤ گے ۝٨٣

83. So Glorified is He (and Exalted above all that they associate with Him) in Whose Hand is the dominion of all things, and to Him you shall be returned.

Sūrat As-Sāffāt (Those Ranged in Ranks) 37

سورۂ صافات

آیاتها 182 (37) سُوْرَةُ الصّٰفّٰتِ مَكِّيَّةٌ (56) رکوعاتها 5

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے (شروع) جو نہایت مہربان، بہت رحم کرنے والا ہے۔

In the Name of Allāh, the Most Gracious, the Most Merciful.

وَالصّٰۗفّٰتِ صَفًّا ۝١ المنزل السادس 6

قسم ہے قطار در قطار صفیں باندھنے والوں (فرشتوں) کی ۝١

1. By those (angels) ranged in ranks (or rows).

فَالزّٰجِرٰتِ زَجْرًا ۝٢

پھر جھڑک کر ڈانٹنے والوں کی ۝٢

2. By those (angels) who drive the clouds in a good way.

فَالتّٰلِيٰتِ ذِكْرًا ۝٣

پھر قرآن کی تلاوت کرنے والوں کی ۝٣

3. By those (angels) who bring the Book and the Qur'ān from Allāh to mankind. (*Tafsir Ibn Kathīr*)

اِنَّ اِلٰهَكُمْ لَوَاحِدٌ ۝٤

بلاشبہ تمھارا معبود ایک ہی ہے ۝٤

4. Verily, your *Ilāh* (God) is indeed One (i.e. Allāh);

رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا وَرَبُّ الْمَشَارِقِ ۝٥

(وہی) رب ہے آسمانوں اور زمین کا اور (اس کا بھی) جو کچھ ان ہی دونوں کے درمیان ہے اور (تمام) مشرقوں کا رب ہے ۝٥

5. The Lord of the heavens and of the earth, and all that is between them, and the Lord of every point of the sun's risings.[1]

[1] (V.37:5) The sun has approx. 365 points for its rising and 365 points for its setting (i.e. the number of days of a solar year). Every day it rises and sets in a new point, till the end of the year, then it comes back to the same point after a year. (See *Tafsir Al-Qurtubi*)

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

6. Verily, We have adorned the near heaven with the stars (for beauty).[1]	بے شک ہم ہی نے آسمان دنیا کو ستاروں سے زینت دے کر سجایا ہے ⑥	إِنَّا زَيَّنَّا السَّمَآءَ الدُّنْيَا بِزِينَةٍ الْكَوَاكِبِ ⑥
7. And to guard against every rebellious devil.	اور ہر سرکش شیطان سے (اس کی) حفاظت کے لیے ⑦	وَحِفْظًا مِّن كُلِّ شَيْطَٰنٍ مَّارِدٍ ⑦
8. They cannot listen to the higher group (angels) for they are pelted from every side.	(تاکہ) وہ عالم بالا کی (باتیں) سن نہ پائیں، اور (ان پر) ہر طرف سے (شہاب) پھینکے جاتے ہیں ⑧	لَّا يَسَّمَّعُونَ إِلَى الْمَلَإِ الْأَعْلَىٰ وَيُقْذَفُونَ مِن كُلِّ جَانِبٍ ⑧
9. Outcast, and theirs is a constant (or painful) torment.	(انھیں) بھگانے کے لیے، اور ان کے لیے دائمی عذاب ہے ⑨	دُحُورًا وَلَهُمْ عَذَابٌ وَاصِبٌ ⑨
10. Except such as snatch away something by stealing, and they are pursued by a flaming fire of piercing brightness.	مگر جو کوئی (ایک آدھ بات) اچانک اچک کر لے جائے تو نہایت چمکتا ہوا ستارہ اس کے پیچھے لگ جاتا ہے ⑩	إِلَّا مَنْ خَطِفَ الْخَطْفَةَ فَأَتْبَعَهُ شِهَابٌ ثَاقِبٌ ⑩
11. Then ask them (i.e. these polytheists, O Muhammad ﷺ): "Are they stronger as creation, or those (others like the heavens and the earth and the mountains) whom We have created?" Verily, We created them of a sticky clay.	پھر آپ ان سے پوچھیے: کیا انھیں پیدا کرنا زیادہ مشکل ہے یا جو کچھ ہم نے پیدا کیا؟ بے شک ہم نے ان (انسانوں) کو لیس دار مٹی سے پیدا کیا ⑪	فَاسْتَفْتِهِمْ أَهُمْ أَشَدُّ خَلْقًا أَم مَّنْ خَلَقْنَا ۚ إِنَّا خَلَقْنَٰهُم مِّن طِينٍ لَّازِبٍ ⑪
12. Nay, you (O Muhammad ﷺ) wondered (at their insolence) while they mock (at you and at the Qur'ān).	بلکہ آپ نے (کفار کے انکار آخرت پر) تعجب کیا جبکہ وہ ٹھٹھا کرتے ہیں ⑫	بَلْ عَجِبْتَ وَيَسْخَرُونَ ⑫
13. And when they are reminded, they pay no attention.	اور جب انھیں نصیحت کی جاتی ہے تو وہ نصیحت قبول نہیں کرتے ⑬	وَإِذَا ذُكِّرُوا لَا يَذْكُرُونَ ⑬
14. And when they see an *Ayāh* (a sign, or an evidence) from Allāh, they mock at it.	اور جب وہ کوئی نشانی دیکھتے ہیں تو خوب مذاق اڑاتے ہیں ⑭	وَإِذَا رَأَوْا ءَايَةً يَسْتَسْخِرُونَ ⑭
15. And they say: "This is nothing but evident magic!	اور وہ کہتے ہیں: یہ تو بالکل کھلا جادو ہے ⑮	وَقَالُوا إِنْ هَٰذَا إِلَّا سِحْرٌ مُّبِينٌ ⑮
16. "When we are dead and have become dust and bones, shall we (then) verily be resurrected?	کیا جب ہم مر جائیں گے اور مٹی اور ہڈیاں ہو جائیں گے تو کیا ہمیں سچ مچ (دوبارہ) اٹھایا جائے گا؟ ⑯	أَءِذَا مِتْنَا وَكُنَّا تُرَابًا وَعِظَٰمًا أَءِنَّا لَمَبْعُوثُونَ ⑯
17. "And also our fathers of old?"	کیا ہمارے پہلے باپ دادوں کو بھی؟ ⑰	أَوَءَابَآؤُنَا الْأَوَّلُونَ ⑰
18. Say (O Muhammad ﷺ): "Yes, and you shall then be humiliated."	آپ کہہ دیجیے: ہاں! اور تم ذلیل وخوار ہو گے ⑱	قُلْ نَعَمْ وَأَنتُمْ دَٰخِرُونَ ⑱
19. It will be a single *Zajrah*	سو بس وہ (اٹھانا) تو ایک جھڑکی ہی ہو گی، تو وہ یکا یک	فَإِنَّمَا هِيَ زَجْرَةٌ وَٰحِدَةٌ فَإِذَا هُمْ يَنظُرُونَ ⑲

[1] (V.37:6) See the footnote of (V.6:97).

① ملاحظہ کریں حاشیہ: (سورۂ انعام 6:97)

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

(زندہ ہو کر) دیکھتے ہوں گے ⑲

[shout (i.e. the second blowing of the Trumpet)], and behold, they will be staring!

وَقَالُوْا يٰوَيْلَنَا هٰذَا يَوْمُ الدِّيْنِ ⑳

اور وہ کہیں گے: ہائے ہماری بدبختی! یہ تو جزا کا دن ہے ⑳

20. They will say: "Woe to us! This is the Day of Recompense!"

هٰذَا يَوْمُ الْفَصْلِ الَّذِيْ كُنْتُمْ بِهٖ تُكَذِّبُوْنَ ㉑ ع 1 21 5

یہی فیصلے کا دن ہے جسے تم جھٹلاتے تھے ㉑

21. (It will be said): "This is the Day of Judgement which you used to deny."

اُحْشُرُوا الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا وَاَزْوَاجَهُمْ وَمَا كَانُوْا يَعْبُدُوْنَ ㉒

(اے فرشتو!) اکٹھا کرو ان لوگوں کو جنھوں نے ظلم کیا، اور ان کے جوڑوں کو اور (ان کو) جن کی وہ عبادت کیا کرتے تھے ㉒

22. (It will be said to the angels): "Assemble those who did wrong, together with their companions (from the devils) and what they used to worship,

مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ فَاهْدُوْهُمْ اِلٰى صِرَاطِ الْجَحِيْمِ ㉓

اللہ کے سوا، پھر انھیں دوزخ کی راہ دکھا دو ㉓

23. "Instead of Allāh, and lead them on to the way of flaming Fire (Hell);

وَقِفُوْهُمْ اِنَّهُمْ مَّسْـُٔوْلُوْنَ ㉔

اور انھیں ٹھہراؤ، بلاشبہ ان سے باز پرس کی جائے گی ㉔

24. "But stop them, verily, they are to be questioned.

مَا لَكُمْ لَا تَنَاصَرُوْنَ ㉕

(کہا جائے گا:) تمھیں کیا ہوا، تم ایک دوسرے کی مدد نہیں کرتے؟ ㉕

25. "What is the matter with you? Why do you not help one another (as you used to do in the world)?"

بَلْ هُمُ الْيَوْمَ مُسْتَسْلِمُوْنَ ㉖

بلکہ آج وہ (سب) فرماں بردار ہیں ㉖

26. Nay, but that Day they shall surrender.

وَاَقْبَلَ بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ يَّتَسَآءَلُوْنَ ㉗

اور وہ ایک دوسرے کی طرف متوجہ ہو کر باہم پوچھیں گے ㉗

27. And they will turn to one another and question one another.

قَالُوْٓا اِنَّكُمْ كُنْتُمْ تَاْتُوْنَنَا عَنِ الْيَمِيْنِ ㉘

کہیں گے: بے شک تم تو ہمارے پاس دائیں (اور بائیں) طرف سے آیا کرتے تھے ㉘

28. They will say: "It was you who used to come to us from the right side (i.e., from the right side of one of us and beautify for us every evil, enjoin on us polytheism, and stop us from the truth, i.e. Islāmic Monotheism and from every good deed)."

قَالُوْا بَلْ لَّمْ تَكُوْنُوْا مُؤْمِنِيْنَ ㉙

وہ کہیں گے: (نہیں!) بلکہ تم خود ہی ایمان لانے والے نہیں تھے ㉙

29. They will reply: "Nay, you yourselves were not believers.

وَمَا كَانَ لَنَا عَلَيْكُمْ مِّنْ سُلْطٰنٍ ۚ بَلْ كُنْتُمْ قَوْمًا طٰغِيْنَ ㉚

اور تم پر ہمارا کوئی زور نہیں تھا، بلکہ تم خود ہی سرکشی کرنے والے تھے ㉚

30. "And we had no authority over you. Nay! But you were *Tāghūn* (transgressing) people (polytheists, and disbelievers).

فَحَقَّ عَلَيْنَا قَوْلُ رَبِّنَآ ۖ اِنَّا لَذَآىِٕقُوْنَ ㉛

پھر ہم (سب) پر ہمارے رب کی بات ثابت ہوگئی، بے شک ہم (سب ہی عذاب کا مزہ) چکھنے والے ہیں ㉛

31. "So now the Word of our Lord has been justified against us, that we shall certainly (have to) taste (the torment).

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

فَأَغْوَيْنَٰكُمْ إِنَّا كُنَّا غَٰوِينَ ﴿32﴾

چنانچہ ہم نے تمھیں گمراہ کیا، بلاشبہ ہم خود بھی گمراہ تھے ﴿32﴾

32. "So we led you astray because we were ourselves astray."

فَإِنَّهُمْ يَوْمَئِذٍ فِى ٱلْعَذَابِ مُشْتَرِكُونَ ﴿33﴾

چنانچہ یقیناً وہ اس دن عذاب میں مشترک ہوں گے ﴿33﴾

33. Then verily, that Day, they will (all) share in the torment.

إِنَّا كَذَٰلِكَ نَفْعَلُ بِٱلْمُجْرِمِينَ ﴿34﴾

بے شک ہم مجرموں سے ایسا ہی (سلوک) کرتے ہیں ﴿34﴾

34. Certainly, that is how We deal with *Al-Mujrimūn* (polytheists, sinners, disbelievers, criminals, the disobedient to Allāh).

إِنَّهُمْ كَانُوٓا۟ إِذَا قِيلَ لَهُمْ لَآ إِلَٰهَ إِلَّا ٱللَّهُ يَسْتَكْبِرُونَ ﴿35﴾

بے شک جب ان سے کہا جاتا کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں تو وہ تکبر کرتے تھے① ﴿35﴾

35. Truly, when it was said to them: *"Lā ilāha illallāh* (none has the right to be worshipped but Allāh)," they puffed themselves up with pride[1] (i.e. denied it).

وَيَقُولُونَ أَئِنَّا لَتَارِكُوٓا۟ ءَالِهَتِنَا لِشَاعِرٍ مَّجْنُونٍۭ ﴿36﴾

اور کہتے: کیا بھلا ہم اپنے معبودوں کو ایک دیوانے شاعر کے کہنے پر چھوڑ دیں؟ ﴿36﴾

36. And (they) said: "Are we going to abandon our *ālihah* (gods) for the sake of a mad poet?"

بَلْ جَآءَ بِٱلْحَقِّ وَصَدَّقَ ٱلْمُرْسَلِينَ ﴿37﴾

بلکہ وہ تو حق لایا ہے اور اس نے (سب) رسولوں کی تصدیق کی ہے ﴿37﴾

37. Nay! he (Muhammad ﷺ) has come with the truth (i.e. Allāh's religion — Islāmic Monotheism and this Qur'ān) and he confirms the Messengers (before him who brought Allāh's religion — Islāmic Monotheism).

إِنَّكُمْ لَذَآئِقُوا۟ ٱلْعَذَابِ ٱلْأَلِيمِ ﴿38﴾

بے شک تم اب دردناک عذاب (کا مزہ) ضرور چکھو گے ﴿38﴾

38. Verily, you (pagans of Makkah) are going to taste the painful torment;

وَمَا تُجْزَوْنَ إِلَّا مَا كُنتُمْ تَعْمَلُونَ ﴿39﴾

تمھیں بس اسی کا بدلہ دیا جائے گا جو تم عمل کرتے تھے ﴿39﴾

39. And you will be requited nothing except for what you used to do (evil deeds, sins, and Allāh's disobedience which you used to do in this world)

إِلَّا عِبَادَ ٱللَّهِ ٱلْمُخْلَصِينَ ﴿40﴾

مگر اللہ کے چنے ہوئے بندے (عذاب سے محفوظ رہیں گے) ﴿40﴾

40. Except the chosen slaves of Allāh (i.e. the true believers of Islāmic Monotheism).

أُو۟لَٰٓئِكَ لَهُمْ رِزْقٌ مَّعْلُومٌ ﴿41﴾

انھی (لوگوں) کے لیے مقررہ روزی ہے ﴿41﴾

41. For them there will be a known provision (in Paradise),

فَوَٰكِهُ ۖ وَهُم مُّكْرَمُونَ ﴿42﴾

یعنی (جنت کے) لذیذ پھل، اور وہ لوگ معزز ہوں گے ﴿42﴾

42. Fruits; and they shall be honoured,

فِى جَنَّٰتِ ٱلنَّعِيمِ ﴿43﴾

نعمت کے باغوں میں ﴿43﴾

43. In the Gardens of Delight (Paradise),

---

[1] (V.37:35) See the footnote of (V.22:9).

① ملاحظہ کریں حاشیہ: (سورۂ حج 22:9)

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

عَلٰى سُرُرٍ مُّتَقٰبِلِيْنَ ﴿44﴾

ایک دوسرے کے سامنے تختوں پر (براجمان) ہوں گے ﴿44﴾

44. Facing one another on thrones.

يُطَافُ عَلَيْهِمْ بِكَاْسٍ مِّنْ مَّعِيْنٍ ﴿45﴾

ان کے لیے جاری چشمے سے شراب (طہور) کا بھرا جام پھرایا جائے گا ﴿45﴾

45. Round them will be passed a cup of pure wine —

بَيْضَآءَ لَذَّةٍ لِّلشّٰرِبِيْنَ ﴿46﴾

سفید رنگ (بالکل صاف شفاف) پینے والوں کے لیے لذت (والی ہوگی) ﴿46﴾

46. White, delicious to the drinkers.

لَا فِيْهَا غَوْلٌ وَّلَا هُمْ عَنْهَا يُنْزَفُوْنَ ﴿47﴾

نہ اس سے سر چکرائے گا اور نہ وہ اس سے مدہوش ہوں گے ﴿47﴾

47. Neither will they have *Ghoul* (any kind of hurt, abdominal pain, headache, a sin) from that nor will they suffer intoxication therefrom.

وَعِنْدَهُمْ قٰصِرٰتُ الطَّرْفِ عِيْنٌ ﴿48﴾

اور ان کے پاس ہوں گی نیچی نگاہ والی، غزال چشم (خوبصورت آنکھوں والی حوریں) ﴿48﴾

48. And beside them will be *Qāsirāt-at-Tarf* [chaste females (wives), restraining their glances (desiring none except their husbands)], with wide and beautiful eyes.[1]

كَاَنَّهُنَّ بَيْضٌ مَّكْنُوْنٌ ﴿49﴾

گویا کہ وہ پردوں میں چھپائے ہوئے (شتر مرغ کے) انڈے ہیں، ﴿49﴾

49. (Delicate and pure) as if they were (hidden) eggs (well) preserved.

فَاَقْبَلَ بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ يَّتَسَآءَلُوْنَ ﴿50﴾

وہ (جنتی) ایک دوسرے کی طرف متوجہ ہو کر باہم پوچھیں گے ﴿50﴾

50. Then they will turn to one another, mutually questioning.

قَالَ قَآئِلٌ مِّنْهُمْ اِنِّيْ كَانَ لِيْ قَرِيْنٌ ﴿51﴾

ان میں سے ایک کہنے والا کہے گا: بے شک میں (اور دنیا میں) میرا ایک ہم نشین تھا ﴿51﴾

51. A speaker of them will say: "Verily, I had a companion (in the world),

يَّقُوْلُ اَئِنَّكَ لَمِنَ الْمُصَدِّقِيْنَ ﴿52﴾

جو کہتا تھا: کیا بھلا تو بھی (قیامت کی) تصدیق کرنے والوں میں سے ہے؟ ﴿52﴾

52. Who used to say: "Are you among those who believe (in resurrection after death).

ءَاِذَا مِتْنَا وَكُنَّا تُرَابًا وَّعِظَامًا ءَاِنَّا لَمَدِيْنُوْنَ ﴿53﴾

کیا جب ہم مر جائیں گے اور مٹی اور ہڈیاں ہو جائیں گے تو کیا واقعی ہم (اٹھا کر) بدلہ دیے جائیں گے؟ ﴿53﴾

53. "(That) when we die and become dust and bones, shall we indeed (be raised up) to receive reward or punishment (according to our deeds)?"

قَالَ هَلْ اَنْتُمْ مُّطَّلِعُوْنَ ﴿54﴾

وہ (جنتی ساتھیوں سے) کہے گا: کیا تم (جہنم میں) جھانک کر دیکھو گے؟ ﴿54﴾

54. (The speaker) said: "Will you look down?"

فَاطَّلَعَ فَرَاٰهُ فِيْ سَوَآءِ الْجَحِيْمِ ﴿55﴾

پھر وہ جھانکے گا تو اسے جہنم کے درمیان میں دیکھے گا ﴿55﴾

55. So he looked down and saw him in the midst of the Fire.

قَالَ تَاللّٰهِ اِنْ كِدْتَّ لَتُرْدِيْنِ ﴿56﴾

وہ (اس سے) کہے گا: اللہ کی قسم! یقیناً قریب تھا کہ تو مجھے ہلاک کر ڈالتا ﴿56﴾

56. He said: "By Allāh! You have nearly ruined me.

---

[1] (V.37:48) See the footnote of (V.29:64).

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

وَلَوْلَا نِعْمَةُ رَبِّي لَكُنتُ مِنَ الْمُحْضَرِينَ ﴿٥٧﴾

اور اگر میرے رب کا فضل نہ ہوتا تو میں ضرور حاضر کیے ہوؤں (مجرموں) میں سے ہوتا ﴿٥٧﴾

57. "Had it not been for the Grace of my Lord, I would certainly have been among those brought forth (to Hell)."

أَفَمَا نَحْنُ بِمَيِّتِينَ ﴿٥٨﴾

(جنتی ساتھیوں سے کہے گا:) تو کیا پس (اب) ہم مرنے والے نہیں ﴿٥٨﴾

58. (The dwellers of Paradise will say:) "Are we then not to die (any more)?

إِلَّا مَوْتَتَنَا الْأُولَىٰ وَمَا نَحْنُ بِمُعَذَّبِينَ ﴿٥٩﴾

اپنے پہلی بار مرنے کے سوا اور نہ ہمیں عذاب ہی ہوگا؟ ﴿٥٩﴾

59. "Except our first death, and we shall not be punished? (after we have entered Paradise)."

إِنَّ هَٰذَا لَهُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيمُ ﴿٦٠﴾

بلاشبہ یہ تو بہت بڑی کامیابی ہے ﴿٦٠﴾

60. Truly, this is the supreme success!

لِمِثْلِ هَٰذَا فَلْيَعْمَلِ الْعَامِلُونَ ﴿٦١﴾

عمل کرنے والوں کو تو ایسی ہی (کامیابی) کے لیے عمل کرنے چاہئیں ﴿٦١﴾

61. For the like of this let the workers work.

أَذَٰلِكَ خَيْرٌ نُّزُلًا أَمْ شَجَرَةُ الزَّقُّومِ ﴿٦٢﴾

کیا یہ مہمانی بہتر ہے یا (دوزخ میں) تھوہر کا درخت؟ ﴿٦٢﴾

62. Is that (Paradise) better entertainment or the tree of *Zaqqūm* (a horrible tree in Hell)?

إِنَّا جَعَلْنَاهَا فِتْنَةً لِّلظَّالِمِينَ ﴿٦٣﴾

بلاشبہ ہم نے اسے ظالموں کے لیے آزمائش بنایا ہے ﴿٦٣﴾

63. Truly, We have made it (as) a trial for the *Zālimūn* (polytheists, disbelievers, wrong doers).

إِنَّهَا شَجَرَةٌ تَخْرُجُ فِي أَصْلِ الْجَحِيمِ ﴿٦٤﴾

بے شک وہ ایک درخت ہے جو دوزخ کی تہ میں اگتا ہے ﴿٦٤﴾

64. Verily, it is a tree that springs out of the bottom of Hell-fire,

طَلْعُهَا كَأَنَّهُ رُءُوسُ الشَّيَاطِينِ ﴿٦٥﴾

اس کا پھل گویا کہ وہ شیطانوں کے سر ہیں ﴿٦٥﴾

65. The shoots of its fruit stalks are like the heads of *Shayātīn* (devils);

فَإِنَّهُمْ لَآكِلُونَ مِنْهَا فَمَالِئُونَ مِنْهَا الْبُطُونَ ﴿٦٦﴾

تو بلاشبہ وہ (دوزخی) اس میں سے کھائیں گے، پھر اس سے (اپنے) پیٹ بھریں گے ﴿٦٦﴾

66. Truly, they will eat thereof and fill their bellies therewith.

ثُمَّ إِنَّ لَهُمْ عَلَيْهَا لَشَوْبًا مِّنْ حَمِيمٍ ﴿٦٧﴾

پھر اس پر بے شک ان کے لیے (پینے کو) گرم کھولتے پانی کا آمیزہ ہوگا ﴿٦٧﴾

67. Then on the top of that they will be given boiling water to drink so that it becomes a mixture (of boiling water and *Zaqqūm* in their bellies).

ثُمَّ إِنَّ مَرْجِعَهُمْ لَإِلَى الْجَحِيمِ ﴿٦٨﴾

پھر یقیناً ان کی واپسی بھڑکتی آگ کی طرف ہوگی ﴿٦٨﴾

68. Then thereafter, verily, their return is to the flaming fire of Hell.

إِنَّهُمْ أَلْفَوْا آبَاءَهُمْ ضَالِّينَ ﴿٦٩﴾

بلاشبہ انھوں نے اپنے باپ دادوں کو گمراہ پایا ﴿٦٩﴾

69. Verily, they found their fathers on the wrong path;

فَهُمْ عَلَىٰ آثَارِهِمْ يُهْرَعُونَ ﴿٧٠﴾

تو وہ انھی کے نقش قدم پر دوڑے جاتے ہیں ﴿٧٠﴾

70. So they (too) hastened in their footsteps!

وَلَقَدْ ضَلَّ قَبْلَهُمْ أَكْثَرُ الْأَوَّلِينَ ﴿٧١﴾

اور بلاشبہ ان سے پہلے بہت سے اگلے لوگ گمراہ ہوئے ﴿٧١﴾

71. And indeed most of the men of old went astray before them;

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

وَلَقَدْ أَرْسَلْنَا فِيهِم مُّنذِرِينَ ﴿72﴾

اور یقیناً ہم نے ان میں ڈرانے والے بھیجے تھے ﴿72﴾

72. And indeed We sent among them warners (Messengers);

فَانظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُنذَرِينَ ﴿73﴾

پھر دیکھ لیجیے ان کا انجام کیسا ہوا جنھیں ڈرایا گیا تھا؟ ﴿73﴾

73. Then see what was the end of those who were warned (but heeded not).

إِلَّا عِبَادَ اللَّهِ الْمُخْلَصِينَ ﴿74﴾

سوائے اللہ کے چنے ہوئے بندوں کے ﴿74﴾

74. Except the chosen slaves of Allāh (faithful, obedient and true believers of Islāmic Monotheism).

وَلَقَدْ نَادَانَا نُوحٌ فَلَنِعْمَ الْمُجِيبُونَ ﴿75﴾

اور یقیناً نوح نے ہمیں پکارا تھا تو (دیکھو!) ہم کیا ہی خوب جواب دینے والے ہیں ﴿75﴾

75. And indeed Nūh (Noah) invoked Us, and We are the Best of those who answer (the request).

وَنَجَّيْنَاهُ وَأَهْلَهُ مِنَ الْكَرْبِ الْعَظِيمِ ﴿76﴾

اور ہم نے اسے اور اس کے اہل کو بہت بڑی پریشانی سے نجات دی ﴿76﴾

76. And We rescued him and his family from the great distress (i.e. drowning),

وَجَعَلْنَا ذُرِّيَّتَهُ هُمُ الْبَاقِينَ ﴿77﴾

اور ہم نے اس کی اولاد کو باقی رہنے والے بنا دیا ﴿77﴾

77. And, his progeny, them We made the survivors (i.e. Shem, Ham and Japheth).

وَتَرَكْنَا عَلَيْهِ فِي الْآخِرِينَ ﴿78﴾

اور ہم نے اس (کے ذکر خیر) کو پیچھے آنے والوں میں باقی رکھا ﴿78﴾

78. And left for him (a goodly remembrance) among the later generations:

سَلَامٌ عَلَىٰ نُوحٍ فِي الْعَالَمِينَ ﴿79﴾

نوح پر تمام جہانوں میں سلام ہو ﴿79﴾

79. "*Salām* (peace) be upon Nūh (Noah) (from Us) among the *'Ālamīn* (mankind, jinn and all that exists)!"

إِنَّا كَذَٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِينَ ﴿80﴾

بلاشبہ ہم نیکوکاروں کو اسی طرح جزا دیتے ہیں ﴿80﴾

80. Verily, thus We reward the *Muhsinūn* (good-doers. See V.2:112).

إِنَّهُ مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِينَ ﴿81﴾

بے شک وہ ہمارے مومن بندوں میں سے تھا ﴿81﴾

81. Verily, he [Nūh (Noah)] was one of Our believing slaves.

ثُمَّ أَغْرَقْنَا الْآخَرِينَ ﴿82﴾

پھر ہم نے دوسروں کو غرق کر دیا ﴿82﴾

82. Then We drowned the others (disbelievers and polytheists).

وَإِنَّ مِن شِيعَتِهِ لَإِبْرَاهِيمَ ﴿83﴾

اور بے شک ابراہیم بھی اسی (نوح) کے گروہ سے ہے ﴿83﴾

83. And verily, among those who followed his [Nūh's (Noah's)] way (Islāmic Monotheism) was Ibrāhīm (Abraham).

إِذْ جَاءَ رَبَّهُ بِقَلْبٍ سَلِيمٍ ﴿84﴾

جب وہ اپنے رب کے پاس پاک صاف دل کے ساتھ آیا ﴿84﴾

84. When he came to his Lord with a pure heart (attached to Allāh Alone and none else, worshipping none but Allāh Alone — true Islāmic Monotheism, pure from the filth of polytheism).

إِذْ قَالَ لِأَبِيهِ وَقَوْمِهِ مَاذَا تَعْبُدُونَ ﴿85﴾

جب اس نے اپنے باپ اور اپنی قوم سے کہا: تم کس چیز کی عبادت کرتے ہو؟ ﴿85﴾

85. When he said to his father and to his people: "What is it that which you worship?

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

أَئِفْكًا آلِهَةً دُونَ اللَّهِ تُرِيدُونَ ﴿٨٦﴾

کیا تم اللہ کو چھوڑ کر جھوٹے گھڑے ہوئے معبودوں کو چاہتے ہو؟ ﴿٨٦﴾

86. "Is it a falsehood — *ālihah* (gods) other than Allāh — that you desire?

فَمَا ظَنُّكُم بِرَبِّ الْعَالَمِينَ ﴿٨٧﴾

پھر رب العالمین کی نسبت تمھارا کیا خیال ہے؟ ﴿٨٧﴾

87. "Then what think you about the Lord of the *'Ālamīn* (mankind, jinn, and all that exists)?"

فَنَظَرَ نَظْرَةً فِي النُّجُومِ ﴿٨٨﴾

تب اس نے ایک نگاہ ستاروں میں ڈالی ﴿٨٨﴾

88. Then he cast a glance at the stars,

فَقَالَ إِنِّي سَقِيمٌ ﴿٨٩﴾

پھر کہا: بے شک میں تو بیمار ہوں ﴿٨٩﴾

89. And he said: "Verily, I am sick[1] (with plague). [He did this trick to remain in their temple of idols to destroy them and not to accompany them to the pagan feast]."

فَتَوَلَّوْا عَنْهُ مُدْبِرِينَ ﴿٩٠﴾

چنانچہ وہ اس سے پیٹھ پھیر کر لوٹ گئے ﴿٩٠﴾

90. So they turned away from him and departed (for fear of the disease).

فَرَاغَ إِلَىٰ آلِهَتِهِمْ فَقَالَ أَلَا تَأْكُلُونَ ﴿٩١﴾

پھر وہ ان کے معبودوں کی طرف متوجہ ہوا اور کہا: کیا تم کھاتے نہیں؟ ﴿٩١﴾

91. Then he turned to their *ālihah* (gods) and said: "Will you not eat (of the offering before you)?

مَا لَكُمْ لَا تَنطِقُونَ ﴿٩٢﴾

تمھیں کیا ہے کہ تم بولتے نہیں؟ ﴿٩٢﴾

92. "What is the matter with you that you speak not?"

فَرَاغَ عَلَيْهِمْ ضَرْبًا بِالْيَمِينِ ﴿٩٣﴾

پھر وہ انھیں دائیں ہاتھ سے مارتا ہوا متوجہ ہوا ﴿٩٣﴾

93. Then he turned upon them, striking (them) with (his) right hand.

فَأَقْبَلُوا إِلَيْهِ يَزِفُّونَ ﴿٩٤﴾

پھر وہ لوگ دوڑتے ہوئے اس کی طرف آئے ﴿٩٤﴾

94. Then they (the worshippers of idols) came towards him hastening.

قَالَ أَتَعْبُدُونَ مَا تَنْحِتُونَ ﴿٩٥﴾

اس نے کہا: کیا تم ان کی عبادت کرتے ہو جنھیں تم خود تراشتے ہو؟ ﴿٩٥﴾

95. He said: "Worship you that which you (yourselves) carve?

وَاللَّهُ خَلَقَكُمْ وَمَا تَعْمَلُونَ ﴿٩٦﴾

حالانکہ اللہ ہی نے تمھیں اور تمھارے اعمال کو پیدا کیا ہے ﴿٩٦﴾

96. "While Allāh has created you and what you make!"

قَالُوا ابْنُوا لَهُ بُنْيَانًا فَأَلْقُوهُ فِي الْجَحِيمِ ﴿٩٧﴾

وہ کہنے لگے: اس کے لیے ایک مکان بناؤ (اس میں آگ جلاؤ) اور اسے دہکتی آگ میں ڈال دو ﴿٩٧﴾

97. They said: "Build for him a building (it is said that the building was like a furnace) and throw him into the blazing fire!"

فَأَرَادُوا بِهِ كَيْدًا فَجَعَلْنَاهُمُ الْأَسْفَلِينَ ﴿٩٨﴾

پھر انھوں نے اس کے ساتھ ایک چال چلنے کا ارادہ کیا تو ہم نے انھیں ہی نیچا دکھا دیا ﴿٩٨﴾

98. So, they plotted a plot against him, but We made them the lowest.

وَقَالَ إِنِّي ذَاهِبٌ إِلَىٰ رَبِّي سَيَهْدِينِ ﴿٩٩﴾

اور اس نے کہا: بے شک میں اپنے رب کی طرف جانے والا ہوں، یقیناً وہ میری رہنمائی فرمائے گا ﴿٩٩﴾

99. And he said (after his rescue from the fire): "Verily, I am

[1] (V.37:89) See the footnote (C) of (V.16:121).

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

going to my Lord. He will guide me!"

رَبِّ هَبْ لِيْ مِنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿١٠٠﴾

اے میرے رب! مجھے (بیٹا) عطا فرما جو صالحین میں سے ہو ﴿١٠٠﴾

100. "My Lord! Grant me (offspring) from the righteous."

فَبَشَّرْنٰهُ بِغُلٰمٍ حَلِيْمٍ ﴿١٠١﴾

چنانچہ ہم نے اسے بہت حلم والے لڑکے کی بشارت دی ﴿١٠١﴾

101. So, We gave him the glad tidings of a forbearing boy.

فَلَمَّا بَلَغَ مَعَهُ السَّعْيَ قَالَ يٰبُنَيَّ إِنِّيْٓ أَرٰى فِي الْمَنَامِ أَنِّيْٓ أَذْبَحُكَ فَانْظُرْ مَاذَا تَرٰى ۚ قَالَ يٰٓأَبَتِ افْعَلْ مَا تُؤْمَرُ ۖ سَتَجِدُنِيْٓ إِنْ شَآءَ اللّٰهُ مِنَ الصّٰبِرِيْنَ ﴿١٠٢﴾

پھر جب وہ (لڑکا) اس کے ساتھ دوڑنے بھاگنے (کی عمر) کو پہنچا تو اس نے کہا: اے میرے پیارے بیٹے! بے شک میں خواب میں دیکھتا ہوں کہ میں تجھے یقیناً ذبح کر رہا ہوں، اب تو دیکھ! تیری کیا رائے ہے؟ اس (بیٹے) نے کہا: ابا جان! جو آپ کو حکم دیا گیا ہے کر گزریں، اگر اللہ نے چاہا تو عنقریب آپ مجھے صبر کرنے والوں میں سے پائیں گے ﴿١٠٢﴾

102. And, when he (his son) was old enough to walk with him, he said: "O my son! I have seen in a dream that I am slaughtering you (offering you in sacrifice to Allāh). So look what you think!" He said: "O my father! Do that which you are commanded, *In shā' Allāh** (if Allāh wills), you shall find me of *As-Sābirūn* (the patient)."

فَلَمَّآ أَسْلَمَا وَتَلَّهُ لِلْجَبِيْنِ ﴿١٠٣﴾

پھر جب دونوں مطیع ہو گئے اور اس (باپ) نے اس (بیٹے) کو پیشانی کی ایک جانب لٹا دیا ﴿١٠٣﴾

103. Then, when they had both submitted themselves (to the Will of Allāh), and he had laid him prostrate on his forehead (or on the side of his forehead for slaughtering);

وَنَادَيْنٰهُ أَنْ يّٰٓإِبْرٰهِيْمُ ﴿١٠٤﴾

اور ہم نے اسے پکارا: اے ابراہیم! ﴿١٠٤﴾

104. We called out to him: "O Ibrāhīm (Abraham)!

قَدْ صَدَّقْتَ الرُّءْيَا ۚ إِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ ﴿١٠٥﴾

تو نے اپنا خواب یقیناً سچ کر دکھایا، بے شک ہم نیکو کاروں کو اسی طرح بدلہ دیتے ہیں ﴿١٠٥﴾

105. You have fulfilled the dream!" Verily, thus do We reward the *Muhsinūn* (good-doers. See 2:112).

إِنَّ هٰذَا لَهُوَ الْبَلٰٓؤُا الْمُبِيْنُ ﴿١٠٦﴾

بلاشبہ یہ تو کھلی آزمائش ہی ہے ﴿١٠٦﴾

106. Verily, that indeed was the manifest trial.

وَفَدَيْنٰهُ بِذِبْحٍ عَظِيْمٍ ﴿١٠٧﴾

اور ہم نے اس (اسمٰعیل) کے بدلے میں ایک عظیم القدر (جانور) ذبح کرنے کو دیا ﴿١٠٧﴾

107. And We ransomed him with a great sacrifice (i.e. كبش – a ram);

وَتَرَكْنَا عَلَيْهِ فِي الْاٰخِرِيْنَ ﴿١٠٨﴾

اور ہم نے اس (کے ذکر خیر) کو پیچھے آنے والوں میں باقی رکھا ﴿١٠٨﴾

108. And We left for him (a goodly remembrance) among the later generations.

سَلٰمٌ عَلٰٓى إِبْرٰهِيْمَ ﴿١٠٩﴾

ابراہیم پر سلام ہو ﴿١٠٩﴾

109. "*Salām* (peace) be upon Ibrāhīm (Abraham)!"

كَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ ﴿١١٠﴾

ہم نیکوکاروں کو اسی طرح جزا دیتے ہیں ﴿١١٠﴾

110. Thus indeed do We reward the *Muhsinūn* (good-doers. See V.2:112).

إِنَّهُ مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿١١١﴾

بے شک وہ ہمارے مومن بندوں میں سے تھا ﴿١١١﴾

111. Verily, he was one of Our believing slaves.

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

وَبَشَّرْنٰهُ بِاِسْحٰقَ نَبِيًّا مِّنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿۱۱۲﴾

اور ہم نے اس (ابراہیم) کو اسحٰق (بیٹے) کی بشارت دی، جو صالح لوگوں میں سے نبی ہوگا ﴿۱۱۲﴾

112. And We gave him the glad tidings of Isḥāq (Isaac) — a Prophet from the righteous.

وَبٰرَكْنَا عَلَيْهِ وَعَلٰٓى اِسْحٰقَ ؕ وَمِنْ ذُرِّيَّتِهِمَا مُحْسِنٌ وَّظَالِمٌ لِّنَفْسِهٖ مُبِيْنٌ ﴿۱۱۳﴾ ع

اور ہم نے اس پر اور اسحٰق پر برکت نازل کی، اور ان دونوں کی اولاد میں سے کوئی نیکی کرنے والا اور کوئی اپنے آپ پر کھلا ظلم کرنے والا ہے ﴿۱۱۳﴾

113. We blessed him and Isḥāq (Isaac). And of their progeny are (some) that do right, and some that plainly wrong themselves.

وَلَقَدْ مَنَنَّا عَلٰى مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ ﴿۱۱۴﴾

اور یقیناً ہم نے موسیٰ اور ہارون پر بھی احسان کیا ﴿۱۱۴﴾

114. And, indeed We gave Our Grace to Mūsā (Moses) and Hārūn (Aaron).

وَنَجَّيْنٰهُمَا وَقَوْمَهُمَا مِنَ الْكَرْبِ الْعَظِيْمِ ﴿۱۱۵﴾

اور ہم نے ان دونوں کو اور ان کی قوم کو بہت بڑی مصیبت سے نجات دی ﴿۱۱۵﴾

115. And We saved them and their people from the great distress,

وَنَصَرْنٰهُمْ فَكَانُوْا هُمُ الْغٰلِبِيْنَ ﴿۱۱۶﴾

اور ہم نے ان کی مدد کی، چنانچہ وہی غالب آئے ﴿۱۱۶﴾

116. And helped them, so that they became the victors;

وَاٰتَيْنٰهُمَا الْكِتٰبَ الْمُسْتَبِيْنَ ﴿۱۱۷﴾

اور ہم نے ان دونوں کو انتہائی واضح کتاب دی ﴿۱۱۷﴾

117. And We gave them the clear Scripture;

وَهَدَيْنٰهُمَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ﴿۱۱۸﴾

اور ہم نے ان دونوں کو راہِ راست کی ہدایت دی ﴿۱۱۸﴾

118. And guided them to the Right Path.

وَتَرَكْنَا عَلَيْهِمَا فِى الْاٰخِرِيْنَ ﴿۱۱۹﴾

اور ہم نے ان دونوں (کے ذکرِ خیر) کو پیچھے آنے والوں میں باقی رکھا ﴿۱۱۹﴾

119. And We left for them (a goodly remembrance) among the later generations.

سَلٰمٌ عَلٰى مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ ﴿۱۲۰﴾

موسیٰ اور ہارون پر سلام ہو ﴿۱۲۰﴾

120. "*Salām* (peace) be upon Mūsā (Moses) and Hārūn (Aaron)!"

اِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِى الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۱۲۱﴾

بے شک ہم نیکوکاروں کو اسی طرح جزا دیتے ہیں ﴿۱۲۱﴾

121. Verily, thus do We reward the *Muhsinūn* (good-doers. See V.2:112).

اِنَّهُمَا مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۲۲﴾

بلاشبہ وہ دونوں ہمارے مومن بندوں میں سے تھے ﴿۱۲۲﴾

122. Verily, they were two of Our believing slaves.

وَاِنَّ اِلْيَاسَ لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ؕ ﴿۱۲۳﴾

اور بے شک الیاس بھی یقیناً رسولوں میں سے تھا ﴿۱۲۳﴾

123. And verily, Ilyās (Elias) was one of the Messengers.

اِذْ قَالَ لِقَوْمِهٖٓ اَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿۱۲۴﴾

جب اس نے اپنی قوم سے کہا: کیا تم ڈرتے نہیں؟ ﴿۱۲۴﴾

124. When he said to his people: "Will you not fear Allāh?

اَتَدْعُوْنَ بَعْلًا وَّتَذَرُوْنَ اَحْسَنَ الْخٰلِقِيْنَ ۙ ﴿۱۲۵﴾

کیا تم بعل (بت) کو پکارتے ہو اور سب سے بہتر پیدا کرنے والے کو چھوڑ دیتے ہو ﴿۱۲۵﴾

125. "Will you call upon *Ba'l* (a well-known idol of his nation whom they used to worship) and forsake the Best of creators,

اللّٰهَ رَبَّكُمْ وَرَبَّ اٰبَآئِكُمُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۱۲۶﴾

(یعنی) اللہ کو جو تمھارا اور تمھارے اگلے باپ دادوں کا رب ہے؟ ﴿۱۲۶﴾

126. "Allāh, your Lord and the Lord of your forefathers?"

فَكَذَّبُوْهُ فَاِنَّهُمْ لَمُحْضَرُوْنَ ۙ ﴿۱۲۷﴾

پھر انھوں نے اسے جھٹلایا، لہٰذا یقیناً وہ (سب عذاب میں) ضرور حاضر کیے جائیں گے ﴿۱۲۷﴾

127. But they denied him [Ilyās (Elias)], so they will certainly be brought forth (to the punishment),

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

إِلَّا عِبَادَ اللَّهِ الْمُخْلَصِينَ ﴿١٢٨﴾

سوائے اللہ کے چنے ہوئے بندوں کے ﴿١٢٨﴾

128. Except the chosen slaves of Allāh.

وَتَرَكْنَا عَلَيْهِ فِي الْآخِرِينَ ﴿١٢٩﴾

اور ہم نے اس (کے ذکر خیر) کو پیچھے آنے والوں میں باقی رکھا ﴿١٢٩﴾

129. And We left for him (a goodly remembrance) among the later generations.

سَلَامٌ عَلَىٰ إِلْ يَاسِينَ ﴿١٣٠﴾

الیاسین (الیاس) پر سلام ہو ﴿١٣٠﴾

130. "*Salām* (peace) be upon Ilyāsīn (Elias)!"

إِنَّا كَذَٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِينَ ﴿١٣١﴾

بے شک ہم نیکوکاروں کو اسی طرح جزا دیتے ہیں ﴿١٣١﴾

131. Verily, thus do We reward the *Muhsinūn* (good-doers, who perform good deeds totally for Allāh's sake only. See V.2:112).

إِنَّهُ مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِينَ ﴿١٣٢﴾

وہ ہمارے مومن بندوں میں سے تھا ﴿١٣٢﴾

132. Verily, he was one of Our believing slaves.

وَإِنَّ لُوطًا لَمِنَ الْمُرْسَلِينَ ﴿١٣٣﴾

اور بلاشبہ لوط بھی رسولوں میں سے تھا ﴿١٣٣﴾

133. And verily, Lūt (Lot) was one of the Messengers.

إِذْ نَجَّيْنَاهُ وَأَهْلَهُ أَجْمَعِينَ ﴿١٣٤﴾

جب ہم نے اسے اور اس کے (سب) اہل کو نجات دی ﴿١٣٤﴾

134. When We saved him and his family, all,

إِلَّا عَجُوزًا فِي الْغَابِرِينَ ﴿١٣٥﴾

سوائے ایک بڑھیا (لوط کی اہلیہ) کے جو پیچھے رہ جانے والوں میں تھی ﴿١٣٥﴾

135. Except an old woman (his wife) who was among those who remained behind.

ثُمَّ دَمَّرْنَا الْآخَرِينَ ﴿١٣٦﴾

پھر ہم نے دوسروں کو ہلاک کر دیا ﴿١٣٦﴾

136. Then We destroyed the rest (the town of Sodom at the place of the Dead Sea now in Palestine).

وَإِنَّكُمْ لَتَمُرُّونَ عَلَيْهِمْ مُصْبِحِينَ ﴿١٣٧﴾

اور بلاشبہ تم صبح کو ان (کی تباہ شدہ بستیوں) پر سے گزرتے ہو ﴿١٣٧﴾

137. Verily, you pass by them in the morning

ع 4 25 8 وَبِاللَّيْلِ ۗ أَفَلَا تَعْقِلُونَ ﴿١٣٨﴾

اور رات کو بھی، کیا پھر تم عقل نہیں رکھتے؟ ﴿١٣٨﴾

138. And at night; will you not then reflect?

وَإِنَّ يُونُسَ لَمِنَ الْمُرْسَلِينَ ﴿١٣٩﴾

اور بے شک یونس یقیناً رسولوں میں سے تھا ﴿١٣٩﴾

139. And verily, Yūnus (Jonah) was one of the Messengers.

إِذْ أَبَقَ إِلَى الْفُلْكِ الْمَشْحُونِ ﴿١٤٠﴾

جب وہ ایک بھری ہوئی کشتی کی طرف بھاگ کر گیا ﴿١٤٠﴾

140. When he ran to the laden ship:

فَسَاهَمَ فَكَانَ مِنَ الْمُدْحَضِينَ ﴿١٤١﴾

پھر (کشتی والوں نے) قرعہ ڈالا تو وہ ہارنے والوں میں سے ہو گیا ﴿١٤١﴾

141. Then he (agreed to) cast lots, and he was among the losers.

فَالْتَقَمَهُ الْحُوتُ وَهُوَ مُلِيمٌ ﴿١٤٢﴾

تب اسے مچھلی نے نگل لیا جبکہ وہ (خود کو) ملامت کرنے والا تھا ﴿١٤٢﴾

142. Then a (big) fish swallowed him as he had done an act worthy of blame.

فَلَوْلَا أَنَّهُ كَانَ مِنَ الْمُسَبِّحِينَ ﴿١٤٣﴾

پھر اگر (یہ بات) نہ ہوتی کہ بے شک وہ تسبیح کرنے والوں میں سے تھا ﴿١٤٣﴾

143. Had he not been of them who glorify Allāh,

النصف لَلَبِثَ فِي بَطْنِهِ إِلَىٰ يَوْمِ يُبْعَثُونَ ﴿١٤٤﴾

تو وہ لوگوں کے دوبارہ زندہ کر کے اٹھائے جانے کے دن (روز قیامت) تک اسی (مچھلی) کے پیٹ میں رہتا ﴿١٤٤﴾

144. He would have indeed remained inside its belly (the fish) till the Day of Resurrection.

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

145. But We cast him forth on the naked shore while he was sick,	پھر ہم نے اسے چٹیل میدان میں ڈال دیا جبکہ وہ بیمار تھا ﴿۱۴۵﴾	فَنَبَذْنٰهُ بِالْعَرَآءِ وَهُوَ سَقِيْمٌ ﴿۱۴۵﴾
146. And We caused a plant of gourd to grow over him.	اور ہم نے اس پر ایک بیل دار درخت (کدو) اگا دیا ﴿۱۴۶﴾	وَاَنْۢبَتْنَا عَلَيْهِ شَجَرَةً مِّنْ يَّقْطِيْنٍ ﴿۱۴۶﴾
147. And We sent him to a hundred thousand (people) or even more.	اور ہم نے اسے ایک لاکھ (انسانوں) کی طرف بھیجا، یا وہ (اس سے کچھ) زیادہ ہوں گے ﴿۱۴۷﴾	وَاَرْسَلْنٰهُ اِلٰى مِائَةِ اَلْفٍ اَوْ يَزِيْدُوْنَ ﴿۱۴۷﴾
148. And they believed; so We gave them enjoyment for a while.	چنانچہ وہ لوگ ایمان لے آئے تو ہم نے انھیں ایک (مقرر) وقت تک فائدہ (اٹھانے کا موقع) دیا ﴿۱۴۸﴾	فَاٰمَنُوْا فَمَتَّعْنٰهُمْ اِلٰى حِيْنٍ ﴿۱۴۸﴾
149. Now ask them (O Muhammad ﷺ): "Are there (only) daughters for your Lord and sons for them?"	پھر ان (اہل مکہ) سے پوچھیے: کیا آپ کے رب کے لیے تو بیٹیاں ہیں اور ان کے لیے بیٹے؟ ﴿۱۴۹﴾	فَاسْتَفْتِهِمْ اَلِرَبِّكَ الْبَنَاتُ وَلَهُمُ الْبَنُوْنَ ﴿۱۴۹﴾
150. Or did We create the angels female while they were witnesses?	یا ہم نے فرشتوں کو مؤنث پیدا کیا اور وہ حاضر تھے؟ ﴿۱۵۰﴾	اَمْ خَلَقْنَا الْمَلٰٓئِكَةَ اِنَاثًا وَّهُمْ شٰهِدُوْنَ ﴿۱۵۰﴾
151. Verily, it is of their falsehood that they (Quraish pagans) say:	خبردار! بلاشبہ وہ اپنی طرف سے جھوٹ گھڑ کر کہتے ہیں ﴿۱۵۱﴾	اَلَآ اِنَّهُمْ مِّنْ اِفْكِهِمْ لَيَقُوْلُوْنَ ﴿۱۵۱﴾
152. "Allāh has begotten (offspring — the angels being the daughters of Allāh)?" And verily, they are liars!	کہ ''اللہ نے اولاد جنی'' اور یقیناً وہ جھوٹے ہیں ﴿۱۵۲﴾	وَلَدَ اللّٰهُ وَاِنَّهُمْ لَكٰذِبُوْنَ ﴿۱۵۲﴾
153. Has He (then) chosen daughters rather than sons?	کیا اس نے بیٹوں پر بیٹیوں کو پسند کیا (ترجیح دی) ہے؟ ﴿۱۵۳﴾	اَصْطَفَى الْبَنَاتِ عَلَى الْبَنِيْنَ ﴿۱۵۳﴾
154. What is the matter with you? How do you decide?	کیا ہو گیا ہے تمھیں، تم کیسا فیصلہ کرتے ہو؟ ﴿۱۵۴﴾	مَا لَكُمْ كَيْفَ تَحْكُمُوْنَ ﴿۱۵۴﴾
155. Will you not then remember?	کیا پھر تم غور نہیں کرتے؟ ﴿۱۵۵﴾	اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ﴿۱۵۵﴾
156. Or is there for you a plain authority?	یا تمھارے پاس کوئی واضح دلیل ہے؟ ﴿۱۵۶﴾	اَمْ لَكُمْ سُلْطٰنٌ مُّبِيْنٌ ﴿۱۵۶﴾
157. Then bring your Book if you are truthful!	پھر تم اپنی کتاب لے آؤ اگر تم سچے ہو ﴿۱۵۷﴾	فَاْتُوْا بِكِتٰبِكُمْ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۱۵۷﴾
158. And they have invented a kinship between Him and the jinn, but the jinn know well that they have indeed to appear (before Him) (i.e. they will be called to account).	اور انھوں نے اس (اللہ) کے اور جنوں کے درمیان رشتہ ٹھہرایا، حالانکہ بلاشبہ خود جنوں نے جان لیا کہ وہ (اللہ کے سامنے) ضرور حاضر کیے جائیں گے ﴿۱۵۸﴾	وَجَعَلُوْا بَيْنَهٗ وَبَيْنَ الْجِنَّةِ نَسَبًا ؕ وَلَقَدْ عَلِمَتِ الْجِنَّةُ اِنَّهُمْ لَمُحْضَرُوْنَ ﴿۱۵۸﴾
159. Glorified is Allāh! (He is free) from what they attribute to Him!	اللہ ان (باتوں) سے پاک ہے جو وہ (اس کے بارے میں) بیان کرتے ہیں ﴿۱۵۹﴾	سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا يَصِفُوْنَ ﴿۱۵۹﴾
160. Except the slaves of Allāh,	سوائے اللہ کے چنے ہوئے بندوں کے (وہ ایسی باتیں	اِلَّا عِبَادَ اللّٰهِ الْمُخْلَصِيْنَ ﴿۱۶۰﴾

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

نہیں کرتے (160)

whom He chooses (for His Mercy, i.e. true believers of Islāmic Monotheism who do not attribute false things to Allāh).

فَإِنَّكُمْ وَمَا تَعْبُدُونَ (161)

(اے مشرکو!) بے شک تم اور (وہ) جن کی تم عبادت کرتے ہو (161)

161. So, verily you (pagans) and those whom you worship (idols)

مَا أَنْتُمْ عَلَيْهِ بِفَاتِنِينَ (162)

تم (ان مخلص بندوں کو) اس (اللہ) کے خلاف بہکانے والے نہیں (162)

162. Cannot lead astray [turn away from Him (Allāh) anyone of the believers],

إِلَّا مَنْ هُوَ صَالِ الْجَحِيمِ (163)

مگر اسی کو جو جہنم میں جانے والا ہے (163)

163. Except those who are predestined to burn in Hell!

وَمَا مِنَّا إِلَّا لَهُ مَقَامٌ مَعْلُومٌ (164)

(فرشتے کہتے ہیں:) ہم میں سے تو ہر ایک کا مقام مقرر ہے (164)

164. And there is not one of us (angels) but has his known place (or position);

وَإِنَّا لَنَحْنُ الصَّافُّونَ (165)

اور بے شک ہم (اللہ کے حضور) یقیناً صف باندھے کھڑے رہنے والے ہیں (165)

165. And verily, we (angels) stand in rows (for the prayers as you Muslims stand in rows for your prayers);

وَإِنَّا لَنَحْنُ الْمُسَبِّحُونَ (166)

اور بے شک ہم تو تسبیح کرنے والے ہیں (166)

166. And verily, we (angels) indeed are those who glorify (Allāh's Praises, i.e. perform prayers).

وَإِنْ كَانُوا لَيَقُولُونَ (167)

اور بلاشبہ وہ (کفار) کہتے تھے (167)

167. And indeed they (Arab pagans) used to say:

لَوْ أَنَّ عِنْدَنَا ذِكْرًا مِنَ الْأَوَّلِينَ (168)

اگر ہمارے پاس اگلوں کی نصیحت (کتاب) ہوتی (168)

168. "If we had a reminder as had the men of old (before the coming of Prophet Muhammad ﷺ as a Messenger of Allāh),

لَكُنَّا عِبَادَ اللَّهِ الْمُخْلَصِينَ (169)

تو ہم ضرور اللہ کے چنے ہوئے بندے ہوتے (169)

169. "We would have indeed been the chosen slaves of Allāh (true believers of Islāmic Monotheism)!"

فَكَفَرُوا بِهِ فَسَوْفَ يَعْلَمُونَ (170)

پھر (پیغمبر قرآن لے کر آیا تو) انھوں نے اس (قرآن) کا انکار کر دیا، لہٰذا عنقریب وہ جان لیں گے (170)

170. But (now that the Qur'ān has come) they disbelieve therein (i.e. in the Qur'ān and in Prophet Muhammad ﷺ, and all that he brought — the Divine Revelation), so they will come to know![1]

وَلَقَدْ سَبَقَتْ كَلِمَتُنَا لِعِبَادِنَا الْمُرْسَلِينَ (171)

اور درحقیقت ہمارا وعدہ پہلے ہی اپنے ان بندوں کے لیے صادر ہو چکا ہے جو رسول ہیں (171)

171. And verily, Our Word has gone forth of old for Our slaves, the Messengers,

إِنَّهُمْ لَهُمُ الْمَنْصُورُونَ (172)

کہ یقیناً انھی کی ہی مدد کی جائے گی (172)

172. That they verily would be made triumphant,

[1] (V.37:170) See the footnote (a) of (V.3:85).

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

وَإِنَّ جُندَنَا لَهُمُ الْغَالِبُونَ ﴿١٧٣﴾

اور بلاشبہ ہمارا لشکر ہی غالب رہے گا ﴿۱۷۳﴾

173. And that Our hosts! they verily would be the victors.

فَتَوَلَّ عَنْهُمْ حَتَّىٰ حِينٍ ﴿١٧٤﴾

تو ایک مدت تک آپ ان سے منہ موڑ لیجیے ﴿۱۷۴﴾

174. So, turn away (O Muhammad ﷺ) from them for a while,

وَأَبْصِرْهُمْ فَسَوْفَ يُبْصِرُونَ ﴿١٧٥﴾

اور انھیں دیکھتے رہیے (کہ ان پر عذاب آیا ہی چاہتا ہے) پھر جلد ہی وہ بھی دیکھ لیں گے ﴿۱۷۵﴾

175. And watch them and they shall see (the punishment)!

أَفَبِعَذَابِنَا يَسْتَعْجِلُونَ ﴿١٧٦﴾

کیا پھر وہ ہمارا عذاب جلدی مانگتے ہیں؟ ﴿۱۷۶﴾

176. Do they seek to hasten on Our torment?

فَإِذَا نَزَلَ بِسَاحَتِهِمْ فَسَاءَ صَبَاحُ الْمُنذَرِينَ ﴿١٧٧﴾

پھر جب وہ ان کے صحن میں نازل ہوگا تو ڈرائے گئے لوگوں کی صبح بہت بری ہوگی ﴿۱۷۷﴾

177. Then, when it descends in their courtyard (i.e. near to them), evil will be the morning for those who had been warned!

وَتَوَلَّ عَنْهُمْ حَتَّىٰ حِينٍ ﴿١٧٨﴾

اور ان سے ایک مدت تک منہ موڑ لیجیے ﴿۱۷۸﴾

178. So, turn (O Muhammad ﷺ) away from them for a while,

وَأَبْصِرْ فَسَوْفَ يُبْصِرُونَ ﴿١٧٩﴾

اور (انھیں) دیکھتے رہیے، جلد ہی وہ بھی دیکھ لیں گے ﴿۱۷۹﴾

179. And watch and they shall see (the torment)!

سُبْحَانَ رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا يَصِفُونَ ﴿١٨٠﴾

آپ کا رب، عزت کا مالک، ان باتوں سے پاک ہے جو وہ (مشرک) بیان کرتے ہیں ﴿۱۸۰﴾

180. Glorified is your Lord, the Lord of honour and power! (He is free) from what they attribute to Him!

وَسَلَامٌ عَلَى الْمُرْسَلِينَ ﴿١٨١﴾

اور تمام رسولوں پر سلام ہے ﴿۱۸۱﴾

181. And peace be on the Messengers!

وَالْحَمْدُ لِلَّهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ ﴿١٨٢﴾

اور سب تعریفیں اللہ رب العالمین ہی کے لیے ہیں ﴿۱۸۲﴾

182. And all praise and thanks are Allāh's, the Lord of the *'Ālamīn* (mankind, jinn and all that exists).

Sūrat Sād 38 | سورۂ ص | سُورَةُ صٓ مَكِّيَّةٌ (38)

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ

اللہ کے نام سے (شروع) جو نہایت مہربان، بہت رحم کرنے والا ہے۔

In the Name of Allāh, the Most Gracious, the Most Merciful.

صٓ ۚ وَالْقُرْآنِ ذِي الذِّكْرِ ﴿١﴾

صٓ، قسم ہے نصیحت والے قرآن کی ﴿۱﴾

1. *Sād*
[These letters (*Sād,* etc.) are one of the miracles of the Qur'ān, and none but Allāh (Alone) knows their meanings.]
By the Qur'ān full of reminding (explanations and honour for the one who believes in it).

بَلِ الَّذِينَ كَفَرُوا فِي عِزَّةٍ وَشِقَاقٍ ﴿٢﴾

(یہ تو لاریب کتاب ہے) بلکہ جن لوگوں نے کفر کیا وہ تکبر اور مخالفت میں (پڑے) ہیں ﴿۲﴾

2. Nay, those who disbelieve are in false pride and opposition.

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

كَمْ أَهْلَكْنَا مِن قَبْلِهِم مِّن قَرْنٍ فَنَادَوا وَّلَاتَ حِينَ مَنَاصٍ ③

ہم نے ان سے پہلے کتنی ہی قومیں ہلاک کر دیں، تو (عذاب آنے پر) انھوں نے (مدد کو) پکارا جبکہ وہ فرار و خلاصی کا وقت نہ تھا③

3. How many a generation have We destroyed before them! And they cried out when there was no longer time for escape.

وَعَجِبُوٓا أَن جَآءَهُم مُّنذِرٌ مِّنْهُمْ ۖ وَقَالَ الْكَٰفِرُونَ هَٰذَا سَٰحِرٌ كَذَّابٌ ④

اور انھوں نے اس بات پر تعجب کیا کہ ان کے پاس انھی میں سے ایک ڈرانے والا آ گیا، اور کافروں نے کہا: یہ تو ایک جادوگر ہے بڑا جھوٹا④

4. And they (Arab pagans) wonder that a warner (Prophet Muhammad ﷺ) has come to them from among themselves. And the disbelievers say: "This (Prophet Muhammad ﷺ) is a sorcerer, a liar.

أَجَعَلَ الْءَالِهَةَ إِلَٰهًا وَٰحِدًا ۖ إِنَّ هَٰذَا لَشَىْءٌ عُجَابٌ ⑤

کیا اس نے سارے معبودوں کو ایک کر دیا؟ بے شک یہ تو یقیناً ایک بڑی عجیب وغریب چیز ہے⑤

5. "Has he made the *ālihah* (gods) (all) into One *Ilāh* (God — Allāh). Verily, this is a curious thing!"

وَانطَلَقَ الْمَلَأُ مِنْهُمْ أَنِ امْشُوا وَاصْبِرُوا عَلَىٰٓ ءَالِهَتِكُمْ ۖ إِنَّ هَٰذَا لَشَىْءٌ يُرَادُ ⑥

اور ان کے سردار (آوازِ حق سن کر یہ کہتے ہوئے) چل دیے کہ چلو اور اپنے معبودوں پر جمے رہو، بے شک یہ چیز ہے جو کسی غرض سے (کہی جا رہی) ہے⑥

6. And the leaders among them went about (saying): "Go on, and remain constant to your *ālihah* (gods)! Verily, this is a thing designed (against you)!

مَا سَمِعْنَا بِهَٰذَا فِى الْمِلَّةِ الْءَاخِرَةِ ۖ إِنْ هَٰذَآ إِلَّا اخْتِلَٰقٌ ⑦

ہم نے یہ بات کسی اور دین میں نہیں سنی، یہ تو بس گھڑی ہوئی بات ہے⑦

7. "We have not heard (the like) of this in the religion of these later days (i.e. Christianity). This is nothing but an invention! (*Tafsir Al-Qurtubi*)

أَءُنزِلَ عَلَيْهِ الذِّكْرُ مِنۢ بَيْنِنَا ۚ بَلْ هُمْ فِى شَكٍّ مِّن ذِكْرِى ۖ بَل لَّمَّا يَذُوقُوا عَذَابِ ⑧

کیا ہم میں سے اسی پر ذکر (قرآن) اتارا گیا ہے؟ بلکہ وہ تو میرے ذکر (وحی) کے متعلق شک میں ہیں، بلکہ ابھی تک انھوں نے میرا عذاب نہیں چکھا⑧

8. "Has the Reminder been sent down to him (alone) from among us?" Nay, but they are in doubt about My Reminder (this Qur'ān)! Nay, but they have not tasted (My) torment!

أَمْ عِندَهُمْ خَزَآئِنُ رَحْمَةِ رَبِّكَ الْعَزِيزِ الْوَهَّابِ ⑨

کیا ان کے پاس آپ کے رب کی رحمت کے خزانے ہیں جو نہایت غالب، خوب عطا کرنے والا ہے؟⑨

9. Or have they the treasures of the Mercy of your Lord, the All-Mighty, the Real Bestower?

أَمْ لَهُم مُّلْكُ السَّمَٰوَٰتِ وَالْأَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا ۖ فَلْيَرْتَقُوا فِى الْأَسْبَٰبِ ⑩

یا آسمانوں اور زمین اور ان کے درمیان ہر چیز کی بادشاہت انھی کے لیے ہے؟ (اگر ایسا ہے) تو چاہیے کہ وہ آسمانی راستوں کے ذریعے سے (آسمان پر) چڑھ جائیں⑩

10. Or is it that the dominion of the heavens and the earth and all that is between them is theirs? If so, let them ascend up with means (to the heavens)!

جُندٌ مَّا هُنَالِكَ مَهْزُومٌ مِّنَ الْأَحْزَابِ ⑪

(یہ تو) یہاں کے شکست خوردہ لشکروں میں سے ایک (معمولی سا) لشکر ہے⑪

11. (As they denied Allāh's Message) they will be a defeated host like the Confederates of the old times (who were defeated).

كَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ قَوْمُ نُوحٍ وَعَادٌ وَفِرْعَوْنُ ذُو الْأَوْتَادِ ⑫

ان سے پہلے قوم نوح اور عاد اور میخوں والے فرعون نے (حق کو) جھٹلایا⑫

12. Before them (were many who) denied (Messengers) — the people of Nūh (Noah); and 'Ād;

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

and Fir'aun (Pharaoh) the man of stakes (with which he used to punish the people),

وَثَمُوْدُ وَقَوْمُ لُوْطٍ وَّاَصْحٰبُ لْـَٔيْكَةِ ؕ اُولٰٓئِكَ الْاَحْزَابُ ⑬

اور قوم ثمود اور قوم لوط اور اصحاب اَیکہ نے بھی (جھٹلایا) (واقعی) یہ بہت بڑے (اور طاقتور) لشکر تھے ⑬

13. And Thamūd, and the people of Lūt (Lot), and the dwellers of the Wood; such were the Confederates.

اِنْ كُلٌّ اِلَّا كَذَّبَ الرُّسُلَ فَحَقَّ عِقَابِ ⑭

(ان میں سے) ہر ایک نے رسولوں کو جھٹلایا، لہٰذا (ان پر) میرا عذاب ثابت ہو گیا ⑭

14. Not one of them but denied the Messengers; therefore My torment was justified.

وَمَا يَنْظُرُ هٰٓؤُلَآءِ اِلَّا صَيْحَةً وَّاحِدَةً مَّا لَهَا مِنْ فَوَاقٍ ⑮

یہ لوگ تو بس ایک (ہولناک) چیخ کا انتظار کر رہے ہیں، جس میں کوئی وقفہ نہیں ہوگا ⑮

15. And these only wait for a single *Saihah* [shout (i.e. the blowing of the Trumpet by the angel Isrāfīl)] there will be no pause or ending thereto [till everything will perish except Allāh (the only God full of majesty, bounty and honour)].

وَقَالُوْا رَبَّنَا عَجِّلْ لَّنَا قِطَّنَا قَبْلَ يَوْمِ الْحِسَابِ ⑯

اور انھوں نے کہا: اے ہمارے رب! ہمیں ہمارا (عذاب کا) حصہ یوم حساب سے پہلے جلد دے دے ⑯

16. They say: "Our Lord! Hasten to us *Qittanā* (i.e. our Record of good and bad deeds so that we may see it) before the Day of Reckoning!"

اِصْبِرْ عَلٰى مَا يَقُوْلُوْنَ وَاذْكُرْ عَبْدَنَا دَاوٗدَ ذَا الْاَيْدِ ۚ اِنَّهٗٓ اَوَّابٌ ⑰

(اے نبی!) جو کچھ یہ کہتے ہیں آپ اس پر صبر کیجیے اور ہمارے بندے داود کو یاد کیجیے جو صاحب قوت تھا، بے شک وہ بہت رجوع کرنے والا تھا ⑰

17. Be patient (O Muhammad ﷺ) of what they say, and remember Our slave Dāwūd (David), endued with power. Verily, he was ever oft-returning in all matters and in repentance (towards Allāh).

اِنَّا سَخَّرْنَا الْجِبَالَ مَعَهٗ يُسَبِّحْنَ بِالْعَشِيِّ وَالْاِشْرَاقِ ⑱

بے شک ہم نے پہاڑ اس کے تابع کر دیے تھے، جبکہ وہ (اس کے ساتھ) صبح و شام تسبیح کرتے رہتے تھے ⑱

18. Verily, We made the mountains to glorify Our Praises with him [Dāwūd (David)] in the *'Ashī* (i.e. after the mid-day till sunset) and *Ishrāq* (i.e. after the sunrise till mid-day).

وَالطَّيْرَ مَحْشُوْرَةً ؕ كُلٌّ لَّهٗٓ اَوَّابٌ ⑲

اور پرندے بھی (تابع کر دیے تھے) اکٹھے کیے ہوئے، سب اس کے مطیع و فرماں بردار تھے ⑲

19. And (so did) the birds assembled, all obedient to him [Dāwūd (David)] [i.e. they came and glorified Allāh's Praises along with him]. (*Tafsir Al-Qurtubi*)

وَشَدَدْنَا مُلْكَهٗ وَاٰتَيْنٰهُ الْحِكْمَةَ وَفَصْلَ الْخِطَابِ ⑳

اور ہم نے اس کی بادشاہی مستحکم کر دی تھی، اور ہم نے اسے حکمت اور فیصلہ کن بات (کی صلاحیت) دی تھی ⑳

20. We made his kingdom strong and gave him *Al-Hikmah* (Prophethood) and sound judgement in speech and decision.

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

وقف لازم

وَهَلْ اَتٰىكَ نَبَؤُا الْخَصْمِ ۘ اِذْ تَسَوَّرُوا الْمِحْرَابَ ﴿٢١﴾

اور کیا آپ کے پاس جھگڑنے والوں کی خبر آئی جب وہ دیوار پھاند کر کمرے میں آ گئے ﴿٢١﴾

21. And has the news of the litigants reached you? When they climbed over the wall into (his) *Mihrāb* (a praying place or a private room);

اِذْ دَخَلُوْا عَلٰى دَاوٗدَ فَفَزِعَ مِنْهُمْ قَالُوْا لَا تَخَفْ ۚ خَصْمٰنِ بَغٰى بَعْضُنَا عَلٰى بَعْضٍ فَاحْكُمْ بَيْنَنَا بِالْحَقِّ وَلَا تُشْطِطْ وَاهْدِنَآ اِلٰى سَوَآءِ الصِّرَاطِ ﴿٢٢﴾

جب وہ داود کے پاس پہنچے تو وہ ان سے ڈر گئے، انھوں نے کہا: آپ مت ڈریں! (ہم) دو جھگڑنے والے ہیں، ہم میں سے ایک نے دوسرے پر زیادتی کی ہے، لہٰذا آپ ہمارے درمیان انصاف سے فیصلہ فرمائیں، اور بے انصافی نہ کریں، اور سیدھی راہ کی طرف ہماری رہنمائی کریں ﴿٢٢﴾

22. When they entered in upon Dāwūd (David), he was terrified of them. They said: "Fear not! (We are) two litigants, one of whom has wronged the other, therefore judge between us with truth, and treat us not with injustice, and guide us to the Right Way.

اِنَّ هٰذَآ اَخِيْ ۫ لَهٗ تِسْعٌ وَّتِسْعُوْنَ نَعْجَةً وَّلِيَ نَعْجَةٌ وَّاحِدَةٌ ۫ فَقَالَ اَكْفِلْنِيْهَا وَعَزَّنِيْ فِي الْخِطَابِ ﴿٢٣﴾

بے شک یہ میرا بھائی ہے، اس کے پاس ننانوے دنبیاں ہیں اور میرے پاس ایک ہی دنبی ہے، تو یہ کہتا ہے کہ وہ بھی میرے سپرد کردے، اور اس نے بات چیت میں مجھے دبا لیا ہے ﴿٢٣﴾

23. Verily, this my brother (in religion) has ninety-nine ewes, while I have (only) one ewe, and he says: "Hand it over to me, and he overpowered me in speech."

قَالَ لَقَدْ ظَلَمَكَ بِسُؤَالِ نَعْجَتِكَ اِلٰى نِعَاجِهٖ ۭ وَاِنَّ كَثِيْرًا مِّنَ الْخُلَطَآءِ لَيَبْغِيْ بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ اِلَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَقَلِيْلٌ مَّا هُمْ ۭ وَظَنَّ دَاوٗدُ اَنَّمَا فَتَنّٰهُ فَاسْتَغْفَرَ رَبَّهٗ وَخَرَّ رَاكِعًا وَّاَنَابَ ۩ ﴿٢٤﴾

السجدة 10

آپ نے فرمایا: تیری دنبی اپنی دنبیوں میں ملانے کا کہہ کر اس نے یقیناً تجھ پر ظلم کیا ہے، اور بلاشبہ مل جل کر کام کرنے والوں میں سے بہت سے ایک دوسرے پر زیادتی کرتے ہیں سوائے ان لوگوں کے جو ایمان لائے اور انھوں نے نیک عمل کیے، اور ایسے لوگ تھوڑے ہی ہیں، اور داود نے جان لیا کہ ہم نے اسے آزمایا ہے، لہٰذا اس نے اپنے رب سے بخشش مانگی، اور وہ رکوع میں گر پڑا اور (اللہ کی طرف) رجوع کیا ﴿٢٤﴾

24. [Dāwūd (David)] said (immediately without listening to the opponent): "He has wronged you in demanding your ewe in addition to his ewes. And, verily, many partners oppress one another, except those who believe and do righteous good deeds, and they are few." And Dāwūd (David) guessed that We have tried him and he sought forgiveness of his Lord, and he fell down prostrate and turned (to Allāh) in repentance.[1]

فَغَفَرْنَا لَهٗ ذٰلِكَ ۭ وَاِنَّ لَهٗ عِنْدَنَا لَزُلْفٰى وَحُسْنَ مَاٰبٍ ﴿٢٥﴾

پھر ہم نے اس کی یہ غلطی بخش دی، اور بے شک اس کے لیے ہمارے پاس بڑا قرب اور اچھا ٹھکانا ہے ﴿٢٥﴾

25. So, We forgave him that, and verily, for him is a near access to Us, and a good place of (final) return (Paradise).

يٰدَاوٗدُ اِنَّا جَعَلْنٰكَ خَلِيْفَةً فِي الْاَرْضِ فَاحْكُمْ بَيْنَ النَّاسِ بِالْحَقِّ وَلَا تَتَّبِعِ الْهَوٰى فَيُضِلَّكَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۭ اِنَّ الَّذِيْنَ يَضِلُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ لَهُمْ عَذَابٌ شَدِيْدٌۢ بِمَا نَسُوْا يَوْمَ الْحِسَابِ ﴿٢٦﴾

ع 2 / 12 / 11

(ہم نے کہا:) اے داود! بے شک ہم نے تجھے زمین میں خلیفہ بنایا ہے، لہٰذا تو لوگوں کے درمیان انصاف سے فیصلہ کرنا، اور نفسانی خواہش کی پیروی نہ کرنا کہ وہ تجھے اللہ کے راستے سے بھٹکا دے گی، بلاشبہ جو لوگ اللہ کے راستے سے بھٹک جاتے ہیں ان کے لیے شدید عذاب ہے، اس لیے کہ وہ یوم حساب کو بھول گئے ﴿٢٦﴾

26. O Dāwūd (David)! Verily, We have placed you as a successor on the earth; so judge you between men in truth (and justice) and follow not your desire — for it will mislead you from the path of Allāh. Verily, those who wander astray from the path of Allāh (shall) have a severe torment, because they

[1] (V. 38:24) Prostration (see the List of Prostration Places at the end).

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

forgot the Day of Reckoning.

27. And We created not the heaven and the earth and all that is between them without purpose! That is the consideration of those who disbelieve! Then woe to those who disbelieve (in Islāmic Monotheism) from the Fire!

اور ہم نے آسمان وزمین کو اور جو کچھ ان کے درمیان ہے، بے کار پیدا نہیں کیا، یہ ان لوگوں کا خیال ہے جنھوں نے کفر کیا، تو جن لوگوں نے کفر کیا ان کے لیے آگ کی ہلاکت ہے ﴿27﴾

وَمَا خَلَقْنَا السَّمَآءَ وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا بَاطِلًا ۭ ذٰلِكَ ظَنُّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ۚ فَوَيْلٌ لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنَ النَّارِ ﴿27﴾

28. Shall We treat those who believe (in the Oneness of Allāh — Islāmic Monotheism) and do righteous good deeds as *Mufsidūn* (those who associate partners in worship with Allāh and commit crimes) on earth? Or shall We treat the *Muttaqūn* (the pious. See V.2:2) as the *Fujjār* (criminals, disbelievers, the wicked)?

کیا ہم ان لوگوں کو جو ایمان لائے اور انھوں نے نیک عمل کیے، ان لوگوں کے مانند کر دیں گے جو زمین میں فساد کرنے والے ہیں؟ یا ہم متقین کو بدکاروں کے مانند کر دیں گے؟ ﴿28﴾

اَمْ نَجْعَلُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ كَالْمُفْسِدِيْنَ فِي الْاَرْضِ ۡ اَمْ نَجْعَلُ الْمُتَّقِيْنَ كَالْفُجَّارِ ﴿28﴾

29. (This is) a Book (the Qur'ān) which We have sent down to you, full of blessings, that they may ponder over its Verses, and that men of understanding may remember.

(یہ قرآن) ایک کتاب ہے، ہم نے اسے آپ کی طرف نازل کیا، بڑی برکت والی ہے، تاکہ وہ اس کی آیتوں پر غور کریں اور عقل مند اس سے نصیحت حاصل کریں ﴿29﴾

كِتٰبٌ اَنْزَلْنٰهُ اِلَيْكَ مُبٰرَكٌ لِّيَدَّبَّرُوْٓا اٰيٰتِهٖ وَلِيَتَذَكَّرَ اُولُوا الْاَلْبَابِ ﴿29﴾

30. And to Dāwūd (David) We gave Sulaimān (Solomon). How excellent a slave! Verily, he was ever oft-returning in repentance (to Us)!

اور ہم نے داود کو سلیمان عطا کیا، (وہ) اچھا بندہ تھا، بلاشبہ وہ (اللہ کی طرف) بہت رجوع کرنے والا تھا ﴿30﴾

وَوَهَبْنَا لِدَاوٗدَ سُلَيْمٰنَ ۭ نِعْمَ الْعَبْدُ ۭ اِنَّهٗٓ اَوَّابٌ ﴿30﴾

31. When there were displayed before him, in the afternoon, well trained horses of the highest breed [for *Jihād* (holy fighting in Allāh's Cause)].

جب شام کے وقت اس کے سامنے اصیل تیز رو گھوڑے پیش کیے گئے ﴿31﴾

اِذْ عُرِضَ عَلَيْهِ بِالْعَشِيِّ الصّٰفِنٰتُ الْجِيَادُ ﴿31﴾

32. He said: "I did love the good (these horses) instead of remembering my Lord (in my *'Asr* prayer)," till the time was over, and (the sun) had hidden in the veil (of night).

تب اس نے کہا: بلاشبہ میں نے مال کی محبت کو اپنے رب کی یاد سے محبوب جانا (ترجیح دی) ہے، حتی کہ وہ (سورج) پردے میں چھپ گیا ﴿32﴾

فَقَالَ اِنِّيْٓ اَحْبَبْتُ حُبَّ الْخَيْرِ عَنْ ذِكْرِ رَبِّيْ ۚ حَتّٰى تَوَارَتْ بِالْحِجَابِ ﴿32﴾

33. Then he said: "Bring them (horses) back to me." Then he began to pass his hand over their legs and their necks (till the end of the display).

(کہا:) انھیں میرے پاس واپس لاؤ، پھر وہ (ان کی) پنڈلیوں اور گردنوں پر (ہاتھ) پھیرنے لگے ﴿33﴾

رُدُّوْهَا عَلَيَّ ۭ فَطَفِقَ مَسْحًۢا بِالسُّوْقِ وَالْاَعْنَاقِ ﴿33﴾

34. And indeed, We did try

اور بلاشبہ ہم نے سلیمان کو آزمایا، اور ہم نے اس کی

وَلَقَدْ فَتَنَّا سُلَيْمٰنَ وَاَلْقَيْنَا عَلٰي كُرْسِيِّهٖ

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

جَسَدًا ثُمَّ أَنَابَ ﴿٣٤﴾

کرسی پر ایک دھڑ ڈال دیا، پھر اس نے (اللہ کی طرف) رجوع کیا ﴿٣٤﴾

Sulaimān (Solomon) and We placed on his throne *Jasad* (a devil, so he lost his kingdom for a while) and he did return (to Allāh with obedience and in repentance, and to his throne and kingdom by the Grace of Allāh).

قَالَ رَبِّ اغْفِرْ لِي وَهَبْ لِي مُلْكًا لَّا يَنْبَغِي لِأَحَدٍ مِّنْ بَعْدِي ۖ إِنَّكَ أَنْتَ الْوَهَّابُ ﴿٣٥﴾

اس نے کہا: اے میرے رب! مجھے بخش دے، اور مجھے ایسی بادشاہی عطا کر کہ وہ میرے بعد کسی کے لائق نہ ہو، بلاشبہ تو ہی بہت عطا کرنے والا ہے ﴿٣٥﴾

35. He said: "My Lord! Forgive me, and bestow upon me a kingdom such as shall not belong to any other after me. Verily, You are the Bestower."

فَسَخَّرْنَا لَهُ الرِّيحَ تَجْرِي بِأَمْرِهِ رُخَاءً حَيْثُ أَصَابَ ﴿٣٦﴾

چنانچہ ہم نے ہوا اس کے تابع کر دی تھی، وہ اس کے حکم سے نرمی سے چلتی تھی جہاں کا وہ ارادہ کرتا تھا ﴿٣٦﴾

36. So, We subjected to him the wind; it blew gently by his order whithersoever he willed,

وَالشَّيَاطِينَ كُلَّ بَنَّاءٍ وَغَوَّاصٍ ﴿٣٧﴾

اور شیاطین (جنات) کو (بھی تابع کر دیا) ہر عمارت بنانے والے اور غوطہ لگانے والے کو ﴿٣٧﴾

37. And also the *Shayāṭīn* (devils from the jinn including) every kind of builder and diver,

وَآخَرِينَ مُقَرَّنِينَ فِي الْأَصْفَادِ ﴿٣٨﴾

اور دوسروں کو (جو) زنجیروں میں جکڑے ہوئے تھے ﴿٣٨﴾

38. And also others bound in fetters.

هَٰذَا عَطَاؤُنَا فَامْنُنْ أَوْ أَمْسِكْ بِغَيْرِ حِسَابٍ ﴿٣٩﴾

یہ ہماری بخشش ہے، لہٰذا (لوگوں پر) احسان کر یا روک رکھ، کوئی حساب نہیں ہوگا ﴿٣٩﴾

39. [Allāh said to Sulaimān (Solomon):] "This is Our Gift, so spend you or withhold, no account will be asked of you."

ع 3/14 12 وَإِنَّ لَهُ عِنْدَنَا لَزُلْفَىٰ وَحُسْنَ مَآبٍ ﴿٤٠﴾

اور بے شک اس کے لیے ہمارے پاس بڑا قرب اور اچھا ٹھکانا ہے ﴿٤٠﴾

40. And verily, for him is a near access to Us, and a good (final) return (Paradise).

وقف لازم وَاذْكُرْ عَبْدَنَا أَيُّوبَ ۘ إِذْ نَادَىٰ رَبَّهُ أَنِّي مَسَّنِيَ الشَّيْطَانُ بِنُصْبٍ وَعَذَابٍ ﴿٤١﴾

اور ہمارے بندے ایوب کو یاد کیجیے، جب اس نے اپنے رب کو پکارا کہ بلاشبہ مجھے شیطان نے تکلیف اور ایذا پہنچائی ہے ﴿٤١﴾

41. And remember Our slave Ayyūb (Job), when he invoked his Lord (saying): "Verily, *Shaitān* (Satan) has touched me with distress (by ruining my health) and torment (by ruining my wealth)!

ارْكُضْ بِرِجْلِكَ ۖ هَٰذَا مُغْتَسَلٌ بَارِدٌ وَشَرَابٌ ﴿٤٢﴾

(ہم نے کہا:) اپنا پیر زمین پر مار، یہ غسل کرنے اور پینے کو (ٹھنڈا پانی) ہے ﴿٤٢﴾

42. (Allāh said to him): "Strike the ground with your foot. This is (a spring of) water to wash in, cool and a (refreshing) drink."

وَوَهَبْنَا لَهُ أَهْلَهُ وَمِثْلَهُمْ مَعَهُمْ رَحْمَةً مِّنَّا وَذِكْرَىٰ لِأُولِي الْأَلْبَابِ ﴿٤٣﴾

اور ہم نے اسے اس کا پورا کنبہ اور ان کے ساتھ اتنے ہی اور عطا کیے، اپنی طرف سے بطور رحمت اور یہ عقل مندوں کے لیے ایک نصیحت ہے ﴿٤٣﴾

43. And We gave him (back) his family, and along with them the like thereof, as a Mercy from Us, and a Reminder for those who understand.

وَخُذْ بِيَدِكَ ضِغْثًا فَاضْرِبْ بِهِ وَلَا تَحْنَثْ ۗ إِنَّا وَجَدْنَاهُ صَابِرًا ۚ نِعْمَ الْعَبْدُ ۖ إِنَّهُ أَوَّابٌ ﴿٤٤﴾

اور (ہم نے کہا:) اپنے ہاتھ میں تنکوں کا ایک مٹھا (جھاڑو) پکڑ، اور اس کے ساتھ (قسم پوری کرنے

44. "And take in your hand a bundle of thin grass and strike therewith (your wife), and break

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

کے لیے اپنی بیوی کو) مار، اور قسم نہ توڑ،① بے شک ہم نے اسے صابر پایا، (وہ) اچھا بندہ تھا، بلاشبہ وہ (اللہ کی طرف) بہت رجوع کرنے والا تھا۝44

not your oath.[1] Truly, We found him patient. How excellent a slave! Verily, he was ever oft-returning in repentance (to Us)!

وَاذْكُرْ عِبٰدَنَآ اِبْرٰهِيْمَ وَاِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ اُولِي الْاَيْدِيْ وَالْاَبْصَارِ ۝45

اور ہمارے بندوں ابراہیم اور اسحٰق اور یعقوب کو یاد کیجیے جو قوت و بصیرت والے تھے۝45

45. And remember Our slaves, Ibrāhīm (Abraham), Ishāq (Isaac), and Ya'qūb (Jacob), (all) owners of strength (in worshipping Us) and (also) of religious understanding.

اِنَّآ اَخْلَصْنٰهُمْ بِخَالِصَةٍ ذِكْرَى الدَّارِ ۝46

بے شک ہم نے انھیں ایک خاص وصف، آخرت کی یاد کے ساتھ چن لیا تھا۝46

46. Verily, We did choose them by granting them (a good thing, — i.e.) the remembrance of the Home (in the Hereafter and they used to make the people remember it, and also they used to invite the people to obey Allāh and to do good deeds for the Hereafter).

وَاِنَّهُمْ عِنْدَنَا لَمِنَ الْمُصْطَفَيْنَ الْاَخْيَارِ ۝47

اور وہ ہمارے نزدیک یقیناً برگزیدہ، نیکوکاروں میں سے تھے۝47

47. And they are with Us, verily, of the chosen and the best!

وَاذْكُرْ اِسْمٰعِيْلَ وَالْيَسَعَ وَذَا الْكِفْلِ ۭ وَكُلٌّ مِّنَ الْاَخْيَارِ ۝48

اور اسمٰعیل اور الیسع اور ذوالکفل کو یاد کیجیے، اور (ان میں سے) ہر ایک نیکوکاروں میں سے تھا۝48

48. And remember Ismā'īl (Ishmael), Al-Yasaa' (Elisha), and Dhul-Kifl (Isaiah), all are among the best.

هٰذَا ذِكْرٌ ۭ وَاِنَّ لِلْمُتَّقِيْنَ لَحُسْنَ مَاٰبٍ ۝49

یہ ایک نصیحت ہے، اور بے شک متقین کے لیے بہت اچھا ٹھکانا ہے۝49

49. This is a Reminder. And verily, for the *Muttaqūn* (the pious. See V.2:2) is a good final return (Paradise), —

جَنّٰتِ عَدْنٍ مُّفَتَّحَةً لَّهُمُ الْاَبْوَابُ ۝50

ہمیشہ رہنے کے باغ جن کے دروازے ان کے لیے کھلے ہوں گے۝50

50. *'Adn* (Eden) Paradise (everlasting Gardens), whose doors will be opened for them.

مُتَّكِـِٕيْنَ فِيْهَا يَدْعُوْنَ فِيْهَا بِفَاكِهَةٍ كَثِيْرَةٍ وَّشَرَابٍ ۝51

جبکہ وہ ان میں تکیے لگائے (بیٹھے) ہوں گے، اور وہاں طرح طرح کے پھلوں اور مشروبات کی فرمائشیں کریں گے۝51

51. Therein they will recline; therein they will call for fruits in abundance and drinks;

وَعِنْدَهُمْ قٰصِرٰتُ الطَّرْفِ اَتْرَابٌ ۝52

اور ان کے پاس نیچی نگاہ والی، ہم عمر (بیویاں) ہوں گی۝52

52. And beside them will be *Qāsirāt-at-Tarf* [chaste females (wives) restraining their glances

---

[1] (V.38:44) During the ailment of Ayyūb (Job), his wife used to beg for him, and Satan told her a word of disbelief to say and she told her husband [Ayyūb (Job)]; so he became angry with her and took an oath to strike her one hundred lashes. So Allāh ordered Ayyūb (Job) to fulfil his oath by striking her with the bundle of thin grass. (*Tafsīr Al-Qurtubī*)

① حضرت ایوب علیہ السلام کی بیوی بیماری کے ایام میں ان کی خدمت کیا کرتی تھی۔ ایک مرتبہ کسی بات پر ناراض ہو کر حضرت ایوب علیہ السلام نے اسے سو کوڑے مارنے کی قسم کھالی، لہٰذا اللہ نے حکم دیا: ''سو تنکوں والی جھاڑو لے کر ایک مرتبہ اسے مار دے، تیری قسم پوری ہو جائے گی۔''

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

(desiring none except their husbands)], (and) of equal ages.

هٰذَا مَا تُوعَدُونَ لِيَوْمِ الْحِسَابِ ﴿٥٣﴾

(کہا جائے گا:) یہ ہے (وہ جزا) جس کا یوم حساب کے لیے تم سے وعدہ کیا جاتا تھا ﴿٥٣﴾

53. This it is what you (*Al-Muttaqūn* — the pious. See V.2:2) are promised for the Day of Reckoning!

إِنَّ هٰذَا لَرِزْقُنَا مَا لَهُ مِنْ نَفَادٍ ﴿٥٤﴾

بے شک یہ ہمارا رزق (عطیہ) ہے، جو کبھی ختم نہیں ہوگا ﴿٥٤﴾

54. (It will be said to them:) Verily, this is Our provision which will never finish.

هٰذَا ۚ وَإِنَّ لِلطَّاغِينَ لَشَرَّ مَآبٍ ﴿٥٥﴾

یہ (معاملہ اہل خیر کا) ہے، اور بلاشبہ سرکشوں کے لیے بہت برا ٹھکانا ہے ﴿٥٥﴾

55. This is so! And for the *Tāghūn* (transgressors, the disobedient to Allāh and His Messenger ﷺ — disbelievers in the Oneness of Allāh, criminals) will be an evil final return (Fire).

جَهَنَّمَ يَصْلَوْنَهَا فَبِئْسَ الْمِهَادُ ﴿٥٦﴾

(یعنی) جہنم، وہ اس میں داخل ہوں گے، چنانچہ وہ آرام کرنے کی بری جگہ ہے ﴿٥٦﴾

56. Hell! Where they will burn, and worst (indeed) is that place to rest!

هٰذَا فَلْيَذُوقُوهُ حَمِيمٌ وَغَسَّاقٌ ﴿٥٧﴾

یہ ہے کھولتا ہوا پانی اور پیپ، اب وہ اس کو چکھیں ﴿٥٧﴾

57. This is so! Then let them taste it — a boiling fluid and dirty wound discharges.

وَآخَرُ مِنْ شَكْلِهِ أَزْوَاجٌ ﴿٥٨﴾

اور ان کے مانند کئی قسم کے دوسرے (عذاب) ہوں گے ﴿٥٨﴾

58. And other (torments) of similar kind — all together!

هٰذَا فَوْجٌ مُقْتَحِمٌ مَعَكُمْ ۖ لَا مَرْحَبًا بِهِمْ ۚ إِنَّهُمْ صَالُو النَّارِ ﴿٥٩﴾

یہ (تمھارے پیروکاروں کا) ایک گروہ ہے جو تمھارے ساتھ گھسا چلا آتا ہے، ان کے لیے خوش آمدید نہیں، بے شک یہ آگ میں داخل ہونے والے ہیں ﴿٥٩﴾

59. This is a troop entering with you (in Hell), no welcome for them! Verily, they shall burn in the Fire!

قَالُوا بَلْ أَنْتُمْ لَا مَرْحَبًا بِكُمْ ۖ أَنْتُمْ قَدَّمْتُمُوهُ لَنَا ۖ فَبِئْسَ الْقَرَارُ ﴿٦٠﴾

وہ کہیں گے: بلکہ تم ہی (اس لائق) ہو کہ تمھارے لیے خوش آمدید نہیں، تم ہی اسے ہمارے سامنے لائے ہو، تو (یہ) بہت بری قرارگاہ ہے ﴿٦٠﴾

60. They (the followers of the misleaders) will say: "Nay, you (too)! No welcome for you! It is you (misleaders) who brought this upon us (because you misled us in the world), so evil is this place to stay in!"

قَالُوا رَبَّنَا مَنْ قَدَّمَ لَنَا هٰذَا فَزِدْهُ عَذَابًا ضِعْفًا فِي النَّارِ ﴿٦١﴾

وہ کہیں گے: اے ہمارے رب! جو شخص ہمارے سامنے یہ (انجام) لایا ہے اس کے لیے جہنم میں عذاب دوگنا زیادہ کر دے ﴿٦١﴾

61. They will say: "Our Lord! Whoever brought this upon us, add to him a double torment in the Fire!"

وَقَالُوا مَا لَنَا لَا نَرَىٰ رِجَالًا كُنَّا نَعُدُّهُمْ مِنَ الْأَشْرَارِ ﴿٦٢﴾

اور وہ کہیں گے: ہمیں کیا ہے کہ ہم ان لوگوں کو (جہنم میں) نہیں دیکھتے جنھیں ہم برے لوگوں میں شمار کرتے تھے ﴿٦٢﴾

62. And they will say: "What is the matter with us that we see not men whom we used to count among the bad ones?"

أَتَّخَذْنَاهُمْ سِخْرِيًّا أَمْ زَاغَتْ عَنْهُمُ الْأَبْصَارُ ﴿٦٣﴾

کیا ہم نے انھیں (دنیا میں یونہی) مذاق (کا نشانہ) بنائے رکھا یا ہماری نگاہیں ان سے ہٹ گئی ہیں؟ ﴿٦٣﴾

63. Did we take them as an object of mockery, or have (our) eyes failed to perceive them?"

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

64. Verily, that is the very truth — the mutual dispute of the people of the Fire!

إِنَّ ذَٰلِكَ لَحَقٌّ تَخَاصُمُ أَهْلِ النَّارِ ﴿٦٤﴾ ع

بلاشبہ یہ اہل دوزخ کا باہم جھگڑنا حق ہے ﴿٦٤﴾

65. Say (O Muhammad ﷺ): "I am only a warner and there is no *Ilāh* (God) except Allāh (none has the right to be worshipped but Allāh) the One, the Irresistible,

قُلْ إِنَّمَا أَنَا مُنذِرٌ ۖ وَمَا مِنْ إِلَٰهٍ إِلَّا اللَّهُ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ ﴿٦٥﴾

آپ کہہ دیجیے: بس میں تو صرف ایک ڈرانے والا ہوں، اور اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، جو ایک ہے، بڑا زبردست ﴿٦٥﴾

66. "The Lord of the heavens and the earth and all that is between them, the All-Mighty, the Oft-Forgiving."

رَبُّ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا الْعَزِيزُ الْغَفَّارُ ﴿٦٦﴾

آسمانوں اور زمین کا اور جو کچھ ان کے درمیان ہے اس کا رب ہے، نہایت غالب، بہت معاف کرنے والا ﴿٦٦﴾

67. Say: "That (this Qur'ān) is great news,

قُلْ هُوَ نَبَأٌ عَظِيمٌ ﴿٦٧﴾

کہہ دیجیے: وہ ایک بہت بڑی خبر ہے ﴿٦٧﴾

68. "From which you turn away!

أَنتُمْ عَنْهُ مُعْرِضُونَ ﴿٦٨﴾

تم اس سے اعراض کرنے والے ہو ﴿٦٨﴾

69. "I had no knowledge of the chiefs (angels) on high when they were disputing and discussing (about the creation of Adam).

مَا كَانَ لِيَ مِنْ عِلْمٍ بِالْمَلَإِ الْأَعْلَىٰ إِذْ يَخْتَصِمُونَ ﴿٦٩﴾

مجھے (فرشتوں کی) بلند پایہ جماعت کا کوئی علم نہیں تھا جب وہ باہم جھگڑ رہے تھے ﴿٦٩﴾

70. "Only this has been revealed to me, that I am a plain warner."

إِن يُوحَىٰ إِلَيَّ إِلَّا أَنَّمَا أَنَا نَذِيرٌ مُّبِينٌ ﴿٧٠﴾

میری طرف تو یہی وحی کی جاتی ہے کہ بس میں تو صرف ایک واضح (طور پر) ڈرانے والا ہوں ﴿٧٠﴾

71. (Remember) when your Lord said to the angels: "Truly, I am going to create man from clay."

إِذْ قَالَ رَبُّكَ لِلْمَلَائِكَةِ إِنِّي خَالِقٌ بَشَرًا مِّن طِينٍ ﴿٧١﴾

(یاد کیجیے) جب آپ کے رب نے فرشتوں سے کہا: بے شک میں مٹی سے ایک انسان پیدا کرنے والا ہوں ﴿٧١﴾

72. So, when I have fashioned him and breathed into him (his) soul created by Me, then you fall down prostrate to him."

فَإِذَا سَوَّيْتُهُ وَنَفَخْتُ فِيهِ مِن رُّوحِي فَقَعُوا لَهُ سَاجِدِينَ ﴿٧٢﴾

چنانچہ جب میں اسے ٹھیک ٹھیک بنا دوں اور اس میں اپنی روح پھونک دوں، تو تم اس کے آگے سجدہ کرتے ہوئے گر پڑنا ﴿٧٢﴾

73. So, the angels prostrated themselves, all of them,

فَسَجَدَ الْمَلَائِكَةُ كُلُّهُمْ أَجْمَعُونَ ﴿٧٣﴾

تب تمام فرشتوں نے (بیک وقت) اکٹھے سجدہ کیا ﴿٧٣﴾

74. Except *Iblīs* (Satan), he was proud[1] and was one of the disbelievers.

إِلَّا إِبْلِيسَ اسْتَكْبَرَ وَكَانَ مِنَ الْكَافِرِينَ ﴿٧٤﴾

سوائے ابلیس کے، اس نے تکبر کیا، اور وہ کافروں میں سے ہو گیا ﴿٧٤﴾

75. (Allāh) said: "O *Iblīs* (Satan)! What prevents you from prostrating yourself to one whom I have created with Both My Hands.[2] Are you too proud (to fall prostrate to Adam) or are

قَالَ يَا إِبْلِيسُ مَا مَنَعَكَ أَن تَسْجُدَ لِمَا خَلَقْتُ بِيَدَيَّ ۖ أَسْتَكْبَرْتَ أَمْ كُنتَ مِنَ الْعَالِينَ ﴿٧٥﴾

اللہ نے فرمایا: اے ابلیس! تجھے کس چیز نے اس (آدم) کو سجدہ کرنے سے منع کیا جسے میں نے اپنے دونوں ہاتھوں سے پیدا کیا؟ کیا تو نے تکبر کیا یا تو اونچے درجے والوں میں سے ہے؟① ﴿٧٥﴾

---

[1] (V.38:74) See the footnote of (V.22:9).

[2] (V.38:75) See the footnote of (V.3:73).

اللّٰهُ عَلَيْهِمْ ۭ مَا هُمْ مِّنْكُمْ وَلَا مِنْهُمْ ۙ
وَيَحْلِفُوْنَ عَلَى الْكَذِبِ وَهُمْ يَعْلَمُوْنَ (14)

کیا آپ نے ان لوگوں (منافقین) کو نہیں دیکھا جنھوں نے اس قوم (یہود) سے دوستی کی جن پر اللہ غصے ہوا۔ نہ وہ تم میں سے ہیں اور نہ ان میں سے۔ اور وہ جھوٹ پر قسمیں کھاتے ہیں، حالانکہ وہ جانتے ہیں (14)

14. Have you (O Muhammad ﷺ) not seen those (hypocrites) who take as friends a people upon whom is the Wrath of Allāh (i.e. Jews)? They are neither of you (Muslims) nor of them (Jews), and they swear to a lie while they know.

اَعَدَّ اللّٰهُ لَهُمْ عَذَابًا شَدِيْدًا ۭ اِنَّهُمْ سَاۗءَ
مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ (15)

اللہ نے ان کے لیے شدید عذاب تیار کیا ہے۔ بے شک یہ (لوگ) برے ہیں جو وہ عمل کرتے رہے ہیں (15)

15. Allāh has prepared for them a severe torment. Evil indeed is that which they used to do.

اِتَّخَذُوْٓا اَيْمَانَهُمْ جُنَّةً فَصَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ
اللّٰهِ فَلَهُمْ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ (16)

انھوں نے اپنی قسموں کو ڈھال بنا لیا ہے، پھر انھوں نے اللہ کی راہ سے روکا، لہٰذا ان کے لیے رسوا کن عذاب ہے (16)

16. They have made their oaths a screen (for their evil actions). Thus they hinder (men) from the path of Allāh, so they shall have a humiliating torment.

لَنْ تُغْنِيَ عَنْهُمْ اَمْوَالُهُمْ وَلَآ اَوْلَادُهُمْ مِّنَ
اللّٰهِ شَيْـــًٔا ۭ اُولٰۗىِٕكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۭ هُمْ فِيْهَا
خٰلِدُوْنَ (17)

ان کے مال اور ان کی اولاد انھیں اللہ (کے عذاب) سے ہرگز کچھ فائدہ نہیں دیں گے، یہی لوگ دوزخی ہیں، وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے (17)

17. Their wealth and their children will avail them nothing against Allāh. They will be the dwellers of the Fire to dwell therein forever.

يَوْمَ يَبْعَثُهُمُ اللّٰهُ جَمِيْعًا فَيَحْلِفُوْنَ لَهٗ
كَمَا يَحْلِفُوْنَ لَكُمْ وَيَحْسَبُوْنَ اَنَّهُمْ عَلٰي
شَيْءٍ ۭ اَلَآ اِنَّهُمْ هُمُ الْكٰذِبُوْنَ (18)

جس دن اللہ ان سب کو دوبارہ اٹھائے گا تو وہ اس کے سامنے قسمیں کھائیں گے جیسے تمھارے سامنے قسمیں کھاتے ہیں، اور وہ سمجھتے ہیں کہ بے شک وہ ایک شے (اچھی راہ) پر ہیں۔ خبردار! بے شک وہی جھوٹے ہیں (18)

18. On the Day when Allāh will resurrect them all together (for their account); then they will swear to Him as they swear to you (O Muslims). And they think that they have something (to stand upon). Verily, they are liars!

اِسْتَحْوَذَ عَلَيْهِمُ الشَّيْطٰنُ فَاَنْسٰىهُمْ ذِكْرَ اللّٰهِ

ان پر شیطان غالب آ گیا ہے، پھر اس نے انھیں

19. *Shaitān* (Satan) has

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

أُولَٰئِكَ حِزْبُ الشَّيْطَانِ ۚ أَلَا إِنَّ حِزْبَ الشَّيْطَانِ هُمُ الْخَاسِرُونَ ⑲

اللہ کا ذکر بھلا دیا۔ یہ لوگ شیطان کا گروہ ہیں۔ خبردار! بے شک شیطانی گروہ ہی خسارہ پانے والا ہے⑲

overpowered them. So he has made them forget the remembrance of Allāh. They are the party of *Shaitān* (Satan). Verily, it is the party of *Shaitān* (Satan) that will be the losers!

إِنَّ الَّذِينَ يُحَادُّونَ اللَّهَ وَرَسُولَهُ أُولَٰئِكَ فِي الْأَذَلِّينَ ⑳

بے شک جو لوگ اللہ اور اس کے رسول کی مخالفت کرتے ہیں، وہی ذلیل ترین لوگوں میں سے ہیں⑳

20. Those who oppose Allāh and His Messenger (Muhammad ﷺ), they will be among the lowest (most humiliated).

كَتَبَ اللَّهُ لَأَغْلِبَنَّ أَنَا وَرُسُلِي ۚ إِنَّ اللَّهَ قَوِيٌّ عَزِيزٌ ㉑

اللہ نے لکھ رکھا ہے کہ میں اور میرے رسول ضرور غالب آئیں گے، بے شک اللہ قوی، بڑا زبردست ہے㉑

21. Allāh has decreed: "Verily, it is I and My Messengers who shall be the victorious." Verily, Allāh is All-Powerful, All-Mighty.

لَا تَجِدُ قَوْمًا يُؤْمِنُونَ بِاللَّهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ يُوَادُّونَ مَنْ حَادَّ اللَّهَ وَرَسُولَهُ وَلَوْ كَانُوا آبَاءَهُمْ أَوْ أَبْنَاءَهُمْ أَوْ إِخْوَانَهُمْ أَوْ عَشِيرَتَهُمْ ۚ أُولَٰئِكَ كَتَبَ فِي قُلُوبِهِمُ الْإِيمَانَ وَأَيَّدَهُمْ بِرُوحٍ مِنْهُ ۖ وَيُدْخِلُهُمْ جَنَّاتٍ تَجْرِي مِنْ تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ خَالِدِينَ فِيهَا ۚ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمْ وَرَضُوا عَنْهُ ۚ أُولَٰئِكَ حِزْبُ اللَّهِ ۚ أَلَا إِنَّ حِزْبَ اللَّهِ هُمُ الْمُفْلِحُونَ ㉒ ع 3/9/3

(اے نبی!) آپ (ایسی) کوئی قوم نہیں پائیں گے جو اللہ اور روز آخرت پر ایمان رکھتے ہوں، کہ وہ ان سے دوستی کریں جو اللہ اور اس کے رسول کی مخالفت کرتے ہوں، اگرچہ وہ ان کے باپ یا ان کے بیٹے یا ان کے بھائی یا ان کا کنبہ قبیلہ ہو۔ یہی لوگ ہیں کہ اللہ نے ان کے دلوں میں ایمان لکھ دیا ہے اور ان کی تائید کی ہے اپنی طرف سے ایک روح کے ساتھ، اور وہ انھیں ایسی جنتوں میں داخل کرے گا کہ جن کے نیچے نہریں جاری ہوں گی، وہ ان میں ہمیشہ رہیں گے، اللہ ان سے راضی ہے اور وہ اس سے راضی ہیں، یہی لوگ اللہ کا گروہ ہیں، جان لو! بے شک (جو) اللہ کا گروہ ہے، وہی فلاح پانے والا ہے㉒

22. You (O Muhammad ﷺ) will not find any people who believe in Allāh and the Last Day, making friendship with those who oppose Allāh and His Messenger (Muhammad ﷺ), even though they were their fathers or their sons or their brothers or their kindred (people). For such He has written Faith in their hearts, and strengthened them with *Rūh* (proofs, light and true guidance) from Himself. And He will admit them to Gardens (Paradise) under which rivers flow, to dwell therein (forever). Allāh is pleased with them, and they with Him. They are the party of Allāh. Verily, it is the party of Allāh that will be the successful.

Sūrat Al-Hashr (The Gathering) 59

سورۂ حشر

آیاتہا 24 (59) سُورَةُ الْحَشْرِ مَدَنِيَّةٌ (101) رکوعاتہا 3

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ

اللہ کے نام سے (شروع) جو نہایت مہربان، بہت رحم کرنے والا ہے۔

In the Name of Allāh, the Most Gracious, the Most Merciful.

سَبَّحَ لِلَّهِ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ ۖ وَهُوَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ ①

اللہ کے لیے تسبیح کرتی ہے جو چیز آسمانوں میں ہے اور جو زمین میں ہے، اور وہی غالب ہے، خوب حکمت والا①

1. What so ever is in the heavens and what so ever is on the earth glorifies Allāh. And He is the All-Mighty, the All-Wise.

هُوَ الَّذِي أَخْرَجَ الَّذِينَ كَفَرُوا مِنْ أَهْلِ الْكِتَابِ مِنْ دِيَارِهِمْ لِأَوَّلِ الْحَشْرِ ۚ مَا ظَنَنْتُمْ أَنْ يَخْرُجُوا ۖ وَظَنُّوا أَنَّهُمْ مَانِعَتُهُمْ

وہی ہے جس نے اہل کتاب کے کافروں کو پہلی جلاوطنی کے وقت ان کے گھروں سے نکال دیا، تم نے کبھی یہ خیال نہیں کیا تھا کہ وہ (وہاں سے) نکلیں

2. He it is Who drove out the disbelievers among the people of the Scripture (i.e. the Jews of the tribe of Banū An-Nadīr) from

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

حُصُوْنُهُمْ مِّنَ اللّٰهِ فَاَتٰىهُمُ اللّٰهُ مِنْ حَيْثُ لَمْ يَحْتَسِبُوْا وَقَذَفَ فِيْ قُلُوْبِهِمُ الرُّعْبَ يُخْرِبُوْنَ بُيُوْتَهُمْ بِاَيْدِيْهِمْ وَاَيْدِي الْمُؤْمِنِيْنَ فَاعْتَبِرُوْا يٰۤاُولِي الْاَبْصَارِ ②

گے، اور انھوں نے سمجھا تھا کہ بے شک ان کے قلعے انھیں اللہ (کے عذاب) سے بچا لیں گے، پھر ان کے پاس اللہ (کا عذاب) آیا جہاں سے انھوں نے گمان بھی نہیں کیا تھا، اور اس نے ان کے دلوں میں رعب ڈال دیا، وہ اپنے گھر اپنے ہاتھوں اجاڑتے تھے اور مومنوں کے ہاتھوں بھی، تو اے آنکھوں والو! عبرت پکڑو ②

their homes at the first gathering. You did not think that they would get out. And they thought that their fortresses would defend them from Allāh! But Allāh's (torment) reached them from a place whereof they expected it not, and He cast terror into their hearts so that they destroyed their own dwellings with their own hands and the hands of the believers. Then take admonition, O you with eyes (to see).

وَلَوْلَاۤ اَنْ كَتَبَ اللّٰهُ عَلَيْهِمُ الْجَلَآءَ لَعَذَّبَهُمْ فِي الدُّنْيَا ۖ وَلَهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ عَذَابُ النَّارِ ③

اور اگر یہ نہ ہوتا کہ اللہ نے ان کا جلاوطن ہونا لکھ دیا تھا تو وہ انھیں ضرور دنیا ہی میں عذاب دیتا، اور ان کے لیے آخرت میں آگ کا عذاب ہے ③

3. And had it not been that Allāh had decreed exile for them, He would certainly have punished them in this world; and in the Hereafter theirs shall be the torment of the Fire.[1]

ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ شَآقُّوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ۚ وَمَنْ يُّشَآقِّ اللّٰهَ فَاِنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ④

یہ اس لیے کہ بے شک انھوں نے اللہ اور اس کے رسول کی مخالفت کی، اور جو کوئی اللہ کی مخالفت کرے تو بے شک اللہ سخت سزا دینے والا ہے ④

4. That is because they opposed Allāh and His Messenger (Muhammad ﷺ). And whosoever opposes Allāh, then verily, Allāh is Severe in punishment.

مَا قَطَعْتُمْ مِّنْ لِّيْنَةٍ اَوْ تَرَكْتُمُوْهَا قَآئِمَةً عَلٰۤى اُصُوْلِهَا فَبِاِذْنِ اللّٰهِ وَلِيُخْزِيَ الْفٰسِقِيْنَ ⑤

تم نے جو بھی کھجور کا درخت کاٹا یا اسے اس کی جڑوں پر کھڑا چھوڑ دیا تو (یہ) اللہ کے حکم سے ہے، تاکہ وہ نافرمانوں کو رسوا کرے ⑤

5. What you (O Muslims) cut down of a palm tree (of the enemy), or you left it standing on its stem, it was by the Leave of Allāh, and in order that He might disgrace the *Fāsiqūn* (the rebellious, the disobedient to Allāh).

وَمَاۤ اَفَآءَ اللّٰهُ عَلٰى رَسُوْلِهٖ مِنْهُمْ فَمَاۤ اَوْجَفْتُمْ عَلَيْهِ مِنْ خَيْلٍ وَّلَا رِكَابٍ وَّلٰكِنَّ اللّٰهَ يُسَلِّطُ رُسُلَهٗ عَلٰى مَنْ يَّشَآءُ ۭ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ⑥

اور اللہ نے ان سے اپنے رسول کی طرف جو مال لوٹایا تو اس کے لیے تم نے گھوڑے اور اونٹ نہیں دوڑائے، لیکن اللہ اپنے رسولوں کو جس پر چاہتا ہے غلبہ دیتا ہے۔ اور اللہ ہر چیز پر خوب قادر ہے ⑥

6. And what Allāh gave as booty (*Fai'*) to His Messenger (Muhammad ﷺ) from them — for this you made no expedition with either cavalry or camelry. But Allāh gives power to His Messengers over whomsoever He wills. And Allāh is Able to do all things.

مَاۤ اَفَآءَ اللّٰهُ عَلٰى رَسُوْلِهٖ مِنْ اَهْلِ الْقُرٰى فَلِلّٰهِ وَلِلرَّسُوْلِ وَلِذِي الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنِ وَابْنِ السَّبِيْلِ ۙ كَيْ لَا يَكُوْنَ دُوْلَةًۢ بَيْنَ الْاَغْنِيَآءِ مِنْكُمْ ۭ وَمَاۤ اٰتٰىكُمُ

اللہ اپنے رسول کی طرف بستیوں والوں (کے مال) سے جو کچھ لوٹا دے، تو وہ اللہ کے لیے اور اس کے رسول کے لیے اور (اس کے) قرابت داروں اور یتیموں اور مسکینوں اور مسافروں کے لیے ہے، تاکہ

7. What Allāh gave as booty (*Fai'*) to His Messenger (Muhammad ﷺ) from the people of the townships — it is for Allāh, His Messenger (Muhammad ﷺ), the kindred (of

[1] (V.59:3) See the footnote (b) of (V.9:29).

”محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ“

www.KitaboSunnat.com

الرَّسُوْلُ فَخُذُوْهُ ۚ وَمَا نَهٰىكُمْ عَنْهُ فَانْتَهُوْا ۚ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ⑦ وقف لازم

وہ (مال) تمھارے دولت مندوں ہی کے درمیان گردش نہ کرتا رہے۔ اور اللہ کا رسول تمھیں جو کچھ دے تو وہ لے لو، اور جس سے منع کرے تو اسے چھوڑ دو،① اور اللہ سے ڈرتے رہو، بے شک اللہ تخت سزا دینے والا ہے⑦

Messenger Muhammad ﷺ), the orphans, *Al-Masākīn* (the needy), and the wayfarer, in order that it may not become a fortune used by the rich among you. And whatsoever the Messenger (Muhammad ﷺ) gives you, take it; and whatsoever he forbids you, abstain (from it).[1] And fear Allāh; verily, Allāh is Severe in punishment.

لِلْفُقَرَآءِ الْمُهٰجِرِيْنَ الَّذِيْنَ اُخْرِجُوْا مِنْ دِيَارِهِمْ وَاَمْوَالِهِمْ يَبْتَغُوْنَ فَضْلًا مِّنَ اللّٰهِ وَرِضْوَانًا وَّيَنْصُرُوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ۭ اُولٰٓئِكَ هُمُ الصّٰدِقُوْنَ ⑧

(مال فے) ان مہاجر فقراء کے لیے ہے جو اپنے گھروں اور اپنی جائیدادوں سے نکالے گئے، وہ اللہ کا فضل اور اس کی رضا ڈھونڈتے ہیں اور اللہ اور اس کے رسول کی مدد کرتے ہیں، یہی لوگ سچے ہیں⑧

8. (And there is also a share in this booty) for the poor emigrants, who were expelled from their homes and their property, seeking bounties from Allāh and to please Him, and helping Allāh (i.e. helping His religion — Islamic Monotheism) and His Messenger (Muhammad ﷺ). Such are indeed the truthful (to what they say).

وَالَّذِيْنَ تَبَوَّؤُ الدَّارَ وَالْاِيْمَانَ مِنْ

اور (ان کے لیے ہے) جنھوں نے (مدینہ کو) گھر بنالیا

9. And those who, before them,

---

[1] (V.59:7) Narrated 'Alqamah: 'Abdullāh (bin Mas'ūd) said."Allāh curses those ladies who practise tatooing and those who get themselves tatooed, and those ladies who get their hair removed from their eyebrows and faces except the beard and moustache, and those who make artificial spaces between their teeth in order to look more beautiful whereby they change Allāh's creation." His saying reached a lady from Banū Asad, called Umm Ya'qūb, who came (to 'Abdullāh) and said, "I have come to know that you have cursed such and such (ladies)?" He replied, "Why should I not curse these whom Allāh's Messenger ﷺ has cursed and who are (cursed) in Allāh's Book!" Umm Ya'qūb said, "I have read the whole Qur'ān, but I did not find in it what you say." He said, "Verily, if you have read it (i.e. the Qur'ān), you have found it. Didn't you read: "And whatsoever the Messenger (Muhammad ﷺ) gives you, take it, and whatsoever he forbids you, abstain (from it)." (V.59:7).
She replied, "Yes, I did." He said, "Verily, Allāh's Messenger ﷺ forbade such things." She said, "But I see your wife doing these things?" He said, "Go and watch her." She went and watched her but could not see anything in support of her statement. On that he said, "If my wife was as you thought, I would not keep her in my company (i.e., I would divorce her)." [*Sahih Al-Bukhari*, 6/4886 (O.P.408)]
Narrated 'Abdullāh (bin Mas'ūd) رضي الله عنه : Allāh's Messenger ﷺ has cursed the lady who uses false hair.
[*Sahih Al-Bukhari*, 6/4887 (O.P.409)]

① اس میں اللہ تعالیٰ نے رسول اللہ ﷺ کی اطاعت کرنے کا حکم دیا ہے۔ جس کا مطلب یہ ہوا کہ رسول اللہ ﷺ کی اطاعت اللہ کی اطاعت ہے اور صحابہ رضی اللہ عنہم نے بھی اس آیت کا یہی مطلب سمجھا اور انہوں نے بلا چون و چرا احادیث رسول پر اسی طرح عمل کیا جس طرح قرآن پر عمل کیا اور حدیث کو وہی درجہ دیا جو قرآن کا درجہ ہے۔ چنانچہ حضرت علقمہ رحمہ اللہ سے روایت ہے، حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ''گدوانے والی اور خوبصورتی کے لیے چہرے کے بال نکالنے والی، دانتوں کو (سوہن سے) جدا کرنے والی عورتوں پر اللہ لعنت کرتا ہے جو اللہ کی خلقت کو بدلتی ہیں۔ یہ بات بنی اسد کی ایک عورت کو معلوم ہوئی، جس کی کنیت ''ام یعقوب'' تھی، تو وہ عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے پاس آئی اور کہنے لگی: مجھے یہ خبر پہنچی ہے کہ آپ نے ایسی ایسی عورتوں پر لعنت کی ہے؟ انہوں نے کہا: بے شک! میں تو ضرور اس پر لعنت کروں گا جس پر اللہ کے رسول ﷺ نے لعنت کی ہے اور وہ اللہ کی کتاب میں درج ہے۔ وہ عورت کہنے لگی: میں نے تو سارا قرآن جو دو تختیوں کے بیچ میں ہے، پڑھ ڈالا اس میں تو کہیں ان عورتوں پر لعنت نہیں آئی ہے۔ عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اگر تو قرآن کو (جیسا سمجھ کر پڑھنا چاہیے) پڑھتی تو ضرور یہ مسئلہ پاتی۔ کیا تو نے قرآن میں یہ نہیں پڑھا: ''پیغمبر جس بات کا تم کو حکم دیں اس پر عمل کرو اور جس بات سے منع کریں اس سے باز رہو؟'' اس نے کہا: ہاں! یہ آیت تو قرآن میں ہے۔ انہوں نے کہا: بس! نبی ﷺ نے ان باتوں سے منع فرمایا ہے۔ وہ کہنے لگی: میرا خیال ہے آپ کی بیوی بھی ایسے کرتی ہے۔ انہوں نے کہا: جاؤ اور دیکھ آؤ! جب وہ گئی اور (ان کی بیوی کو) دیکھا تو وہاں ایسی کوئی بات نہ پائی۔ عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے کہا: اگر میری بیوی ایسے کام کرتی تو بھلا میرے ساتھ رہ سکتی تھی؟'' (صحيح البخاري، التفسير، باب: 4 حديث: 4886) حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے: ''رسول اللہ ﷺ نے بالوں میں جوڑ لگانے والی پر لعنت کی۔'' (صحيح البخاري، التفسير، باب: 4 حديث: 4887)

''محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ''

www.KitaboSunnat.com

قَبْلِهِمْ يُحِبُّوْنَ مَنْ هَاجَرَ اِلَيْهِمْ وَلَا يَجِدُوْنَ فِيْ صُدُوْرِهِمْ حَاجَةً مِّمَّآ اُوْتُوْا وَيُؤْثِرُوْنَ عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ وَلَوْ كَانَ بِهِمْ خَصَاصَةٌ ۗ وَمَنْ يُّوْقَ شُحَّ نَفْسِهٖ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ⑨

تھا اور ان (مہاجرین) سے پہلے ایمان لا چکے تھے، وہ (انصار) ان سے محبت کرتے ہیں جو ان کی طرف ہجرت کرے، اور وہ اپنے دلوں میں اس (مال) کی کوئی حاجت نہیں پاتے جو ان (مہاجرین) کو دیا جائے اور اپنی ذات پر (ان کو) ترجیح دیتے ہیں اگرچہ خود انھیں سخت ضرورت ہو، اور جو کوئی اپنے نفس کے لالچ سے بچا لیا گیا، تو وہی لوگ فلاح پانے والے ہیں⑨

had homes (in Al-Madinah) and had adopted the Faith, love those who emigrate to them, and have no jealousy in their breasts for that which they have been given (from the booty of Banū An-Nadīr), and give them (emigrants) preference over themselves even though they were in need of that. And whosoever is saved from his own covetousness, such are they who will be the successful.

وَالَّذِيْنَ جَآءُوْ مِنْۢ بَعْدِهِمْ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا وَلِاِخْوَانِنَا الَّذِيْنَ سَبَقُوْنَا بِالْاِيْمَانِ وَلَا تَجْعَلْ فِيْ قُلُوْبِنَا غِلًّا
ع 1 10 4 لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا رَبَّنَآ اِنَّكَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ⑩

اور (فے ان کے لیے ہے) جو ان (مہاجرین وانصار) کے بعد آئے، وہ کہتے ہیں: اے ہمارے رب! ہمیں اور ہمارے ان بھائیوں کو بخش دے جنھوں نے ایمان میں ہم سے پہل کی اور ہمارے دلوں میں اہل ایمان کے لیے کوئی کینہ نہ رکھ۔ اے ہمارے رب! بے شک تو بہت نرمی والا، نہایت رحم کرنے والا ہے⑩

10. And those who came after them say: "Our Lord! Forgive us and our brethren who have preceded us in Faith, and put not in our hearts any hatred against those who have believed. Our Lord! You are indeed full of kindness, Most Merciful.

اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ نَافَقُوْا يَقُوْلُوْنَ لِاِخْوَانِهِمُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ لَئِنْ اُخْرِجْتُمْ لَنَخْرُجَنَّ مَعَكُمْ وَلَا نُطِيْعُ فِيْكُمْ اَحَدًا اَبَدًا ۙ وَّاِنْ قُوْتِلْتُمْ لَنَنْصُرَنَّكُمْ ۭ وَاللّٰهُ يَشْهَدُ اِنَّهُمْ لَكٰذِبُوْنَ ⑪

(اے نبی!) کیا آپ نے وہ لوگ نہیں دیکھے جنھوں نے منافقت کی؟ وہ اپنے ان بھائیوں سے، جو اہل کتاب میں سے کافر ہوئے، کہتے ہیں: اگر تم (مدینہ سے) نکالے گئے تو ہم ضرور تمھارے ساتھ نکلیں گے، اور ہم تمھارے معاملے میں کبھی کسی کی اطاعت نہیں کریں گے، اور اگر تم سے لڑائی کی گئی تو ہم ضرور تمھاری مدد کریں گے، اور اللہ گواہی دیتا ہے کہ بے شک وہ جھوٹے ہیں⑪

11. Have you (O Muhammad ﷺ) not observed the hypocrites who say to their friends among the people of the Scripture who disbelieve: "(By Allāh) if you are expelled, we (too) indeed will go out with you, and we shall never obey any one against you; and if you are attacked (in fight), we shall indeed help you." But Allāh is Witness that they verily are liars.

لَئِنْ اُخْرِجُوْا لَا يَخْرُجُوْنَ مَعَهُمْ ۚ وَلَئِنْ قُوْتِلُوْا لَا يَنْصُرُوْنَهُمْ ۚ وَلَئِنْ نَّصَرُوْهُمْ لَيُوَلُّنَّ الْاَدْبَارَ ۣ ثُمَّ لَا يُنْصَرُوْنَ ⑫

اگر وہ (یہود) نکالے گئے تو یہ (منافقین) ان کے ساتھ نہیں نکلیں گے، اور اگر ان سے لڑائی کی گئی تو یہ ان کی مدد نہیں کریں گے، اور اگر ان کی مدد کو پہنچے بھی تو ضرور پیٹھ پھیر کر بھاگیں گے، پھر ان کی مدد نہیں کی جائے گی⑫

12. Surely, if they (the Jews) are expelled, never will they (hypocrites) go out with them; and if they are attacked, they will never help them. And (even) if they do help them, they (hypocrites) will turn their backs, and they will not be victorious.

لَاَانْتُمْ اَشَدُّ رَهْبَةً فِيْ صُدُوْرِهِمْ مِّنَ اللّٰهِ ۭ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا يَفْقَهُوْنَ ⑬

(اے مسلمانو!) یقیناً ان کے سینوں میں اللہ کی نسبت تمھارا ڈر زیادہ ہے، یہ اس لیے کہ بے شک وہ ایسے لوگ ہیں جو سمجھتے نہیں⑬

13. Verily, you (believers in the Oneness of Allāh — Islāmic Monotheism) are more fearful in their (Jews of Banū An-Nadīr) breasts than Allāh. That is because they are a people who

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

comprehend not (the Majesty and Power of Allāh).

لَا يُقَاتِلُوْنَكُمْ جَمِيْعًا اِلَّا فِيْ قُرًى مُّحَصَّنَةٍ اَوْ مِنْ وَّرَآءِ جُدُرٍ ؕ بَاْسُهُمْ بَيْنَهُمْ شَدِيْدٌ ؕ تَحْسَبُهُمْ جَمِيْعًا وَّقُلُوْبُهُمْ شَتّٰى ؕ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا يَعْقِلُوْنَ ﴿۱۴﴾

وہ سب مل کر بھی تم سے نہیں لڑ سکیں گے، مگر ایسی بستیوں میں جو قلعہ بند ہیں یا دیواروں کی اوٹ سے، ان کی آپس کی لڑائی (دشمنی) بہت سخت ہے، آپ انھیں اکٹھے سمجھتے ہیں جبکہ ان کے دل جدا جدا ہیں، یہ اس لیے کہ بے شک وہ ایسے لوگ ہیں جو عقل نہیں رکھتے ⑭

14. They fight not against you even together, except in fortified townships, or from behind walls. Their enmity among themselves is very great. You would think they were united, but their hearts are divided. That is because they are a people who understand not.

كَمَثَلِ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ قَرِيْبًا ذَاقُوْا وَبَالَ اَمْرِهِمْ ۚ وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۱۵﴾

(ان کی مثال) ان لوگوں کی سی ہے جو ان سے پہلے قریب ہی (بدر میں) اپنی بداعمالی کا وبال چکھ چکے ہیں، اور ان کے لیے دردناک عذاب ہے ⑮

15. They are like their immediate predecessors (the Jews of Banū Qainūqā‘, who suffered); they tasted the evil result of their conduct, and (in the Hereafter, there is) for them a painful torment.

كَمَثَلِ الشَّيْطٰنِ اِذْ قَالَ لِلْاِنْسَانِ اكْفُرْ ۚ فَلَمَّا كَفَرَ قَالَ اِنِّيْ بَرِيْٓءٌ مِّنْكَ اِنِّيْٓ اَخَافُ اللّٰهَ رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۶﴾

ان کی مثال شیطان کی سی ہے جب وہ انسان سے کہتا ہے کہ کفر کر، پھر جب وہ کفر کرتا ہے تو شیطان کہتا ہے: بے شک میں تجھ سے بری ہوں، میں اللہ رب العالمین سے ڈرتا ہوں ⑯

16. (Their allies deceived them) like *Shaitān* (Satan), when he says to man: "Disbelieve in Allāh." But when (man) disbelieves in Allāh, *Shaitān* (Satan) says: "I am free of you, I fear Allāh, the Lord of the *'Ālamīn* (mankind, jinn and all that exists)!"

فَكَانَ عَاقِبَتَهُمَآ اَنَّهُمَا فِي النَّارِ خَالِدَيْنِ فِيْهَا ؕ وَذٰلِكَ جَزٰٓؤُا الظّٰلِمِيْنَ ﴿۱۷﴾ ع 2/7/5

لہٰذا ان دونوں کا انجام یہی ہوگا کہ بے شک وہ ہمیشہ (دوزخ کی) آگ میں رہیں گے، اور ظالموں کی سزا یہی ہے ⑰

17. So, the end of both will be that they will be in the Fire, abiding therein. Such is the recompense of the *Zālimūn* (i.e. polytheists, wrong doers, disbelievers in Allāh and in His Oneness).

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَلْتَنْظُرْ نَفْسٌ مَّا قَدَّمَتْ لِغَدٍ ۚ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ خَبِيْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۸﴾

اے ایمان والو! اللہ سے ڈرو، اور (ہر) شخص کو دیکھنا چاہیے کہ اس نے کل کے لیے آگے کیا بھیجا ہے، اور تم اللہ سے ڈرتے رہو،① بے شک اللہ کو خوب خبر ہے جو تم عمل کرتے ہو ⑱

18. O you who believe! Fear Allāh and keep your duty to Him. And let every person look to what he has sent forth for the morrow, and fear Allāh. Verily, Allāh is Well-Acquainted with what you do.[1]

وَلَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ نَسُوا اللّٰهَ فَاَنْسٰىهُمْ

اور ان کی طرح نہ ہو جاؤ جنھوں نے اللہ کو بھلا دیا، تو

19. And be not like those who forgot Allāh (i.e. became

[1] (V.59:18)
a) See the footnote of (V.32:16).
b) See the footnote of (V.15:23).
c) See the footnote (C) of (V.9:111).

① ملاحظہ کریں حاشیہ: (سورۂ الم سجدہ: 16/32) و حاشیہ: (سورۂ حجر: 23/15) و حاشیہ: (سورۂ توبہ: 111/9)

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

disobedient to Allāh), and He caused them to forget their ownselves (let them to forget to do righteous deeds). Those are the *Fāsiqūn* (rebellious, disobedient to Allāh).

اللہ نے انھیں اپنا آپ بھلوا دیا، یہی لوگ نافرمان ہیں⑲

اَنْفُسَهُمْ ؕ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ ⑲

20. Not equal are the dwellers of the Fire and the dwellers of Paradise. It is the dwellers of Paradise that will be successful.

آگ والے (دوزخی) اور باغ والے (جنتی) کبھی برابر نہیں ہو سکتے، جنتی ہی کامیاب ہیں⑳

لَا يَسْتَوِيْٓ اَصْحٰبُ النَّارِ وَاَصْحٰبُ الْجَنَّةِ ؕ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ هُمُ الْفَآئِزُوْنَ ⑳

21. Had We sent down this Qur'ān on a mountain, you would surely have seen it humbling itself and rent asunder by the fear of Allāh. Such are the parables which We put forward to mankind that they may reflect.[1]

(اے نبی!) اگر ہم اس قرآن کو کسی پہاڑ پر نازل کرتے تو آپ دیکھتے کہ وہ اللہ کے خوف سے دب جاتا (اور) پھٹ جاتا،① اور یہ مثالیں ہم لوگوں کے لیے بیان کرتے ہیں شاید کہ وہ غور وفکر کریں㉑

لَوْ اَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْاٰنَ عَلٰى جَبَلٍ لَّرَاَيْتَهٗ خَاشِعًا مُّتَصَدِّعًا مِّنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ ؕ وَتِلْكَ الْاَمْثَالُ نَضْرِبُهَا لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُوْنَ ㉑

22. He is Allāh, beside Whom *Lā ilāha illa Huwa* (none has the right to be worshipped but He) the All-Knower of the unseen and the seen. He is the Most Gracious, the Most Merciful.

وہ اللہ ہی ہے جس کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ غیب اور حاضر کا جاننے والا ہے، وہ رحمٰن ہے، رحیم ہے㉒

هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ عٰلِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ ۚ هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ ㉒

23. He is Allāh, beside Whom *Lā ilāha illa Huwa* (none has the right to be worshipped but He), the King, the Holy, the One Free from all defects, the Giver of security, the Watcher over His creatures, the All-Mighty, the Compeller, the Supreme. Glorified is Allāh! (High is He) above all that they associate as partners with Him.

اللہ وہ ہستی ہے کہ اس کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ بادشاہ ہے، نہایت پاک، سلامتی والا، امن دینے والا، نگہبان، زبردست، زورآور، بڑائی والا، پاک ہے اللہ اس سے جو وہ شرک کرتے ہیں㉓

هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ السَّلٰمُ الْمُؤْمِنُ الْمُهَيْمِنُ الْعَزِيْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ ؕ سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ㉓

24. He is Allāh, the Creator, the

وہ اللہ ہے، خالق ہے، موجد، صورت گر، اسی کے

هُوَ اللّٰهُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ لَهُ

---

[1] (V.59:21) Narrated Jābir bin 'Abdullāh رضي الله عنهما: The Prophet ﷺ used to stand by a tree or a date palm on Friday. Then an *Ansāri* woman or man said, "O Allāh's Messenger! Shall we make a pulpit for you?" He replied, "If you wish." So they made a pulpit for him and when it was Friday, he proceeded towards the pulpit [for delivering the *Khutbah* (religious talk)]. The date palm cried like a child! The Prophet ﷺ descended (from the pulpit) and embraced it while it continued moaning like a child being quietened. The Prophet ﷺ said, "It was crying for (missing) what it used to hear of religious knowledge given near it." [*Sahih Al-Bukhari*, 4/3584 (O.P.784)]

① اس سے معلوم ہوا کہ نباتات و جمادات بھی ایک گونہ شعور سے بہرہ ور ہیں اور اس کی تائید اس حدیث سے بھی ہوتی ہے جس میں ایک درخت کے رونے کا ذکر ہے۔ یہ واقعہ اگرچہ نبی ﷺ کا ایک معجزہ ہے تاہم اس سے ایک درخت کے باشعور ہونے کا بھی اثبات ہوتا ہے۔ چنانچہ حدیث میں آتا ہے کہ رسول اللہ ﷺ جمعہ کے دن ایک درخت یا کھجور کے ایک تنے سے ٹیک لگا کر کھڑے ہوا کرتے تھے۔ انصاری ایک عورت یا مرد نے عرض کیا: یارسول اللہ! ہم آپ کے لیے منبر نہ بنوا دیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: "اچھا! جیسے تمہاری مرضی۔" پھر انہوں نے منبر تیار کر دیا، جب جمعہ کا دن آیا تو آپ منبر پر تشریف لے گئے۔ درخت کا تنا ایک بچے کی طرح پھوٹ پھوٹ کر رونے لگا۔ آنحضرت ﷺ منبر سے اتر آئے اور اس درخت کو سینے سے لگا لیا، اس پر وہ ایک بچے کی طرح سسکیاں لینے لگا جسے تسلی دی جاتی ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: "یہ درخت اس بات پر روتا ہے کہ پہلے اپنے پاس اللہ کا ذکر سنا کرتا تھا۔" (صحیح البخاری، المناقب، باب: 25 حدیث: 3584)

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى ؕ يُسَبِّحُ لَهٗ مَا فِى
السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿24﴾ ع 3/7/6

لیے ہیں اسمائے حسنٰی، اسی کی تسبیح پڑھتی ہے جو چیز① آسمانوں اور زمین میں ہے، اور وہ غالب ہے، خوب حکمت والا﴿24﴾

Inventor of all things, the Bestower of forms. To Him belong the Best Names.[1] All that is in the heavens and the earth glorify Him. And He is the All-Mighty, the All-Wise.

سُوْرَةُ الْمُمْتَحِنَةِ مَدَنِيَّةٌ (60) (91) — آیاتها 13 — رکوعاتها 2

سورۂ ممتحنہ

Sūrat Al-Mumtahanah (The Woman to be examined) 60

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے (شروع) جو نہایت مہربان، بہت رحم کرنے والا ہے۔

In the Name of Allāh, the Most Gracious, the Most Merciful.

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوْا عَدُوِّىْ
وَعَدُوَّكُمْ اَوْلِيَآءَ تُلْقُوْنَ اِلَيْهِمْ بِالْمَوَدَّةِ
وَقَدْ كَفَرُوْا بِمَا جَآءَكُمْ مِّنَ الْحَقِّ ۚ
يُخْرِجُوْنَ الرَّسُوْلَ وَاِيَّاكُمْ اَنْ تُؤْمِنُوْا
بِاللّٰهِ رَبِّكُمْ ؕ اِنْ كُنْتُمْ خَرَجْتُمْ جِهَادًا فِىْ
سَبِيْلِىْ وَابْتِغَآءَ مَرْضَاتِىْ ۖ تُسِرُّوْنَ اِلَيْهِمْ
بِالْمَوَدَّةِ ۖ وَاَنَا اَعْلَمُ بِمَاۤ اَخْفَيْتُمْ وَمَاۤ
اَعْلَنْتُمْ ؕ وَمَنْ يَّفْعَلْهُ مِنْكُمْ فَقَدْ ضَلَّ
سَوَآءَ السَّبِيْلِ ﴿1﴾

اے ایمان والو! تم میرے اور اپنے دشمنوں کو دوست نہ بناؤ، تم ان کی طرف دوستی کا پیغام بھیجتے ہو، حالانکہ وہ حق (سچے دین) کے منکر ہوئے ہیں جو تمھارے پاس آیا ہے، وہ رسول کو اور تمھیں بھی جلاوطن کرتے ہیں، اس لیے کہ تم اپنے رب اللہ پر ایمان رکھتے ہو۔ اگر تم میرے راستے میں نکلے ہو، جہاد اور میری رضا ڈھونڈنے کے لیے (تو کفار کو دوست نہ بناؤ)، تم ان کو دوستی کا خفیہ پیغام بھیجتے ہو، اور میں خوب جانتا ہوں جو تم چھپاتے ہو اور جو ظاہر کرتے ہو، اور تم میں سے جو کوئی ایسا کرے گا، تو یقیناً وہ سیدھی راہ سے بھٹک گیا②﴿1﴾

1. O you who believe! Take not My enemies and your enemies (i.e. disbelievers and polytheists) as friends, showing affection towards them, while they have disbelieved in what has come to you of the truth (i.e. Islāmic Monotheism, this Qur'ān, and Muhammad ﷺ), and have driven out the Messenger (Muhammad ﷺ) and yourselves (from your homeland) because you believe in Allāh, your Lord! If you have come forth to strive in My Cause and to seek My Good Pleasure, (then take not these disbelievers and polytheists, as your friends). You show friendship to them in secret, while I am All-Aware of what you conceal and what you reveal. And whosoever of you (Muslims) does that, then indeed he has gone (far) astray from the Straight Path.[2]

اِنْ يَّثْقَفُوْكُمْ يَكُوْنُوْا لَكُمْ اَعْدَآءً
وَّيَبْسُطُوْۤا اِلَيْكُمْ اَيْدِيَهُمْ وَاَلْسِنَتَهُمْ
بِالسُّوْٓءِ وَوَدُّوْا لَوْ تَكْفُرُوْنَ ﴿2﴾

اگر وہ تمھیں (کہیں) پائیں تو تمھارے دشمن ہو جائیں اور اپنے ہاتھ اور اپنی زبانیں تمھاری طرف دراز کریں برائی (کی نیت) سے، اور وہ چاہتے ہیں کہ کسی طرح تم بھی (دین حق کے) منکر ہو جاؤ﴿2﴾

2. Should they gain the upper hand over you, they would behave to you as enemies, and stretch forth their hands and their tongues against you with evil, and they desire that you should disbelieve.

---

[1] (V.59:24) See the footnote of (V.7:180).
[2] (V.60:1) See V.3:149 and its footnote.

① ملاحظہ کریں حاشیہ: (سورۂ اعراف 7/180)
② ملاحظہ کریں حاشیہ: (سورۂ آل عمران 3/149)

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

لَنْ تَنْفَعَكُمْ اَرْحَامُكُمْ وَلَآ اَوْلَادُكُمْ ۚ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۚ يَفْصِلُ بَيْنَكُمْ ؕ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ③

تمھارے رشتے ناتے قیامت کے دن تمھیں ہرگز نفع نہیں دیں گے اور نہ تمھاری اولاد، وہ تمھارے درمیان فیصلہ کرے گا، اور اللہ خوب دیکھنے والا ہے جو تم عمل کرتے ہو③

3. Neither your relatives nor your children will benefit you on the Day of Resurrection (against Allāh). He will judge between you. And Allāh is All-Seer of what you do.

قَدْ كَانَتْ لَكُمْ اُسْوَةٌ حَسَنَةٌ فِيْٓ اِبْرٰهِيْمَ وَالَّذِيْنَ مَعَهٗ ۚ اِذْ قَالُوْا لِقَوْمِهِمْ اِنَّا بُرَءٰٓؤُا مِنْكُمْ وَمِمَّا تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ؗ كَفَرْنَا بِكُمْ وَبَدَا بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمُ الْعَدَاوَةُ وَالْبَغْضَآءُ اَبَدًا حَتّٰى تُؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ وَحْدَهٗٓ اِلَّا قَوْلَ اِبْرٰهِيْمَ لِاَبِيْهِ لَاَسْتَغْفِرَنَّ لَكَ وَمَآ اَمْلِكُ لَكَ مِنَ اللّٰهِ مِنْ شَيْءٍ ؕ رَبَّنَا عَلَيْكَ تَوَكَّلْنَا وَاِلَيْكَ اَنَبْنَا وَاِلَيْكَ الْمَصِيْرُ ④

یقیناً تمھارے لیے بہترین نمونہ ہے ابراہیم①اور ان لوگوں میں جو اس کے ساتھ تھے، جب انھوں نے اپنی قوم سے کہا تھا: بے شک ہم تم سے اور ان سے بری ہیں جن کی تم عبادت کرتے ہو سوائے اللہ کے، ہم تم سے منکر ہوئے، ہمارے اور تمھارے درمیان ہمیشہ کے لیے دشمنی اور بغض ظاہر ہو گیا ہے، حتی کہ تم اللہ اکیلے پر ایمان لے آؤ، مگر ابراہیم کا اپنے باپ سے یہ کہنا کہ میں ضرور تیرے لیے بخشش مانگوں گا، اور میں تیرے لیے اللہ (کی طرف) سے کسی چیز کا اختیار نہیں رکھتا، اے ہمارے رب! ہم نے تجھی پر توکل کیا اور تیری ہی طرف رجوع کیا، اور تیری ہی طرف ہمیں لوٹنا ہے④

4. Indeed there has been an excellent example for you in Ibrāhīm (Abraham) and those with him, when they said to their people: "Verily, we are free from you and whatever you worship besides Allāh, we have rejected you, and there has appeared between us and you, hostility and hatred for ever until you believe in Allāh Alone," — except the saying of Ibrāhīm (Abraham) to his father: "Verily, I will ask forgiveness (from Allāh) for you, but I have no power to do anything for you before Allāh.[1] " "Our Lord! In You (Alone) we put our trust, and to You (Alone) we turn in repentance, and to You (Alone) is (our) final Return.

رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَاغْفِرْ لَنَا رَبَّنَا ۚ اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ⑤

اے ہمارے رب! تو ہمیں ان لوگوں کے لیے فتنہ (آزمائش) نہ بنا جنھوں نے کفر کیا، اور ہمیں بخش دے، اے ہمارے رب! بے شک تو ہی بڑا زبردست، خوب حکمت والا ہے⑤

5. "Our Lord! Make us not a trial for the disbelievers, and forgive us, Our Lord! Verily, You, only You, are the All-Mighty, the All-Wise."

لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِيْهِمْ اُسْوَةٌ حَسَنَةٌ لِّمَنْ كَانَ يَرْجُوا اللّٰهَ وَالْيَوْمَ الْاٰخِرَ ؕ وَمَنْ
ع 7 يَّتَوَلَّ فَاِنَّ اللّٰهَ هُوَ الْغَنِيُّ الْحَمِيْدُ ⑥

بلاشبہ تمھارے لیے ان میں بہترین نمونہ ہے، اس شخص کے لیے جو اللہ (سے ملنے) اور یوم آخرت کی امید رکھتا ہو، اور جو کوئی (حق سے) منہ موڑے تو بے شک اللہ ہی بے پروا، نہایت قابل تعریف ہے⑥

6. Certainly, there has been in them an excellent example for you to follow, — for those who look forward to (the Meeting with) Allāh and the Last Day. And whosoever turns away, then verily, Allāh is the Rich (Free of all needs), the Worthy of all praise.

عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّجْعَلَ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَ الَّذِيْنَ عَادَيْتُمْ مِّنْهُمْ مَّوَدَّةً ؕ وَاللّٰهُ قَدِيْرٌ ؕ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ⑦

امید ہے کہ اللہ تمھارے اور ان لوگوں کے درمیان دوستی (پیدا) کر دے جن سے تمھاری دشمنی ہے، اور اللہ بہت قدرت والا ہے، اور اللہ غفور رحیم ہے⑦

7. Perhaps Allāh will make friendship between you and those whom you hold as enemies. And Allāh has power (over all things),

[1] (V.60:4) See (V.9:114), (V.19:41-49) and (V.26:70-86).

① حضرت ابراہیم علیہ السلام کے حالات کے لیے (سورۂ انعام: 6/74-81 اور اس کا حاشیہ و سورۂ توبہ: 9/114 سورۂ ابراہیم و سورۂ مریم: 19/41-49 اور سورۂ شعراء: 26/69-89) ملاحظہ کریں۔

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

and Allāh is Oft-Forgiving, Most Merciful.

لَا يَنْهٰىكُمُ اللّٰهُ عَنِ الَّذِيْنَ لَمْ يُقَاتِلُوْكُمْ فِي الدِّيْنِ وَلَمْ يُخْرِجُوْكُمْ مِّنْ دِيَارِكُمْ اَنْ تَبَرُّوْهُمْ وَتُقْسِطُوْٓا اِلَيْهِمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُقْسِطِيْنَ ⑧

اللہ تمھیں ان لوگوں کی بابت نہیں روکتا جو تم سے دین پر نہیں لڑے اور انھوں نے تمھیں تمھارے گھروں سے نہیں نکالا، کہ تم ان سے بھلائی کرو اور ان سے انصاف کرو، بے شک اللہ انصاف کرنے والوں کو پسند کرتا ہے⑧

8. Allāh does not forbid you to deal justly and kindly with those who fought not against you on account of religion nor drove you out of your homes. Verily, Allāh loves those who deal with equity.

اِنَّمَا يَنْهٰىكُمُ اللّٰهُ عَنِ الَّذِيْنَ قٰتَلُوْكُمْ فِي الدِّيْنِ وَاَخْرَجُوْكُمْ مِّنْ دِيَارِكُمْ وَظٰهَرُوْا عَلٰٓي اِخْرَاجِكُمْ اَنْ تَوَلَّوْهُمْ ۚ وَمَنْ يَّتَوَلَّهُمْ فَاُولٰۗىِٕكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ⑨

بے شک اللہ تو تمھیں ان لوگوں کی بابت روکتا ہے جو تم سے دین پر لڑے اور انھوں نے تمھیں تمھارے گھروں سے نکالا اور تمھارے نکالنے میں مدد کی، کہ تم ان سے دوستی کرو، اور جو کوئی ان سے دوستی کرے تو وہی لوگ ظالم ہیں⑨

9. It is only as regards those who fought against you on account of religion, and have driven you out of your homes, and helped to drive you out, that Allāh forbids you to befriend them. And whosoever will befriend them, then such are the *Ẓālimūn* (wrong doers — those who disobey Allāh).

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا جَاۗءَكُمُ الْمُؤْمِنٰتُ مُهٰجِرٰتٍ فَامْتَحِنُوْهُنَّ ۭ اَللّٰهُ اَعْلَمُ بِاِيْمَانِهِنَّ ۚ فَاِنْ عَلِمْتُمُوْهُنَّ مُؤْمِنٰتٍ فَلَا تَرْجِعُوْهُنَّ اِلَى الْكُفَّارِ ۭ لَا هُنَّ حِلٌّ لَّهُمْ وَلَا هُمْ يَحِلُّوْنَ لَهُنَّ ۭ وَاٰتُوْهُمْ مَّآ اَنْفَقُوْا ۭ وَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ اَنْ تَنْكِحُوْهُنَّ اِذَآ اٰتَيْتُمُوْهُنَّ اُجُوْرَهُنَّ ۭ وَلَا تُمْسِكُوْا بِعِصَمِ الْكَوَافِرِ وَسْــَٔـلُوْا مَآ اَنْفَقْتُمْ وَلْيَسْــَٔـلُوْا مَآ اَنْفَقُوْا ۭ ذٰلِكُمْ حُكْمُ اللّٰهِ ۭ يَحْكُمُ بَيْنَكُمْ ۭ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ⑩

اے ایمان والو! جب تمھارے پاس مومن عورتیں ہجرت کر کے آئیں تو تم ان کا امتحان لو، اللہ ان کے ایمان کو خوب جانتا ہے، پھر اگر تم انھیں مومن جانو تو انھیں کفار کی طرف نہ لوٹاؤ، نہ وہ (عورتیں) ان (کفار) کے لیے حلال ہیں اور نہ وہ (کافر) ان (عورتوں) کے لیے حلال ہیں، اور تم ان (کفار) کو دے دو جو (مہر) انھوں نے خرچ کیا، اور تم پر کوئی گناہ نہیں کہ تم ان سے نکاح کر لو جب تم انھیں ان کے مہر دے دو① اور تم کافر عورتوں کی عصمتیں قبضے میں نہ رکھو، اور مانگ لو جو (مہر) تم نے خرچ کیا اور چاہیے کہ وہ (کفار) بھی مانگ لیں جو (مہر) انھوں نے خرچ کیا، یہ اللہ کا حکم (فیصلہ) ہے وہ تمھارے درمیان فیصلہ کرتا ہے اور اللہ خوب جاننے والا، خوب حکمت والا ہے⑩

10. O you who believe! When believing women come to you as emigrants, examine them; Allāh knows best as to their Faith, then if you ascertain that they are true believers send them not back to the disbelievers. They are not lawful (wives) for the disbelievers nor are the disbelievers lawful (husbands) for them. But give them (disbelievers) that (amount of money) which they have spent (as their *Mahr*[1]) on them. And there will be no sin on you to marry them if you have paid their *Mahr* to them. Likewise hold not the disbelieving women as wives, and ask for (the return of) that which you have spent (as *Mahr*) and let them (the disbelievers) ask back for that which they have spent. That is the Judgement of Allāh, He judges between you. And Allāh is All-Knowing, All-Wise.

---

[1] (V.60:10) *Mahr*: Bridal-money given by the husband to his wife at the time of wedding.

① "مہر" سے مراد شادی کے وقت دولہا کی جانب سے دلہن کو دی جانے والی رقم یا کوئی اور چیز ہے۔ یہ عورت کا ضروری حق ہے اور اس کی ادائیگی کی سخت تاکید کی گئی ہے اور مہر آدمی کی طاقت کے مطابق ہونا چاہیے۔ اس میں محض نمود و نمائش کے جذبے سے بھاری مہر بھی ناپسندیدہ ہے اور وسعت و طاقت کے باوجود برائے نام تھوڑی سی مقدار بھی شرعاً محل نظر ہے۔

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

وَاِنْ فَاتَكُمْ شَيْءٌ مِّنْ اَزْوَاجِكُمْ اِلَى
الْكُفَّارِ فَعَاقَبْتُمْ فَاٰتُوا الَّذِيْنَ ذَهَبَتْ
اَزْوَاجُهُمْ مِّثْلَ مَآ اَنْفَقُوْاؕ وَاتَّقُوا
اللّٰهَ الَّذِيْٓ اَنْتُمْ بِهٖ مُؤْمِنُوْنَ ⑪

اور اگر تمھاری بیویوں میں کوئی تم سے کفار کی طرف چلی جائیں، پھر تم (کفار سے) بدلہ لو (اور غنیمت ہاتھ لگے) تو جن کی بیویاں چلی گئیں، انھیں اس (مہر) کے برابر دے دو جو انھوں نے خرچ کیا، اور تم اللہ سے ڈرو جس پر تم ایمان رکھتے ہو⑪

11. And if any of your wives have gone from you to the disbelievers, (as apostates and you asked them to return back your *Mahr* but they refused) — [then you went out for a *Ghazwah* (military expedition) against them and gained booty]; then pay (from that booty) to those whose wives have gone the equivalent of what they had spent (on their *Mahr*). And fear Allāh in Whom you believe.

يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ اِذَا جَآءَكَ الْمُؤْمِنٰتُ يُبَايِعْنَكَ
عَلٰٓى اَنْ لَّا يُشْرِكْنَ بِاللّٰهِ شَيْـًٔا وَّلَا
يَسْرِقْنَ وَلَا يَزْنِيْنَ وَلَا يَقْتُلْنَ
اَوْلَادَهُنَّ وَلَا يَاْتِيْنَ بِبُهْتَانٍ يَّفْتَرِيْنَهٗ بَيْنَ
اَيْدِيْهِنَّ وَاَرْجُلِهِنَّ وَلَا يَعْصِيْنَكَ فِيْ
مَعْرُوْفٍ فَبَايِعْهُنَّ وَاسْتَغْفِرْ لَهُنَّ اللّٰهَؕ
اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ⑫

اے نبی! جب آپ کے پاس مومن عورتیں آئیں (اور) وہ آپ سے (ان امور پر) بیعت کریں کہ اللہ کے ساتھ کسی کو شریک نہیں ٹھہرائیں گی، اور نہ چوری کریں گی، اور نہ زنا کریں گی، اور نہ اپنی اولاد قتل کریں گی، اور نہ بہتان لگائیں گی جو اپنے ہاتھوں اور پاؤں کے سامنے گھڑ لیں، اور نہ نیک کام میں آپ کی نافرمانی کریں گی، تو آپ ان سے بیعت لے لیں اور ان کے لیے اللہ سے مغفرت مانگیں، بے شک اللہ غفور رحیم ہے⑫

12. O Prophet! When believing women come to you to give you the *Bai'ah* (pledge), that they will not associate anything in worship with Allāh, that they will not steal, that they will not commit illegal sexual intercourse, that they will not kill their children, that they will not utter slander, intentionally forging falsehood (i.e. by making illegal children belonging to their husbands), and that they will not disobey you in *Ma'rūf* (Islāmic Monotheism and all that which Islām ordains), then accept their *Bai'ah* (pledge), and ask Allāh to forgive them. Verily, Allāh is Oft-Forgiving, Most Merciful.

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَوَلَّوْا قَوْمًا غَضِبَ
اللّٰهُ عَلَيْهِمْ قَدْ يَئِسُوْا مِنَ الْاٰخِرَةِ كَمَا يَئِسَ
ع 2 7 8 الْكُفَّارُ مِنْ اَصْحٰبِ الْقُبُوْرِ ⑬ ع

اے ایمان والو! تم اس قوم سے دوستی نہ کرو جن پر اللہ نے غضب (نازل) کیا، وہ آخرت سے مایوس ہوگئے ہیں جیسے کفار قبروں والوں (کے جی اٹھنے) سے مایوس ہوگئے⑬

13. O you who believe! Take not as friends the people who incurred the Wrath of Allāh (i.e. the Jews). Surely, they have despaired of (receiving any good in) the Hereafter, just as the disbelievers have despaired of those (buried) in graves (that they will not be resurrected on the Day of Resurrection).

اٰيَاتُهَا 14 (61) سُوْرَةُ الصَّفِّ مَدَنِيَّةٌ (109) رُكُوْعَاتُهَا 2	سورۂ صف	*Sūrat As-Saff* (The Row or the Rank) 61

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے (شروع) جو نہایت مہربان، بہت رحم کرنے والا ہے۔

In the Name of Allāh, the Most Gracious, the Most Merciful.

سَبَّحَ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِۚ

اللہ کی تسبیح کرتی ہے جو چیز آسمانوں میں اور جو زمین

1. Whatsoever is in the heavens

”محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ“

www.KitaboSunnat.com

and whatsoever is on the earth glorifies Allāh. And He is the All-Mighty, the All-Wise.

میں ہے، اور وہ بڑا زبردست، خوب حکمت والا ہے①

وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ①

2. O you who believe! Why do you say that which you do not do?

اے ایمان والو! تم وہ بات کیوں کہتے ہو جو تم کرتے نہیں؟②

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لِمَ تَقُوْلُوْنَ مَا لَا تَفْعَلُوْنَ ②

3. Most hateful it is with Allāh that you say that which you do not do.

اللہ کے ہاں بڑی ناراضی ہے کہ تم وہ بات کہو جو تم کرتے نہیں③

كَبُرَ مَقْتًا عِنْدَ اللّٰهِ اَنْ تَقُوْلُوْا مَا لَا تَفْعَلُوْنَ ③

4. Verily, Allāh loves those who fight in His Cause in rows (ranks) as if they were a solid structure.[1]

بے شک اللہ ان لوگوں کو پسند کرتا ہے جو اس کی راہ میں صفیں باندھے لڑتے ہیں،① گویا وہ سیسہ پلائی ہوئی عمارت ہیں④

اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الَّذِيْنَ يُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِهٖ صَفًّا كَاَنَّهُمْ بُنْيَانٌ مَّرْصُوْصٌ ④

5. And (remember) when Mūsā (Moses) said to his people: "O my people! Why do you annoy me while you know certainly that I am the Messenger of Allāh to you?" So, when they turned away (from the path of Allāh), Allāh turned their hearts away (from the Right Path). And Allāh guides not the people who are *Fāsiqūn* (rebellious, disobedient to Allāh).

اور جب موسیٰ نے اپنی قوم سے کہا: اے میری قوم! تم مجھے ایذا کیوں دیتے ہو؟ حالانکہ تم جانتے ہو کہ بلاشبہ میں تمھاری طرف اللہ کا رسول ہوں، پھر جب وہ ٹیڑھے ہوگئے تو اللہ نے ان کے دل ٹیڑھے کر دیے، اور اللہ نافرمان لوگوں کو ہدایت نہیں دیتا⑤

وَاِذْ قَالَ مُوْسٰى لِقَوْمِهٖ يٰقَوْمِ لِمَ تُؤْذُوْنَنِيْ وَقَدْ تَّعْلَمُوْنَ اَنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ اِلَيْكُمْ ؕ فَلَمَّا زَاغُوْۤا اَزَاغَ اللّٰهُ قُلُوْبَهُمْ ؕ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْفٰسِقِيْنَ ⑤

6. And (remember) when 'Īsā (Jesus), son of Maryam (Mary), said: "O Children of Israel! I am the Messenger of Allāh to you, confirming the Taurāt [(Torah) which came] before me, and giving glad tidings of a Messenger to come after me, whose name

اور جب عیسیٰ ابن مریم نے کہا: اے بنی اسرائیل! بے شک میں تمھاری طرف اللہ کا رسول ہوں، تصدیق کرنے والا ہوں اس (کتاب) تورات کی جو مجھ سے پہلے ہے اور ایک رسول کی بشارت دینے والا ہوں، وہ میرے بعد آئے گا، اس کا نام احمد ہوگا۔② پھر جب وہ (رسول) ان کے پاس کھلی نشانیوں

وَاِذْ قَالَ عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ يٰبَنِيْۤ اِسْرَآءِيْلَ اِنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ اِلَيْكُمْ مُّصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيَّ مِنَ التَّوْرٰىةِ وَمُبَشِّرًۢا بِرَسُوْلٍ يَّاْتِيْ مِنْۢ بَعْدِي اسْمُهٗۤ اَحْمَدُ ؕ فَلَمَّا جَآءَهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ قَالُوْا هٰذَا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ⑥

---

[1] (V.61:4)

a) Narrated Abū Sa'īd Al-Khudrī رضي الله عنه: Somebody asked, "O Allāh's Messenger! Who is the best among the people?" Allāh's Messenger ﷺ replied, "A believer who strives his utmost in Allāh's Cause with his life and property." They asked, "Who is next?" He replied, "A believer who stays in one of the mountain paths worshipping Allāh and leaving the people secure from his mischief." [*Sahih Al-Bukhari*, 4/2786 (O.P.45)]

b) See the footnote a) of (V.9:111).

① اس میں مجاہدین کی فضیلت کا بیان ہے۔ حدیث میں بھی اللہ کی راہ میں جہاد کرنے والے کی فضیلت بیان ہوئی ہے۔ کسی نے پوچھا: "اے اللہ کے رسول! لوگوں میں سب سے افضل کون ہے؟ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "وہ مومن جو اللہ کی راہ میں جان و مال سے جہاد کرے۔" لوگوں نے عرض کیا: پھر کون؟ آپ ﷺ نے فرمایا: "وہ مسلمان جو کسی پہاڑی کی گھاٹی (غیر آباد مقام) میں رہے، اللہ سے ڈرتا ہو اور لوگوں سے الگ تھلگ ہو کر انھیں اپنے شر سے محفوظ رکھے۔" (صحیح البخاری، الجهاد و السير، باب: 2 حديث: 2786) مزید دیکھیے حاشیہ: (سورۂ توبہ: 9/111)

② یہ حضرت محمد ﷺ کا دوسرا نام ہے۔ جس کا لغوی مطلب ہے: "ایسا شخص جو دوسروں کی نسبت زیادہ سے زیادہ اللہ کی حمد بیان کرتا ہو۔" نیز رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "میرے پانچ نام ہیں: ① میں محمد اور ② احمد ہوں اور ③ ماحی ہوں جس کے ذریعے سے اللہ کفر کو مٹا دے گا، میں ④ حاشر ہوں، یعنی قیامت میں سب سے پہلے اٹھایا جاؤں گا اور لوگ میرے بعد اکٹھے کیے جائیں گے اور ⑤ عاقب ہوں، (میرے بعد کوئی نبی نہ آئے گا۔") (صحیح البخاری، المناقب، باب: 17 حديث: 3532)

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

کے ساتھ آیا تو وہ بولے: یہ تو کھلا جادو ہے⑥

shall be Ahmad."[1] But when he (Ahmad, i.e. Muhammad ﷺ) came to them with clear proofs, they said: "This is plain magic.[2]"

وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ وَهُوَ يُدْعٰۤى اِلَى الْاِسْلَامِ ۭ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِى الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ⑦

اور اس شخص سے زیادہ ظالم کون ہے جو اللہ پر جھوٹ گھڑے، حالانکہ اسے اسلام کی طرف بلایا جاتا ہے؟ اور اللہ ظالم لوگوں کو ہدایت نہیں دیتا⑦

7. And who does more wrong than the one who invents a lie against Allāh, while he is being invited to Islām? And Allāh guides not the people who are *Zālimūn* (polytheists, wrong doers and disbelievers).

يُرِيْدُوْنَ لِيُطْفِـُٔوْا نُوْرَ اللّٰهِ بِاَفْوَاهِهِمْ ۭ وَاللّٰهُ مُتِمُّ نُوْرِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْكٰفِرُوْنَ ⑧

وہ چاہتے ہیں کہ اللہ کا نور (دین اسلام) اپنے مونہوں سے بجھا دیں، جبکہ اللہ اپنا نور پورا کرنے والا ہے اگرچہ کافر ناپسند ہی کریں⑧

8. They intend to put out the Light of Allāh (i.e. the religion of Islām, this Qur'ān, and Prophet Muhammad ﷺ) with their mouths. But Allāh will bring His Light to perfection even though the disbelievers hate (it).

هُوَ الَّذِيْۤ اَرْسَلَ رَسُوْلَهٗ بِالْهُدٰى وَدِيْنِ الْحَقِّ لِيُظْهِرَهٗ عَلَى الدِّيْنِ كُلِّهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُشْرِكُوْنَ ⑨

وہی ہے جس نے اپنا رسول ہدایت اور دینِ حق کے ساتھ بھیجا، تاکہ وہ اسے تمام دینوں پر غالب کرے اگرچہ مشرک ناپسند ہی کریں⑨

9. He it is Who has sent His Messenger (Muhammad ﷺ) with guidance and the religion of truth (Islāmic Monotheism) to make it victorious over all (other) religions even though the *Mushrikūn* (polytheists, pagans, idolaters, and disbelievers in the Oneness of Allāh and in His Messenger Muhammad ﷺ) hate (it).

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا هَلْ اَدُلُّكُمْ عَلٰى تِجَارَةٍ تُنْجِيْكُمْ مِّنْ عَذَابٍ اَلِيْمٍ ⑩

اے ایمان والو! کیا میں تمھیں ایسی تجارت بتاؤں جو تمھیں دردناک عذاب سے نجات دے؟⑩

10. O you who believe! Shall I guide you to a trade that will save you from a painful torment?

---

[1] (V.61:6) i.e. the second name of Prophet Muhammad ﷺ and it (Ahmad) literally means: "One who praises Allāh more than others."

[2] (V.61:6)

